سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم

صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(٢٠٤هـ-٢٦١هـ)

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد چہاردہم 14

نور فاؤنڈیشن

نام کتاب	:	صحیح مسلم جلد چہاردہم (اردو ترجمہ کے ساتھ)۔
ایڈیشن اول	:	قادیان، انڈیا جنوری 2015ء
تعداد	:	1000
ناشر	:	نظارت نشرواشاعت صدرانجمن احمدیہ قادیان، ضلع گورداسپور، پنجاب-143516-انڈیا
مطبع	:	فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان

ISBN: 978-81-7912-195-X

SAHIH MUSLIM VOL 14

WITH URDU TRANSLATION

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

سید ولد آدم فخر المرسلین خاتم النبیّین رسول مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے لئے بطور رہنما مبعوث کیا اور فرمایا:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ
وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيرًا (الاحزاب ۲۲)

یعنی یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے۔

نیز فرمایا:

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (الحشر: ۸)

رسول جو تمہیں عطا کرے تو اسے لے لو اور جس سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو جمع کر کے محدثین نے امت مسلمہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ بانئ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''قرآن شریف کی اور احادیث کی جو پیغمبر خدا سے ثابت ہیں اتباع کریں۔ ضعیف سے ضعیف حدیث بھی بشرطیکہ وہ قرآن شریف کے مخالف نہ ہو ہم واجب العمل سمجھتے ہیں اور بخاری اور مسلم کو بعد کتاب اللہ اصحّ الکتب مانتے ہیں۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۱۰۷، ۱۰۸)

نیز آپؑ نے احادیث کو پرکھنے کا یہ بہترین اصول پیش فرمایا ہے کہ:

''اگر ایک حدیث ضعیف درجہ کی بھی ہو بشرطیکہ وہ قرآن اور سنت اور ایسی احادیث کے مخالف نہیں جو قرآن کے موافق ہیں تو اس حدیث پر عمل کرو۔''

(روحانی خزائن جلد ۱۹، کشتی نوح، صفحہ نمبر ۶۴)

جو کتب صحاح ستّہ میں شامل ہیں ان میں سے ایک صحیح مسلم ہے جسے حضرت امام مسلم نے جن کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری ہے جمع کیا۔ ان احادیث کے مختلف زبانوں میں تراجم بھی ہوئے۔ ہر مترجم نے اپنے اپنے علم اور فہم کے مطابق ترجمہ کرنے کی کوشش کی۔ اکثر ترجمے پرانی طرز کے ہیں جن کا سمجھنا عربی کا علم نہ رکھنے والوں اور مبتدیوں کے لئے آسان نہیں ہے۔

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ کی طرف سے احادیث کے تراجم کرنے کی غرض سے ''نور فاؤنڈیشن'' کا قیام فرمایا۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں نور فاؤنڈیشن نے صحیح مسلم کا ترجمہ کر کے شائع کیا۔ اس ترجمہ میں حسب ضرورت حاشیہ میں ضروری نوٹ بھی دیئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں کام کرنے والوں کی خدمت کو قبول فرما کر ان کو اس دنیا اور اگلے جہاں میں احسن جزا عطا فرمائے۔ آمین

نظارت نشر و اشاعت قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد اور اجازت سے صحیح مسلم کے ان تراجم کو ہندوستان میں پہلی بار شائع کر رہی ہے۔ الحمدللہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور آپؐ کے عملی نمونہ کے مطابق اپنی زندگیاں گذارنے اور سنوارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

حافظ مخدوم شریف

ناظر نشر و اشاعت قادیان

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیر ی تھا۔ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عساکرالدین لقب تھا۔آپ قبیلہ بنوقشیر سے تعلق رکھتے تھے جوعرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔لیکن بعض علماء اور مؤرخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔آپ نے 24رجب 261ھ کو55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔جسے امام مسلم نے 3لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دارالکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔اس میں 7563 روایات ہیں۔مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''مثلہ'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23،24 دارابن حزم مطبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصًا مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جا رہا ہے۔

اس وقت **صحیح مسلم** کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔ جس کی چودھویں جلد **کتاب القدر، کتاب العلم، کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار، کتاب التوبۃ، کتاب صفات المنافقین واحکامھم** اور **کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار** پر مشتمل ہے۔

صحیح مسلم جلد چہاردہم میں ابواب کی ترقیم **دارالکتاب العربی بیروت الطبعۃ الاولیٰ** کے مطابق ہے۔ باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔ بریکٹ والا نمبر "**المعجم المفھرس**" کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر "**تحفۃ الاشراف للمزی**" کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر "**المعجم المفھرس للاحادیث**" کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ششم حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ہفتم حدیث نمبر 2471 سے 2765 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ہشتم حدیث نمبر 2766 سے 3142 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد نہم حدیث نمبر 3143 سے 3374 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دہم حدیث نمبر 3375 سے 3645 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد یازدہم حدیث نمبر 3646 سے 3959 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوازدہم حدیث نمبر 3960 سے 4374 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سیزدہم حدیث نمبر 4375 سے 4766 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہاردہم حدیث نمبر 4767 سے 5034 تک کی احادیث پر مشتمل ہے اور جلد پانزدہم انشاء اللہ حدیث نمبر 5035 سے شروع ہوگی۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ **صحیح مسلم مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت** کے مطابق ہے۔

جلد چہاردہم میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ان احادیث کی اطراف اور تخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس نمبر،عنوان اور کتاب کے تحت آرہی ہے۔مثلاً

مسلم جلد چہاردہم کتاب القدر کی روایت نمبر 4767 کے مضمون کی ایک اور روایت مسلم کی ہی کتاب کے کتاب القدر میں روایت نمبر 4768 باب کیفیة القدر خلق الآدمی فی بطنِ امه ... میں بھی موجود ہے جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔اسی طرح مسلم کتاب القدر کی حدیث نمبر 4767 بخاری میں کتاب الحیض روایت نمبر 318 باب مخلقة وغیر مخلقة میں بھی موجود ہے،جس کا ذکر تخریج میں کر دیا گیا ہے۔

مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے اور مسلم کی احادیث کی تخریج کے لئے بخاری کی احادیث کے نمبر فتح الباری کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ابو داؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر ابو غدة کی ترقیم کے مطابق ہیں اور سنن ابن ماجه کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین

کتاب القدر

کتاب العلم

كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار

كتاب الرقاق

كتاب التوبة

كتاب التوبة

كتاب صفات المنافقين واحكامهم

كتاب صفة القيامة والجنة والنار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ الْقَدْرِ

تقدیر کے بارہ میں کتاب

[1]1:بَاب كَيْفِيَّةِ خَلْقِ الْآدَمِيِّ فِي بَطْنِ أُمِّهِ وَكِتَابَةِ رِزْقِهِ وَأَجَلِهِ وَعَمَلِهِ وَشَقَاوَتِهِ وَسَعَادَتِهِ

انسان کی اپنی ماں کے پیٹ میں پیدائش کی کیفیت، اس کے رزق، اس کی موت، اس کے عمل، اس کی شقاوت وسعادت کے لکھے جانے کا بیان

4767{1}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي وَأَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ قَالُوا حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ إِنَّ أَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ

4767: حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بتایا ـــــ اور آپؐ صادق ومصدوق تھے ـــــ کہ تم میں سے ہر ایک کے تخلیقی مواد کو اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس روز تک اکٹھا کیا جاتا ہے۔ پھر اس طرح اتنے ہی عرصہ میں وہ علقہ بن جاتا ہے۔ پھر اس طرح اتنے ہی عرصہ میں وہ مضغہ کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ پھر فرشتہ کو بھیجا جاتا ہے۔ وہ اس میں روح پھونکتا ہے اور اسے چار باتوں کا حکم

4767 : اطراف : مسلم کتاب القدر باب کفیة القدر خلق الآدمی فی بطن امه...4768، 4769، 4770، 4771، 4772

تخریج : بخاری کتاب الحیض باب مخلقة وغیر مخلقة 318 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3208 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات اللہ علیه وذریته 3332، 3333 کتاب القدر باب فی القدر 6594، 6595 کتاب التوحید باب قوله تعالیٰ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا ... 7454 **ترمذی** کتاب القدر باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم 2137 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4708 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی القدر 76

أَرْبَعِينَ يَوْمًا ثُمَّ يَكُونُ فِي ذَلِكَ عَلَقَةً مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ يَكُونُ فِي ذَلِكَ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ يُرْسَلُ الْمَلَكُ فَيَنْفُخُ فِيهِ الرُّوحَ وَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ بِكَتْبِ رِزْقِهِ وَأَجَلِهِ وَعَمَلِهِ وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ فَوَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ كِلَاهُمَا عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ح و حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَاه عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ فِي حَدِيثِ وَكِيعٍ إِنَّ خَلْقَ أَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً و قَالَ فِي حَدِيثِ مُعَاذٍ عَنْ شُعْبَةَ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً أَرْبَعِينَ يَوْمًا وَأَمَّا فِي حَدِيثِ جَرِيرٍ وَعِيسَى أَرْبَعِينَ يَوْمًا[6724,6723]

دیا جاتا ہے۔اس کے رزق،اس کی موت،اس کے عمل،اس کے بد بخت یا نیک بخت ہونے کی تحریر کے بارے میں۔ اس کی قسم! جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،یقیناً تم میں سے کوئی جنتیوں والے کام کرتا رہتا ہے یہاںتک کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک ہاتھ رہ جاتا ہے۔ پھر اس پر تقدیر غالب آجاتی ہے۔ پھر وہ دوزخیوں والے اعمال کرنے لگ جاتا ہے اور پھر اس میں داخل ہوجاتا ہے اور یقیناً تم میں سے کوئی دوزخیوں والے کام کرتا ہے یہاںتک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان ایک ہاتھ رہ جاتا ہے۔ پھر اس پر تقدیر غالب آجاتی ہے تو وہ جنتیوں والے کام کرنے لگتا ہے اور اس (جنت) میں داخل ہوجاتا ہے۔

ایک روایت میں (اِنَّ اَحَدَکُمْ یُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ اُمِّهِ اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا کی بجائے) اِنَّ خَلْقَ اَحَدِکُمْ یُجْمَعُ فِيْ بَطْنِ اُمِّهِ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں (اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا کی بجائے) اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا کے الفاظ ہیں۔

4768{2} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَدْخُلُ الْمَلَكُ عَلَى النُّطْفَةِ بَعْدَ مَا تَسْتَقِرُّ فِي الرَّحِمِ بِأَرْبَعِينَ أَوْ خَمْسَةٍ وَأَرْبَعِينَ لَيْلَةً فَيَقُولُ يَا رَبِّ أَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ فَيُكْتَبَانِ فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ أَذَكَرٌ أَوْ أُنْثَى فَيُكْتَبَانِ وَيُكْتَبُ عَمَلُهُ وَأَثَرُهُ وَأَجَلُهُ وَرِزْقُهُ ثُمَّ تُطْوَى الصُّحُفُ فَلَا يُزَادُ فِيهَا وَلَا يُنْقَصُ [6725]

4768: حضرت حذیفہؓ بن اَسید اس (حدیث) کو نبی ﷺ تک پہنچاتے ہیں کہ فرمایا: نطفہ چالیس یا پینتالیس رات تک رحم میں قرار پکڑ جانے کے بعد فرشتہ اس (نطفہ) پر داخل ہوتا ہے اور کہتا ہے یا ربِّ! بدبخت ہے یا نیک بخت؟ پس دونوں کے بارہ میں لکھا جاتا ہے۔ پھر وہ کہتا ہے اے میرے ربّ! مذکر یا مؤنث؟ پھر دونوں کے بارے میں لکھا جاتا ہے۔ پھر اس کا عمل، اس کے اثرات، اس کی اجل، اس کا رزق لکھا جاتا ہے۔ پھر صحیفے لپیٹ دیئے جاتے ہیں۔ پھر نہ اس میں کوئی زیادتی کی جاتی ہے اور نہ کچھ کمی کی جاتی ہے۔

4769{3} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ أَنَّ عَامِرَ بْنَ وَاثِلَةَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ

4769: حضرت عامرؓ بن واثلہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ بے نصیب وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بے نصیب ہوا اور نیک بخت وہ ہے جس نے دوسرے سے نصیحت پکڑی ۔ پھر وہ (عامرؓ)

4768 : اطراف : **مسلم** کتاب القدر باب کیفیة القدر خلق الآدمی فی بطن امه...4767 ، 4769 ، 4770 ، 4771 ، 4772 **تخریج : بخاری** کتاب الحیض باب مخلقة وغیر مخلقة 318 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3208 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات الله علیه وذریته 3332، 3333 کتاب القدر باب فی القدر 6594، 6595 کتاب التوحید باب قوله تعالیٰ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا ...7454 **ترمذی** کتاب القدر باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم 2137 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4708 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی القدر 76

4769 : اطراف : **مسلم** کتاب القدر باب کیفیة القدر خلق الآدمی فی بطن امه...4767 ، 4768 ، 4770 ، 4771 ، 4772 **تخریج : بخاری** کتاب الحیض باب مخلقة وغیر مخلقة 318 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3208 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات الله علیه وذریته 3332، 3333 کتاب القدر باب فی القدر 6594، 6595 کتاب التوحید باب قوله تعالیٰ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا ...7454 **ترمذی** کتاب القدر باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم 2137 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4708 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی القدر 76

أُمِّهِ وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ فَأَتَى رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ حُذَيْفَةُ بْنُ أَسِيدٍ الْغِفَارِيُّ فَحَدَّثَهُ بِذَلِكَ مِنْ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ وَكَيْفَ يَشْقَى رَجُلٌ بِغَيْرِ عَمَلٍ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ أَتَعْجَبُ مِنْ ذَلِكَ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا مَرَّ بِالنُّطْفَةِ ثِنْتَانِ وَأَرْبَعُونَ لَيْلَةً بَعَثَ اللَّهُ إِلَيْهَا مَلَكًا فَصَوَّرَهَا وَخَلَقَ سَمْعَهَا وَبَصَرَهَا وَجِلْدَهَا وَلَحْمَهَا وَعِظَامَهَا ثُمَّ قَالَ يَا رَبِّ أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ ثُمَّ يَقُولُ يَا رَبِّ أَجَلُهُ فَيَقُولُ رَبُّكَ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ ثُمَّ يَقُولُ يَا رَبِّ رِزْقُهُ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ ثُمَّ يَخْرُجُ الْمَلَكُ بِالصَّحِيفَةِ فِي يَدِهِ فَلَا يَزِيدُ عَلَى مَا أُمِرَ وَلَا يَنْقُصُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّ أَبَا الطُّفَيْلِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ

[6727,6726]

رسول اللہ ﷺ کے ایک (اور) صحابیؓ جنہیں حضرت حذیفہؓ بن اسید غفاری کہا جاتا تھا، کے پاس آئے اور انہیں حضرت ابنِ مسعودؓ کی یہ بات بتائی اور کہا کہ ایک آدمی بغیر کسی عمل کے بد بخت کیسے ہوسکتا ہے؟ اس پر انہوں (حضرت حذیفہؓ) نے کہا کیا تم اس بات پر تعجب کرتے ہو؟ مَیں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب نطفہ پر بیالیس راتیں گذر جائیں تو اللہ اس (نطفہ) کی طرف فرشتہ بھیجتا ہے جو اسے صورت دیتا ہے، اسے سماعت دیتا ہے، اسے بصارت دیتا ہے، اس کی جلد، اس کا گوشت اور اس کی ہڈیاں پیدا کرتا ہے۔ پھر وہ (فرشتہ) کہتا ہے اے میرے رب! کیا مذکر ہے یا مؤنث؟ پھر جو تیرا رب چاہتا ہے فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے۔ پھر وہ (فرشتہ) کہتا ہے اے میرے رب! اس کی موت؟ پھر تیرا رب جو چاہتا ہے کہتا ہے۔ اور وہ فرشتہ لکھتا ہے۔ پھر وہ (فرشتہ) کہتا ہے اے میرے رب! اس کا رزق؟ پھر تیرا رب جو چاہتا ہے فیصلہ فرماتا ہے اور وہ فرشتہ لکھتا ہے۔ پھر فرشتہ صحیفہ اپنے ہاتھ میں لئے نکلتا ہے۔ پھر اس پر جو حکم ہوتا ہے، نہ تو کچھ زیادتی کرتا ہے، نہ کچھ کمی کرتا ہے۔

4770{4}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَلَفٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ أَبُو خَيْثَمَةَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَطَاءٍ أَنَّ عِكْرِمَةَ بْنَ خَالِدٍ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا الطُّفَيْلِ حَدَّثَهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى أَبِي سَرِيحَةَ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأُذُنَيَّ هَاتَيْنِ يَقُولُ إِنَّ النُّطْفَةَ تَقَعُ فِي الرَّحِمِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ يَتَصَوَّرُ عَلَيْهَا الْمَلَكُ قَالَ زُهَيْرٌ حَسِبْتُهُ قَالَ الَّذِي يَخْلُقُهَا فَيَقُولُ يَا رَبِّ أَذَكَرٌ أَوْ أُنْثَى فَيَجْعَلُهُ اللَّهُ ذَكَرًا أَوْ أُنْثَى ثُمَّ يَقُولُ يَا رَبِّ أَسَوِيٌّ أَوْ غَيْرُ سَوِيٍّ فَيَجْعَلُهُ اللَّهُ سَوِيًّا أَوْ غَيْرَ سَوِيٍّ ثُمَّ يَقُولُ يَا رَبِّ مَا رِزْقُهُ مَا أَجَلُهُ مَا خُلُقُهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ اللَّهُ شَقِيًّا أَوْ سَعِيدًا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومٍ حَدَّثَنِي أَبِي كُلْثُومٌ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ صَاحِبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ الْحَدِيثَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ مَلَكًا مُوَكَّلًا

4770: حضرت ابوطفیلؓ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوسریحہ حذیفہ بن اسیدؓ غفاری کے پاس گیا۔ انہوں نے کہا کہ مَیں نے اپنے ان دونوں کانوں سے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا کہ نطفہ رحم میں چالیس رات رہتا ہے۔ پھر فرشتہ اسے صورت دیتا ہے — راوی زہیر کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ انہوں نے فرشتہ صورت دیتا ہے کی بجائے کہا وہ جو پیدا کرتا ہے — اور وہ کہتا ہے اے میرے رب! کیا یہ مذکر ہے یا مؤنث؟ پھر اللہ اسے مذکر یا مؤنث بنا دیتا ہے۔ پھر وہ کہتا ہے اے میرے رب! ٹھیک یا ناقص؟ پس وہ اسے ٹھیک یا ناقص بنا دیتا ہے۔ پھر وہ (فرشتہ) کہتا ہے اے میرے رب! اس کا رزق کیا ہے؟ اس کی عمر کتنی ہے؟ اس کا خُلق کیسا ہے؟ پھر اللہ اسے بد بخت یا نیک بخت بنا دیتا ہے۔

ایک اور روایت رسول اللہ ﷺ کے صحابی حضرت حذیفہؓ بن اَسید غفاری سے مروی ہے اور وہ رسول اللہ ﷺ تک اس حدیث کو مرفوع بیان کرتے ہیں کہ ایک فرشتہ جو رِحم پر مؤکل ہوتا ہے جب رِحم میں اللہ تعالیٰ کچھ پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے، اللہ کے

4770 : اطراف : مسلم کتاب القدر باب کیفیة القدر خلق الآدمی فی بطن امه...4767 ، 4768 ، 4769 ، 4771 ، 4772
تخریج : بخاری کتاب الحیض باب مخلقة وغیر مخلقة 318 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3208 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات الله علیه وذریته 3332، 3333 کتاب القدر باب فی القدر 6594، 6595 کتاب التوحید باب قوله تعالیٰ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا ... 7454 **ترمذی** کتاب القدر باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم 2137 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4708 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی القدر 76

بِالرَّحِمِ إِذَا أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَخْلُقَ شَيْئًا بِإِذْنِ اللَّهِ لِبِضْعٍ وَأَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ[6729,6728]

اذن سے، چالیس اور کچھ راتوں کے لئے۔۔۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

4771{5} حَدَّثَنِي أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَرَفَعَ الْحَدِيثَ أَنَّهُ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ وَكَّلَ بِالرَّحِمِ مَلَكًا فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ نُطْفَةٌ أَيْ رَبِّ عَلَقَةٌ أَيْ رَبِّ مُضْغَةٌ فَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَقْضِيَ خَلْقًا قَالَ قَالَ الْمَلَكُ أَيْ رَبِّ ذَكَرٌ أَوْ أُنْثَى شَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ فَمَا الرِّزْقُ فَمَا الْأَجَلُ فَيُكْتَبُ كَذَلِكَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ [6730]

4771: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے اور وہ اسے مرفوع کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ یقیناً اللہ عزّ وجل نے رحم پر ایک فرشتہ مقرر کیا ہوا ہے۔ وہ (فرشتہ) کہتا ہے اے میرے رب! نطفہ، اے میرے رب! علقہ (لوتھڑا)، اے میرے رب! مضغہ (گوشت کا ٹکڑا)۔ پھر جب اللہ پیدائش کی تکمیل کا ارادہ فرماتا ہے۔ (حضور ﷺ نے) فرمایا: فرشتہ کہتا ہے اے میرے رب! مذکر یا مؤنث؟ بدبخت یا نیک بخت؟ اس کا رزق کیا ہے؟ اس کی زندگی کتنی ہے؟ چنانچہ اسی طرح اس کی ماں کے پیٹ میں لکھا جاتا ہے۔

4772{6} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

4772: حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم بقیع الغرقد میں ایک جنازہ کے لئے تھے کہ رسول اللہ ﷺ

4771 : اطراف : مسلم کتاب القدر باب کیفیۃ القدر خلق الآدمی فی بطن امہ...4767 ، 4768 ، 4769 ، 4770 ، 4772

تخریج : بخاری کتاب الحیض باب مخلقۃ وغیر مخلقۃ 318 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکۃ صلوات علیہم 3208 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات اللہ علیہ وذریتہ 3332 ،3333 کتاب القدر باب فی القدر 6594 ،6595 کتاب التوحید باب قولہ تعالیٰ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا ... 7454 **ترمذی** کتاب القدر باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم 2137 **ابو داؤد** کتاب السنۃ باب فی القدر 4708 **ابن ماجہ** فی المقدمۃ باب فی القدر 76

4772 : اطراف : مسلم کتاب القدر باب کیفیۃ القدر خلق الآدمی فی بطن امہ...4767 ، 4768 ، 4769 ، 4770 ، 4771، 4773

تخریج : بخاری کتاب الحیض باب مخلقۃ وغیر مخلقۃ 318 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکۃ صلوات علیہم 3208 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات اللہ علیہ وذریتہ 3332 ، 3333 کتاب القدر باب فی القدر 6594 ،6595 کتاب التوحید باب قولہ تعالیٰ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا ... 7454 **ترمذی** کتاب القدر باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم 2137 **ابو داؤد** کتاب السنۃ باب فی القدر 4708 **ابن ماجہ** فی المقدمۃ باب فی القدر 76

وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ فَأَتَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ وَمَعَهُ مِخْصَرَةٌ فَنَكَّسَ فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِمِخْصَرَتِهِ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ إِلَّا وَقَدْ كَتَبَ اللَّهُ مَكَانَهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَإِلَّا وَقَدْ كُتِبَتْ شَقِيَّةً أَوْ سَعِيدَةً قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفَلَا نَمْكُثُ عَلَى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ فَقَالَ مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيَصِيرُ إِلَى عَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ فَسَيَصِيرُ إِلَى عَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ فَقَالَ اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ أَمَّا أَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ وَأَمَّا أَهْلُ الشَّقَاوَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ مَنْصُورٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ فِي مَعْنَاهُ وَقَالَ فَأَخَذَ عُودًا وَلَمْ يَقُلْ مِخْصَرَةً وَقَالَ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ فِي حَدِيثِهِ

ہمارے پاس تشریف لائے اور بیٹھ گئے اور ہم آپؐ کے گرد بیٹھ گئے۔ آپؐ کے پاس ایک چھڑی تھی۔ پھر آپؐ نے سر جھکایا اور اپنی چھڑی سے زمین کریدنے لگے پھر فرمایا: تم میں سے کوئی جان بھی نہیں مگر اللہ نے جنت اور دوزخ میں اس کی جگہ لکھ چھوڑی ہے بلکہ یہ بھی لکھ دیا گیا ہے کہ وہ بد بخت ہے یا نیک بخت۔ راوی کہتے ہیں اس پر ایک شخص نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا ہم اپنے لکھے ہوئے (اپنی تقدیر) پر ہی نہ بیٹھ رہیں اور عمل چھوڑ دیں؟ اس پر حضورؐ نے فرمایا: جو سعادت مندوں میں سے ہوگا وہ سعادت مندوں والے کام کرے گا اور جو بد بختوں میں سے ہوگا وہ بد بختوں والے کام کرے گا۔ آپؐ نے فرمایا: عمل کرو، ہر ایک کے لئے میسر کیا گیا ہے۔ جہانتک سعادت مندوں کا تعلق ہے ان کے لئے سعادت مندوں والے کام آسان کئے گئے ہیں پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى پس وہ جس نے (راہِ حق میں) دیا اور تقویٰ اختیار کیا اور بہترین نیکی کی تصدیق کی تو ہم اسے ضرور کشادگی عطا کریں گے اور جہاں تک اس کا تعلق ہے جس نے بخل کیا اور بے پروائی کی اور بہترین نیکی کی تکذیب کی تو ہم اسے ضرور تنگی میں ڈال دیں گے ☆۔

☆ اللیل 6 تا 11

عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [6732,6731]

4773{7}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ قَالُوا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ جَالِسًا وَفِي يَدِهِ عُودٌ يَنْكُتُ بِهِ فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ نَفْسٍ إِلَّا وَقَدْ عُلِمَ مَنْزِلُهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَلِمَ نَعْمَلُ أَفَلَا نَتَّكِلُ قَالَ لَا اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى إِلَى قَوْلِهِ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ وَالْأَعْمَشِ أَنَّهُمَا سَمِعَا سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ يُحَدِّثُهُ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ایک اور روایت میں (مِخْصَرَة کی بجائے) عُوْداً کا لفظ ہے۔

4773: حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے اور آپؐ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی جس سے آپؐ لکیریں کھینچ رہے تھے۔ پھر آپؐ نے اپنا سر اُٹھایا اور فرمایا کہ تم میں سے کوئی جان نہیں مگر جنت اور دوزخ میں اس کی جگہ مقرر کر دی گئی ہے۔ انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! تو ہم عمل کیوں کریں کیا ہم اسی پر بھروسہ نہ کریں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، عمل کرو! کیونکہ ہر ایک کے لئے وہ میسر کیا گیا ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى إِلَى قَوْلِهِ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى پس وہ جس نے (راہِ حق میں) دیا اور تقویٰ اختیار کیا اور بہترین نیکی کی تصدیق کی تو ہم اسے ضرور کشادگی عطا کریں گے اور جہاں تک اس کا تعلق ہے جس نے بخل کیا اور بے پروائی کی اور بہترین نیکی کی تکذیب کی تو ہم اسے ضرور تنگی میں ڈال دیں گے۔☆

4773: **اطراف**: **مسلم** کتاب القدر باب کیفیة القدر خلق الآدمی فی بطن امه 4767، 4768، 4769، 4770، 4771، 4772
تخریج: **بخاری** کتاب الحیض باب مخلقة وغیر مخلقة 318 کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة صلوات علیهم 3208 کتاب احادیث الانبیاء باب خلق آدم صلوات الله علیه وذریته 3332، 3333 کتاب القدر باب فی القدر 6594، 6595 کتاب التوحید باب قوله تعالیٰ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا ... 7454 **ترمذی** کتاب القدر باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم 2137 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4708 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی القدر 76
☆ **اللیل 6 تا 11**

بِنَحْوِهِ[6734,6733]

4774{8}حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ بَيِّنْ لَنَا دِينَنَا كَأَنَّا خُلِقْنَا الْآنَ فِيمَا الْعَمَلُ الْيَوْمَ أَفِيمَا جَفَّتْ بِهِ الْأَقْلَامُ وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ أَمْ فِيمَا نَسْتَقْبِلُ قَالَ لَا بَلْ فِيمَا جَفَّتْ بِهِ الْأَقْلَامُ وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ قَالَ فَفِيمَ الْعَمَلُ قَالَ زُهَيْرٌ ثُمَّ تَكَلَّمَ أَبُو الزُّبَيْرِ بِشَيْءٍ لَمْ أَفْهَمْهُ فَسَأَلْتُ مَا قَالَ فَقَالَ اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْمَعْنَى وَفِيهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ عَامِلٍ مُيَسَّرٌ لِعَمَلِهِ[6736,6735]

4774: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سراقہؓ بن مالک بن جُعشم آئے اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! ہمارے لئے ہمارے دین کو خوب کھول دیجئے گویا کہ ہمیں آج پیدا کیا گیا ہے۔آج کا عمل کیا ہے ہم جو عمل کرتے ہیں تو جس وجہ سے کرتے ہیں جس کو لکھ کر قلم سوکھ گئیں اور تقدیریں جاری ہوگئیں یا جس وجہ سے جو آگے ہونے والا ہے۔آپؐ نے فرمایا نہیں، بلکہ جس بارہ میں قلمیں خشک ہو گئیں اور تقدیریں چل گئیں۔انہوں (سراقہؓ) نے عرض کیا کہ پھر عمل کس لئے ؟ زہیر کہتے ہیں کہ پھر ابوالزبیر نے کچھ کہا جسے میں سمجھ نہیں سکا۔پھر مَیں نے (اس سے) پوچھا جو اس نے کہا تھا۔اس نے کہا: عمل کرو کیونکہ ہر ایک کے لئے (وہ عمل) میسّر کیا گیا ہے۔
ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر ایک عمل کرنے والے کو اس کا عمل میسر ہے۔

4775{9} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَزِيدَ الضُّبَعِيِّ حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ

4775: حضرت عمران بن حصینؓ بیان کرتے ہیں عرض کیا گیا: یارسول اللہ! کیا جنت والے دوزخ

4774 :اطراف :مسلم کتاب القدر باب کیفیة خلق الآدمی فی بطن امه ...4775،4776

تخریج : بخاری کتاب القدر باب جف القلم علی علم اللہ 6596 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ ولقد یسرنا القرآن للذکر فهل من مدکر ...7551 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4709

4775 :اطراف :مسلم کتاب القدر باب کیفیة خلق الآدمی فی بطن امه ...4774،4776

تخریج : بخاری کتاب القدر باب جف القلم علی علم اللہ 6596 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ ولقد یسرنا القرآن للذکر فهل من مدکر ...7551 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4709

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَعُلِمَ أَهْلُ الْجَنَّةِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ قَالَ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ قِيلَ فَفِيمَ يَعْمَلُ الْعَامِلُونَ قَالَ كُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ كُلُّهُمْ عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمَعْنَى حَدِيثِ حَمَّادٍ وَفِي حَدِيثِ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ [6738,6737]

والوں سے الگ معلوم ہیں۔ راوی کہتے ہیں آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ راوی کہتے ہیں پھر عرض کیا گیا تو پھر عمل کرنے والے عمل کیوں کریں! آپؐ نے فرمایا: ہر ایک کے لئے وہ میسر ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے۔

ایک روایت میں (قِیلَ کی بجائے) قُلْتُ کے الفاظ ہیں۔

4776{10} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمُرَ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيلِيِّ قَالَ قَالَ لِي عِمْرَانُ بْنُ الْحُصَيْنِ أَرَأَيْتَ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ الْيَوْمَ وَيَكْدَحُونَ فِيهِ أَشَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى عَلَيْهِمْ مِنْ قَدَرِ مَا سَبَقَ أَوْ فِيمَا يُسْتَقْبَلُونَ بِهِ مِمَّا أَتَاهُمْ بِهِ

4776: ابو الاسود الدّیلیؒ سے روایت ہے کہ حضرت عمران بن حصینؓ نے مجھ سے کہا: کیا آپ کو پتہ ہے کہ آج لوگ جو کام کر رہے ہیں؟ اور جس لئے محنت کر رہے ہیں؟ کیا یہ وہ ہے جس کا ان کے لئے فیصلہ کیا جا چکا ہے؟ اور جو تقدیر پہلے سے ہی ان کے متعلق جاری ہو چکی ہے یا جس سے ان کا مستقبل میں واسطہ پڑے گا اس میں جو ان کا نبی ان کے پاس لایا اور ان پر حجت تمام ہوگئی۔ اس پر میں نے

4776 :اطراف :مسلم کتاب القدر باب کیفیة خلق الآدمی فی بطن امه ...4775،4774

تخریج : بخاری کتاب القدر باب جف القلم علی علم الله 6596 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ ولقد یسرنا القرآن للذکر فهل من مدکر ...7551 ابو داؤد کتاب السنة باب فی القدر 4709

نَبِيُّهُمْ وَثَبَتَتِ الْحُجَّةُ عَلَيْهِمْ فَقُلْتُ بَلْ شَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى عَلَيْهِمْ قَالَ فَقَالَ أَفَلَا يَكُونُ ظُلْمًا قَالَ فَفَزِعْتُ مِنْ ذَلِكَ فَزَعًا شَدِيدًا وَقُلْتُ كُلُّ شَيْءٍ خَلْقُ اللَّهِ وَمِلْكُ يَدِهِ فَلَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ فَقَالَ لِي يَرْحَمُكَ اللَّهُ إِنِّي لَمْ أُرِدْ بِمَا سَأَلْتُكَ إِلَّا لِأَحْزِرَ عَقْلَكَ إِنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ مُزَيْنَةَ أَتَيَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ الْيَوْمَ وَيَكْدَحُونَ فِيهِ أَشَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى فِيهِمْ مِنْ قَدَرٍ قَدْ سَبَقَ أَوْ فِيمَا يُسْتَقْبَلُونَ بِهِ مِمَّا أَتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ وَثَبَتَتِ الْحُجَّةُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لَا بَلْ شَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى فِيهِمْ وَتَصْدِيقُ ذَلِكَ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوٰهَا [6739]

کہا بلکہ اس بارہ میں جو اُن کے لئے فیصلہ کر دیا گیا ہے اور جو اُن کے بارہ میں گزر چکا ہے۔ راوی کہتے ہیں پھر اس نے کہا: کیا یہ ظلم نہیں؟ راوی کہتے ہیں میں اس سے بہت سخت گھبرا گیا میں نے کہا ہر چیز اللہ کی مخلوق ہے اور اس کی ملکیت ہے۔ پس اس سے اس بارہ میں جو وہ کرتا ہے پوچھا نہیں جائے گا بلکہ وہ پوچھے جائیں گے۔ پھر اس نے مجھ سے کہا: اللہ تجھ پر رحم کرے مَیں نے یہ پوچھنے کا صرف اس لئے ارادہ کیا ہے تا کہ اس کے ذریعہ سے تیری عقل کو آزماؤں۔ مزینہ (قبیلہ) کے دو شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئے اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! فرمایئے کہ آج لوگ جو کام کر رہے ہیں؟ اور اس میں محنت کر رہے ہیں؟ کیا یہ وہ ہے جو اُن پر فیصلہ کر دیا گیا ہے؟ اور تقدیر ہے جو پہلے سے مقرر ہو چکی ہے یا جس سے ان کا مستقبل میں واسطہ پڑے گا اس میں جو اُن کا نبی ان کے پاس لایا اور اُن پر حجت تمام ہوگئی۔ اس پر آپؐ نے فرمایا بلکہ اس چیز کے بارہ میں جس کا فیصلہ کر دیا گیا ہے اور وہ (تقدیر) ان میں جاری ہو چکی ہے اور اس کی تصدیق اللہ عزوجل کی کتاب میں یوں ہے وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوٰهَا اور قسم ہے ہر جان کی اور جیسے اس نے اسے ٹھیک ٹھاک کیا۔ پس اس کی بے اعتدالیوں اور اس کی پرہیز گاریوں (کی

تمیز کرنے کی صلاحیت) کواس کی فطرت میں ودیعت کیا۔☆

4777{11}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَنَ الطَّوِيلَ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخْتَمُ لَهُ عَمَلُهُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَنَ الطَّوِيلَ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ ثُمَّ يُخْتَمُ لَهُ عَمَلُهُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ [6740]

4777: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص لمبے عرصہ تک جنتیوں والے کام کرتا ہے پھر اس کے اعمال دوزخیوں کے اعمال پر منتج ہوتے ہیں۔اور یقیناً ایک شخص ضرور لمبے عرصہ تک دوزخیوں والے کام کرتا ہے پھر اس کے اعمال جنتیوں کے اعمال پر منتج ہوتے ہیں۔

4778{12} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ[6741]

4778: حضرت سہلؓ بن سعد ساعدی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص لوگوں کی نظر میں بظاہر جنتیوں والے کام کرتا ہے جبکہ درحقیقت وہ دوزخ والوں میں سے ہوتا ہے۔اسی طرح ایک شخص لوگوں میں بظاہر دوزخیوں والے کام کرتا ہے لیکن وہ درحقیقت جنتیوں میں سے ہوتا ہے۔

4777 : اطراف : **مسلم** كتاب الايمان باب بيان غلظ تحريم قتل الانسان نفسه ... 154، 155 كتاب القدر باب كيفية خلق الآدمي في بطن امه وكتابة رزقه ...4778

تخريج : **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب لا يقول فلان شهيد 2898 كتاب المغازی باب غزوة خيبر 4202، 4207 كتاب الرقاق باب الاعمال بالخواتيم وما يخاف منها 6493 كتاب القدر باب العمل بالخواتيم 6607

4778 : اطراف : **مسلم** كتاب الايمان باب بيان غلظ تحريم قتل الانسان نفسه ... 154، 155 كتاب القدر باب كيفية خلق الآدمي في بطن امه وكتابة رزقه ... 4777

تخريج : **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب لا يقول فلان شهيد 2898 كتاب المغازی باب غزوة خيبر 4202، 4207 كتاب الرقاق باب الاعمال بالخواتيم وما يخاف منها 6493 كتاب القدر باب العمل بالخواتيم 6607

☆ **الشمس: 8، 9**

[2]2:بَاب: حِجَاجُ آدَمَ وَمُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَام

باب: حضرت آدمؑ اور حضرت موسیٰؑ کی گفتگو

4779{13} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ دِينَارٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ حَاتِمٍ وَابْنِ دِينَارٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى فَقَالَ مُوسَى يَا آدَمُ أَنْتَ أَبُونَا خَيَّبْتَنَا وَأَخْرَجْتَنَا مِنَ الْجَنَّةِ فَقَالَ لَهُ آدَمُ أَنْتَ مُوسَى اصْطَفَاكَ اللَّهُ بِكَلَامِهِ وَخَطَّ لَكَ بِيَدِهِ أَتَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قَدَّرَهُ اللَّهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي بِأَرْبَعِينَ سَنَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى وَفِي حَدِيثِ ابْنِ أَبِي عُمَرَ وَابْنِ عَبْدَةَ قَالَ أَحَدُهُمَا خَطَّ وَ قَالَ الْآخَرُ كَتَبَ لَكَ التَّوْرَاةَ بِيَدِهِ [6742]

4779: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حضرت آدمؑ اور حضرت موسیٰؑ میں بحث ہوئی تو موسیٰؑ نے کہا اے آدمؑ! آپ ہمارے باپ ہیں۔آپ نے ہمیں محروم کر دیا اور جنت سے نکلوا دیا۔اس پر آدمؑ نے ان سے کہا: آپ موسیٰؑ ہیں آپ کو اللہ نے اپنے کلام کے لئے چن لیا تھا اور آپ کے لئے اپنے ہاتھ سے لکھا تو کیا آپ مجھے اس بات پر ملامت کرتے ہیں جسے اللہ نے مجھے پیدا کرنے سے چالیس سال قبل ہی میرے لئے مقدر فرما دی تھی۔اس پر نبی ﷺ نے فرمایا آدمؑ نے موسیٰؑ سے بحث کی۔پس آدمؑ موسیٰؑ پر غالب آ گئے۔

ایک روایت میں (خَطَّ لَكَ بِيَدِهِ کی بجائے) كَتَبَ لَكَ التَّوْرَاةَ بِيَدِهِ کے الفاظ ہیں۔

4779 : اطراف :**مسلم** کتاب القدر باب حجاج آدم و موسی علیه السلام 4780 ، 4781 ، 4782

تخریج : **بخاری** کتاب احادیث الانبیاء باب وفات موسی و ذکرہ بعد 3409 کتاب التفسیر باب قوله واصطنعتک لنفسی4736 کتاب التفسیر باب قوله فلا یخرجنکما من الجنة فتشقی 4738 کتاب القدر باب تحاج آدم و موسی عند الله 6614 کتاب التوحید باب ماجاء فی قوله عزّ وجلّ وکلّم اللّٰه موسیٰ تکلیما 7515 **ترمذی** کتاب القدرباب ما جاء فی حجاج آدم و موسی علیهما السلام 2134 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4701 ،4702 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی القدر 80

4780{14} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ فِيمَا قُرِئَ عَلَيْهِ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَحَاجَّ آدَمُ وَمُوسَى فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى فَقَالَ لَهُ مُوسَى أَنْتَ آدَمُ الَّذِي أَغْوَيْتَ النَّاسَ وَأَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ فَقَالَ آدَمُ أَنْتَ الَّذِي أَعْطَاهُ اللَّهُ عِلْمَ كُلِّ شَيْءٍ وَاصْطَفَاهُ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَتِهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَتَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قُدِّرَ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ أُخْلَقَ[6743]

4780: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آدم اور موسیٰؑ میں بحث ہوئی ۔پس آدمؑ موسیٰؑ پر غالب رہے۔ موسیٰؑ نے آدمؑ سے کہا: آپ وہ آدمؑ ہیں جنہوں نے لوگوں کو راستہ بھلا دیا تھا اور انہیں جنت سے نکال دیا تھا۔ اس پر آدمؑ نے کہا: آپ وہ شخص ہیں جسے اللہ نے ہر چیز کا علم دیا اور اسے لوگوں پر اپنی رسالت کے لئے پسند کیا۔ انہوں نے کہا: ہاں انہوں نے کہا تو آپ مجھے ایسے امر پر ملامت کرتے ہیں جو میری پیدائش سے قبل ہی مقدّر کیا گیا تھا۔

4781{15} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ أَبِي ذُبَابٍ عَنْ يَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ هُرْمُزَ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ قَالَا سَمِعْنَا

4781: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آدمؑ اور موسیٰؑ کی اپنے ربّ کے حضور میں بحث ہوئی۔ تو آدمؑ موسیٰؑ پر غالب رہے۔ موسیٰؑ نے کہا: آپ وہ آدمؑ ہیں جنہیں اللہ نے اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور آپ میں اپنی روح پھونکی

4780 : اطراف : مسلم کتاب القدر باب حجاج آدم و موسی علیہ السلام 4779 ، 4781 ، 4782

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب وفات موسی و ذکرہ بعد 3409 کتاب التفسیر باب قولہ واصطنعتک لنفسی4736 کتاب التفسیر باب قولہ فلا یخرجنکما من الجنۃ فتشقی4738 کتاب القدر باب تحاج آدم و موسی عند اللہ 6614 کتاب التوحید باب ماجاء فی قولہ عزّ وجلّ وکلّم اللّٰہ موسیٰ تکلیما7515 ترمذی کتاب القدرباب ما جاء فی حجاج آدم و موسی علیہما السلام2134 ابوداؤد کتاب السنۃ باب فی القدر 4701 ،4702 ابن ماجہ فی المقدمۃ باب فی القدر 80

4781 : اطراف : مسلم کتاب القدر باب حجاج آدم و موسی علیہ السلام4779 ، 4780 ، 4782

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب وفات موسی و ذکرہ بعد 3409 کتاب التفسیر باب قولہ واصطنعتک لنفسی4736 کتاب التفسیر باب قولہ فلا یخرجنکما من الجنۃ فتشقی4738 کتاب القدر باب تحاج آدم و موسی عند اللہ 6614 کتاب التوحید باب ماجاء فی قولہ عزّ وجلّ وکلّم اللّٰہ موسیٰ تکلیما7515 ترمذی کتاب القدرباب ما جاء فی حجاج آدم و موسی علیہما السلام2134 ابوداؤد کتاب السنۃ باب فی القدر 4701 ،4702 ابن ماجہ فی المقدمۃ باب فی القدر 80

أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَام عِنْدَ رَبِّهِمَا فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى قَالَ مُوسَى أَنْتَ آدَمُ الَّذِي خَلَقَكَ اللَّهُ بِيَدِهِ وَنَفَخَ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ وَأَسْكَنَكَ فِي جَنَّتِهِ ثُمَّ أَهْبَطْتَ النَّاسَ بِخَطِيئَتِكَ إِلَى الْأَرْضِ فَقَالَ آدَمُ أَنْتَ مُوسَى الَّذِي اصْطَفَاكَ اللَّهُ بِرِسَالَتِهِ وَبِكَلَامِهِ وَأَعْطَاكَ الْأَلْوَاحَ فِيهَا تِبْيَانُ كُلِّ شَيْءٍ وَقَرَّبَكَ نَجِيًّا فَبِكَمْ وَجَدْتَ اللَّهَ كَتَبَ التَّوْرَاةَ قَبْلَ أَنْ أُخْلَقَ قَالَ مُوسَى بِأَرْبَعِينَ عَامًا قَالَ آدَمُ فَهَلْ وَجَدْتَ فِيهَا وَعَصَى آدَمُ رَبَّهُ فَغَوَى قَالَ نَعَمْ قَالَ أَفَتَلُومُنِي عَلَى أَنْ عَمِلْتُ عَمَلًا كَتَبَهُ اللَّهُ عَلَيَّ أَنْ أَعْمَلَهُ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي بِأَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى [6744]

اور آپ کے لئے اپنے فرشتوں کو جھکا دیا اور آپ کو اپنی جنت میں جگہ دی۔ پھر آپ نے اپنی غلطی کی وجہ سے لوگوں کو زمین پر اُتروادیا۔ اس پر آدمؑ نے کہا آپ وہ موسیٰؑ ہیں جسے اللہ نے اپنی رسالت اور اپنے کلام کے لئے چن لیا اور آپ کو تختیاں عطا کیں ان میں ہر ایک چیز کا بیان تھا اور اس نے سرگوشی کرتے ہوئے آپ کو اپنا مقرب بنایا۔ آپ کے خیال میں کتنا عرصہ میری پیدائش سے قبل اللہ نے تورات لکھی؟ موسیٰؑ نے کہا چالیس سال پہلے۔ آدمؑ نے کہا کیا آپ نے اس میں یہ (لکھا ہوا) دیکھا ہے کہ آدمؑ نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور وہ بے راہ ہوا۔☆ انہوں نے کہا ہاں۔ انہوں (آدمؑ) نے کہا کہ آپ مجھے اس عمل پر جو میں نے کیا ملامت کر رہے ہیں جس کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے میرے پیدا ہونے سے چالیس سال پہلے لکھ دیا تھا کہ میں وہ کروں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آدمؑ موسیٰؑ پر غالب رہے۔

4782{...}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ حَاتِمٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا

4782: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آدمؑ اور موسیٰؑ میں بحث

4782 : اطراف : مسلم کتاب القدر باب حجاج آدم وموسی علیه السلام 4779 ، 4780 ، 4781

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب وفات موسی و ذکرہ بعد 3409 کتاب التفسیر باب قولہ واصطنعتک لنفسی4736 کتاب التفسیر باب قولہ فلا یخرجنکما من الجنة فتشقی4738 کتاب القدر باب تحاج آدم و موسی عند اللہ 6614 کتاب التوحید باب ماجاء فی قولہ عزّ وجلّ وکلّم اللّٰہ موسیٰ تکلیما7515 **ترمذی** کتاب القدرباب ما جاء فی حجاج آدم و موسی علیهما السلام 2134 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی القدر 4701 ،4702 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فی القدر 80

☆طٰهٰ:**122**

أَبِي عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى فَقَالَ لَهُ مُوسَى أَنْتَ آدَمُ الَّذِي أَخْرَجَتْكَ خَطِيئَتُكَ مِنَ الْجَنَّةِ فَقَالَ لَهُ آدَمُ أَنْتَ مُوسَى الَّذِي اصْطَفَاكَ اللَّهُ بِرِسَالَتِهِ وَبِكَلَامِهِ ثُمَّ تَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قَدْ قُدِّرَ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ أُخْلَقَ فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ النَّجَّارِ الْيَمَامِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِهِمْ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ الضَّرِيرُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ[6747,6746,6745]

ہوئی۔ پس آدمؑ نے موسیٰؑ سے کہا کہ آپ وہی آدمؑ ہیں جنہیں ان کی غلطی نے جنّت سے نکالا تھا۔ اس پر آدمؑ نے موسیٰؑ سے کہا آپ وہ موسیٰؑ ہیں جسے اللہ نے اپنی رسالت اور اپنے کلام سے خاص کیا تھا۔ پھر آپ مجھے ایسی بات پر ملامت کرتے ہیں جو میری پیدائش سے قبل ہی میرے متعلق مقدّر کر دیا گیا تھا۔ پس آدمؑ موسیٰؑ پر غالب رہے۔

4783{16} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَرْحٍ حَدَّثَنَا ابْنُ

4783: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ بیان کرتے ہیں کہ مَیں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے

4783 : تخريج : ترمذى كتاب القدر باب ما جاء في الرضاء بالقضاء 2156

وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كَتَبَ اللَّهُ مَقَادِيرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِخَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ قَالَ وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا الْمُقْرِئُ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنَا نَافِعٌ يَعْنِي ابْنَ يَزِيدَ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي هَانِئٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُمَا لَمْ يَذْكُرَا وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ[6749,6748]

ہوئے سنا کہ اللہ آسمانوں اور زمین کی پیدائش سے پچاس ہزار سال قبل مخلوقات کی تقدیریں لکھ چکا ہے نیز فرمایا کہ اس کا عرش پانی پر ہے۔

ایک اور روایت میں عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ کے الفاظ نہیں ہیں۔

[3]3:بَاب:تَصْرِيفُ اللَّهِ تَعَالَى الْقُلُوبَ كَيْفَ شَاءَ

باب: اللہ تعالیٰ کا دلوں کو پھیرنا جیسے وہ مناسب دیکھے

4784{17}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ كِلَاهُمَا عَنِ الْمُقْرِئِ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ قَالَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ أَخْبَرَنِي أَبُو هَانِئٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيَّ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُولُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ قُلُوبَ بَنِي آدَمَ

4784: حضرت عبداللہ بن عمروؓ بن عاص بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یقیناً سب بنی آدم کے دل رحمٰن (خدا) کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ایک دل کی طرح ہیں۔ وہ اسے جس طرف پھیرنا چاہے پھیر دے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے (دعا کرتے ہوئے) عرض کیا اے اللہ، دلوں کو پھیرنے والے! ہمارے

كُلَّهَا بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ الرَّحْمَنِ كَقَلْبٍ وَاحِدٍ يُصَرِّفُهُ حَيْثُ يَشَاءُ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ صَرِّفْ قُلُوبَنَا عَلَى طَاعَتِكَ [6750]

دلوں کو اپنی اطاعت پر پھیر دے۔

[4]4: بَاب: كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ

باب: ہر ایک چیز ایک تقدیر کے مطابق ہے

4785{18} حَدَّثَنِي عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَالِكٍ فِيمَا قُرِئَ عَلَيْهِ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ أَنَّهُ قَالَ أَدْرَكْتُ نَاسًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُونَ كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ قَالَ وَسَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ حَتَّى الْعَجْزِ وَالْكَيْسِ أَوِ الْكَيْسِ وَالْعَجْزِ [6751]

4785: طاؤس کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ میں سے کچھ لوگوں کو یہ کہتے ہوئے پایا کہ ہر ایک چیز ایک تقدیر کے مطابق ہے۔ وہ (طاؤس) کہتے ہیں مَیں نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر ایک چیز ایک تقدیر کے مطابق ہے یہانتک کہ نادانی اور دانائی یا (فرمایا) دانائی اور نادانی۔

4786{19} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ زِيَادِ بْنِ إِسْمَعِيلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْزُومِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ مُشْرِكُو

4786: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ مشرکینِ قریش تقدیر کے بارہ میں جھگڑتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی جس دن وہ آگ میں اپنے چہروں کے بل

4786 : تخریج : ترمذی كتاب القدر باب ماجاء في الرجاء بالقضاء 2157 كتاب التفسير باب ومن سورة القمر 3290

قُرَيْشٍ يُخَاصِمُونَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَدَرِ فَنَزَلَتْ يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ [6752]

گھسیٹے جائیں گے دوزخ کا مزہ چکھو، یقیناً ہم نے ہر چیز کو ایک اندازے کے مطابق پیدا کیا۔[1]

[5]5: بَاب قُدِّرَ عَلَى ابْنِ آدَمَ حَظُّهُ مِنَ الزِّنَا وَغَيْرِهِ

ابنِ آدم کا بدکاری وغیرہ سے حظّ مقدّر رکئے جانے کا بیان

4787{20} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِإِسْحَقَ قَالَا أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَشْبَهَ بِاللَّمَمِ مِمَّا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ كَتَبَ عَلَى ابْنِ آدَمَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنَى أَدْرَكَ ذَلِكَ لَا مَحَالَةَ فَزِنَى الْعَيْنَيْنِ النَّظَرُ وَزِنَى اللِّسَانِ النُّطْقُ وَالنَّفْسُ تَمَنَّى وَتَشْتَهِي وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذَلِكَ أَوْ يُكَذِّبُهُ قَالَ عَبْدٌ فِي رِوَايَتِهِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ [6753]

4787: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ میرے علم کے مطابق لَمَم[2] سے زیادہ مشابہ کوئی چیز میں نے نہیں دیکھی جس کے بارہ میں حضرت ابوہریرہؓ بیان کیا کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ نے بدکاری سے ابن آدم کا حصّہ لکھ دیا ہے۔ جسے وہ لازماً پالیتا ہے۔ پس آنکھوں کی بدکاری دیکھنا ہے اور زبان کی بدکاری بولنا ہے اور نفس خواہش اور تمنّا کرتا ہے اور جسمانی اعضاء اس کی تصدیق یا تکذیب کرتے ہیں۔

4787 : اطراف : مسلم کتاب القدر باب قدر علی ابن آدم حظه من الزنا و غیره 4788

تخریج : بخاری کتاب الاستئذان باب زنا الجوارح دون الفرج 6243 کتاب القدر باب و حرام علی قریة اهلکناها 6612

ابو داؤد کتاب النکاح باب ما یؤمر به من غض البصر 2151، 2152، 2153 **ترمذی** کتاب التفسیر ومن سورة النجم 3284

1: القمر 49:50

2: لَمَمُ کا لفظ اس آیت قرآنی میں ہے اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ **(النجم :33)**

4848 {33} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا مُوسَى الْجُهَنِيُّ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَلِّمْنِي كَلَامًا أَقُولُهُ قَالَ قُلْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا سُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ قَالَ فَهَؤُلَاءِ لِرَبِّي فَمَا لِي قَالَ قُلِ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاهْدِنِي وَارْزُقْنِي قَالَ مُوسَى أَمَّا عَافِنِي فَأَنَا أَتَوَهَّمُ وَمَا أَدْرِي وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ فِي حَدِيثِهِ قَوْلَ مُوسَى [6848]

4848: مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک بدوی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھے کوئی ایسی بات سکھائیے جو میں کہا کروں۔ آپؐ نے فرمایا یہ کہا کرو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَالْحَمْدُلِلّٰہِ کَثِیْرًا سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ کے لئے بہت حمد ہے، پاک ہے اللہ جو تمام جہانوں کا رب ہے نہ کوئی طاقت ہے نہ کوئی قوت ہے مگر اللہ کو جو غالب بزرگی والا اور خوب حکمت والا ہے۔ اس بدوی نے عرض کیا یہ تو میرے رب کے لئے ہیں میرے لئے کیا ہے؟ آپؐ نے

4848 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فضل التهليل والتسبيح ... 4849، 4850، 4851

تخریج : **ترمذی** کتاب مواقیت الصلاة باب ما یقول بین السجدتین 284 **ابو داؤد** کتاب الصلاة باب ما یجزیء الامی والاعجمی من القراء ة 832 **نسائی** کتاب الاستعاذة باب الاستعاذة من ضیق المقام یوم القیامة 5535 **ابن ماجه** کتاب الدعاء باب الجوامع من الدعاء 3845

فرمایا یہ کہا کرو اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاھْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔
راوی موسیٰ کہتے ہیں کہ جہاں تک عَافِنِي کا تعلق ہے مجھے اس میں شبہ ہے اور مجھے صحیح پتہ نہیں۔ایک اور روایت میں راوی موسیٰ کے اس قول کا ذکر نہیں ہے۔

4849{34}حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ يَعْنِي ابْنَ زِيَادٍ حَدَّثَنَا أَبُو مَالِكٍ الْأَشْجَعِيُّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُ مَنْ أَسْلَمَ يَقُولُ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاهْدِنِي وَارْزُقْنِي [6849]

4849: ابو مالک اشجعی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جو اسلام لاتا رسول اللہ ﷺ اسے (یہ کلمات) سکھاتے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاھْدِنِيْ وَارْزُقْنِي اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔

4850{35} حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَزْهَرَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مَالِكٍ الْأَشْجَعِيُّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ

4850: ابومالک اشجعی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب کوئی شخص اسلام لاتا تو نبی ﷺ اسے نماز سکھاتے۔پھر آپؐ اسے ارشاد فرماتے کہ ان

4849 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار باب فضل التھلیل والتسبیح...4848 ، 4850 ، 4851
تخریج : **ترمذی** کتاب مواقیت الصلاۃ باب ما یقول بین السجدتین 284 **ابو داؤد** کتاب الصلاۃ باب ما یجزیء الامی والاعجمی من القراءۃ 832 **نسائی** کتاب الاستعاذۃ باب الاستعاذۃ من ضیق المقام یوم القیامۃ 5535 **ابن ماجہ** کتاب الدعاء باب الجوامع من الدعاء 3845

4850 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار باب فضل التھلیل والتسبیح...4848 ، 4849 ، 4851
تخریج : **ترمذی** کتاب مواقیت الصلاۃ باب ما یقول بین السجدتین 284 **ابو داؤد** کتاب الصلاۃ باب ما یجزیء الامی والاعجمی من القراءۃ 832 **نسائی** کتاب الاستعاذۃ باب الاستعاذۃ من ضیق المقام یوم القیامۃ 5535 **ابن ماجہ** کتاب الدعاء باب الجوامع من الدعاء 3845

إِذَا أَسْلَمَ عَلَّمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ ثُمَّ أَمَرَهُ أَنْ يَدْعُوَ بِهَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاهْدِنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي [6850]

کلمات کے ذریعہ دعا کرے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِي۔ اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت سے رکھ اور مجھے رزق عطا فرما۔

4851{36} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا أَبُو مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ أَقُولُ حِينَ أَسْأَلُ رَبِّي قَالَ قُلِ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي وَيَجْمَعُ أَصَابِعَهُ إِلَّا الْإِبْهَامَ فَإِنَّ هَؤُلَاءِ تَجْمَعُ لَكَ دُنْيَاكَ وَآخِرَتَكَ [6851]

4851:ابو مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی ﷺ سے سنا ——ایک دفعہ ایک شخص آپؐ کے پاس آیا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! جب میں اپنے رب سے دعا کروں تو میں کیسے مانگوں؟ ——آپؐ نے فرمایا کہا کرو اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِي: اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے عافیت عطا کرنا اور مجھے رزق عطا فرما۔ پھر آپؐ اپنی انگلیوں کو سوائے انگوٹھے کے اکٹھا کرتے ہوئے (فرماتے) یہ (کلمات) تیرے لئے تیری دنیا اور آخرت کو جمع کردیں گے۔

4852{37} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ وَعَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا مُوسَى الْجُهَنِيُّ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبِي

4852:مصعب بن سعد سے روایت ہے کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے کہ آپؐ نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی اس سے عاجز ہے کہ ہر روز ایک ہزار نیکیاں کمائے۔ آپؐ کے پاس بیٹھے ہوئے (لوگوں) میں سے ایک پوچھنے

4851 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فضل التھلیل والتسبیح...4848، 4849، 4850
تخریج :ترمذی کتاب مواقیت الصلاۃ باب ما یقول بین السجدتین 284 ابو داؤد کتاب الصلاۃ باب ما یجزیء الامی والاعجمی من القراءۃ 832 نسائی کتاب الاستعاذۃ باب الاستعاذۃ من ضیق المقام یوم القیامۃ 5535 ابن ماجه کتاب الدعاء باب الجوامع من الدعاء 3845

4852 : تخریج : ترمذی کتاب الدعوات باب ما جاء فی فضل التسبیح 3463

قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ حَسَنَةٍ فَسَأَلَهُ سَائِلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ كَيْفَ يَكْسِبُ أَحَدُنَا أَلْفَ حَسَنَةٍ قَالَ يُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِيحَةٍ فَيُكْتَبُ لَهُ أَلْفُ حَسَنَةٍ أَوْ يُحَطُّ عَنْهُ أَلْفُ خَطِيئَةٍ [6852]

والے نے آپؐ سے پوچھا کہ ہم میں سے کوئی ایک ہزار نیکیاں کیسے کما سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا جو سو مرتبہ تسبیح کرتا ہے تو اس کے لئے ایک ہزار نیکی لکھی جاتی ہے یا ایک ہزار خطائیں اس سے دور کر دی جاتی ہیں۔

[11]11:بَاب فَضْلِ الِاجْتِمَاعِ عَلَى تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَعَلَى الذِّكْرِ

اکٹھے ہو کر تلاوت قرآن اور ذکر کرنے کی فضیلت کا بیان

4853{38} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاللَّهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا

4853: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی مؤمن سے دنیا کی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کی تو اللہ اس سے قیامت کے دن کی تکلیفوں میں سے تکلیف دور فرمائے گا اور جو کسی تنگ دست سے آسانی کا معاملہ کرے گا اللہ اس کے لئے دنیا اور آخرت میں سہولت پیدا کرے گا اور جو کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا اللہ دنیا و آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا۔ جب تک کوئی بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے اللہ اس بندہ کی مدد کرتا رہتا ہے اور جو حصول علم کی خاطر کسی راستہ پر چلتا ہے اللہ اس کے

4853 : اطراف : **مسلم** کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فضل الاجتماع علی تلاوته القرآن.....4854

تخریج : ترمذی کتاب الحدود باب ما جاء فی الستر علی المسلم 1425 ، 1426 کتاب البر والصلة باب ما جاء فی الستر علی المسلم 1930 کتاب العلم باب فضل طلب العلم 2646 کتاب القراء ات باب ما جاء ان القرآن أنزل.....2945 **ابوداؤد** کتاب الصلاة باب فی ثواب قراءة القرآن 1455 کتاب الادب باب فی المعونة للمسلم 4946 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فضل العلماء و الحث علی طلب العلم 223 ، 225

كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ وَمَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَلْتَمِسُ فِيهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللَّهُ لَهُ بِهِ طَرِيقًا إِلَى الْجَنَّةِ وَمَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِي بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اللَّهِ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَيَتَدَارَسُونَهُ بَيْنَهُمْ إِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ وَمَنْ بَطَّأَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَاه نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَا حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ فِي حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ وَفِي حَدِيثِ أَبِي أُسَامَةَ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي مُعَاوِيَةَ غَيْرَ أَنَّ حَدِيثَ أَبِي أُسَامَةَ لَيْسَ فِيهِ ذِكْرُ التَّيْسِيرِ عَلَى الْمُعْسِرِ [6854,6853]

ذریعہ اس کے لئے جنت کا رستہ آسان کر دیتا ہے اور جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں اس کی کتاب پڑھنے کے لئے اور آپس میں ایک دوسرے کو سکھانے کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں تو ضرور ان پر سکینت اترتی ہے اور رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے انہیں اپنے حلقے میں لے لیتے ہیں اور اللہ ان کا ذکر ان میں کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں اور جس کا عمل اسے سست کرے اس کا نسب اسے تیز نہیں کرے گا۔

ایک روایت میں تنگ دست پر آسانی کرنے کا ذکر نہیں۔

4854{39} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَقَ يُحَدِّثُ عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ أَنَّهُ قَالَ أَشْهَدُ عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ

4854: اَغَرّ اَبِي مُسْلِم سے روایت ہے کہ میں حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابوسعید خدریؓ پر گواہ ہوں کہ ان دونوں نے نبی ﷺ کے بارہ میں گواہی دی کہ آپؐ نے فرمایا کہ لوگ اللہ عزوجل کے ذکر کے لئے

4854 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فضل الاجتماع علی تلاوته القرآن....4853

تخریج : ترمذی کتاب الحدود باب ما جاء فی الستر علی المسلم 1425 ، 1426 کتاب البر والصلة باب ما جاء فی الستر علی المسلم 1930 کتاب العلم باب فضل طلب العلم 2646 کتاب القراء ات باب ما جاء ان القرآن أنزل....2945 **ابو داؤد** کتاب الصلاة باب فی ثواب قراء ة القرآن 1455 کتاب الادب باب فی المعونة للمسلم 4946 **ابن ماجه** فی المقدمة باب فضل العلماء و الحث علی طلب العلم 223 ، 225

وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [6856,6855]

بیٹھتے ہیں تو فرشتے انہیں حلقہ میں لے لیتے ہیں اور رحمت ان کو ڈھانک لیتی ہے اور اُن پر سکینت اترتی ہے اور اللہ ان کا ذکر ان میں کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں۔

4855{40} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مَرْحُومُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ أَبِي نَعَامَةَ السَّعْدِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجَ مُعَاوِيَةُ عَلَى حَلْقَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ مَا أَجْلَسَكُمْ قَالُوا جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللَّهَ قَالَ آللَّهِ مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذَاكَ قَالُوا وَاللَّهِ مَا أَجْلَسَنَا إِلَّا ذَاكَ قَالَ أَمَا إِنِّي لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ وَمَا كَانَ أَحَدٌ بِمَنْزِلَتِي مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَلَّ عَنْهُ حَدِيثًا مِنِّي وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَى حَلْقَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ مَا أَجْلَسَكُمْ قَالُوا جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللَّهَ وَنَحْمَدُهُ عَلَى مَا هَدَانَا لِلْإِسْلَامِ وَمَنَّ بِهِ عَلَيْنَا قَالَ آللَّهِ مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذَاكَ قَالُوا وَاللَّهِ مَا أَجْلَسَنَا إِلَّا ذَاكَ قَالَ أَمَا إِنِّي

4855: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ امیر معاویہؓ مسجد میں ایک حلقہ میں آئے اور کہا تم کس لئے بیٹھے ہو؟ انہوں نے کہا کہ ہم بیٹھے ذکر الٰہی کر رہے ہیں۔ امیر معاویہ نے کہا اللہ کی قسم! کیا تمہیں صرف اس بات نے بٹھایا ہے؟ انہوں نے کہا اللہ کی قسم ہم اسی لئے بیٹھے ہیں۔ امیر معاویہ نے کہا کہ میں نے تہمت کے طور پر تم سے قسم نہیں چاہی۔ رسول اللہ ﷺ کے حضور میرے جیسا تعلق رکھنے والا کوئی نہیں جو مجھ سے کم آپؐ سے روایت کرنے والا ہو۔ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہؓ کے ایک حلقہ میں تشریف لائے اور فرمایا کہ تم یہاں کیوں بیٹھے ہو؟ انہوں نے عرض کیا ہم یہاں اس لئے بیٹھے ہیں کہ ہم اللہ کا ذکر کریں اور جو اس نے اسلام کی ہدایت ہمیں دی ہے اور اس کے ذریعہ ہم پر احسان کیا ہے اس پر اس کی حمد کریں۔ آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم کیا

4455 : تخریج : ترمذی کتاب الدعوات باب ما جاء فی القوم یجلسون فیذکرون اللہ عزوجل..... 3379 **نسائی** کتاب آداب القضاۃ کیف یستخلف الحاکم ؟ 5426

لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ وَلَكِنَّهُ أَتَانِي جِبْرِيلُ فَأَخْبَرَنِي أَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِي بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ [6857]

تمہیں صرف اس بات ہی نے بٹھایا ہے۔لوگوں نے عرض کیا اللہ کی قسم ہم اسی لئے بیٹھے ہیں۔آپؐ نے فرمایا میں نے تہمت کے طور پر تم سے قسم نہیں چاہی بلکہ بات یہ ہے کہ جبرائیل میرے پاس آیا اور اس نے مجھے بتایا ہے کہ یقیناً اللہ عزوجل فرشتوں میں تم پر فخر کرتا ہے۔

[12]12:بَاب اسْتِحْبَابِ الِاسْتِغْفَارِ وَالِاسْتِكْثَارِ مِنْهُ

استغفار کے پسندیدہ ہونے اوراسے کثرت سے کرنے کا بیان

4856{41}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ جَمِيعًا عَنْ حَمَّادٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنِ الْأَغَرِّ الْمُزَنِيِّ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّهُ لَيُغَانُ عَلَى قَلْبِي وَإِنِّي لَأَسْتَغْفِرُ اللَّهَ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ [6858]

4856:حضرت اَغَرّ المُزَنِيُ جنہیں صحابی ہونے (کا شرف) حاصل تھا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے دل کو پیاس لگائی جاتی ہے☆ اور میں ایک دن میں سومرتبہ استغفار کرتا ہوں۔

4857{42} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْأَغَرَّ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ ابْنَ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ تُوبُوا إِلَى اللَّهِ فَإِنِّي أَتُوبُ

4857: ابو بردہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت اَغَرّؓ سے جو نبی ﷺ کے صحابہؓ میں سے تھے سُنا کہ حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے لوگو! اللہ کے حضور توبہ کرو میں ایک دن میں سومرتبہ اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

4856 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب استحباب الاستغفار والاستکثار منه 4857
تخریج : ابو داؤد کتاب الصلاة باب فی الاستغفار 1515

4857 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب استحباب الاستغفار والاستکثار منه 4856
تخریج : ابو داؤد کتاب الصلاة باب فی الاستغفار 1515

☆ الغَيْنُ اَلْعَطَشُ (لسان العرب)

فِي الْيَوْمِ إِلَيْهِ مِائَةَ مَرَّةٍ حَدَّثَنَاه عُبَيْدُ اللَّه بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ كُلُّهُمْ عَنْ شُعْبَةَ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ [6860,6859]

4858{43}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ يَعْنِي سُلَيْمَانَ بْنَ حَيَّانَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا حَفْصٌ يَعْنِي ابْنَ غِيَاثٍ كُلُّهُمْ عَنْ هِشَامٍ ح و حَدَّثَنِي أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَابَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ [6861]

4858: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سورج کے مغرب سے طلوع ہونے سے پہلے توبہ کی اللہ اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔

[13]13:بَاب اسْتِحْبَابِ خَفْضِ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ

ذکر میں دھیمی آواز کے پسندیدہ ہونے کا بیان

4859{44} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ

4859: حضرت ابوموسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ لوگ بلند آواز

4859 : **اطراف** : **مسلم** كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب استحباب فضل الصوت بالذكر 4860 ، 4861
تخريج : **بخاری** كتاب الجهاد باب ما يكره من رفع الصوت 2992 كتاب المغازى باب غزوة خيبر 4205 كتاب الدعوات باب الدعاء اذا علا عقبةً 6384 باب قول لا حول ولا قوة الا بالله 6409 كتاب القدر باب لا حول ولا قوة الا بالله 6610 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ وكان الله سميعاً بصيراً 7386 **ترمذى** كتاب الدعوات باب ما جاء فى فضل الدعاء 3374 باب ما جاء فى فضل التسبيح.... 3461 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب فى الاستغفار 1526، 1527، 1528 **ابن ماجه** كتاب الادب باب ماجاء فى لا حول ولا قوة الا بالله 3824 ، 3825 ، 3826

عَاصِمٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَجْهَرُونَ بِالتَّكْبِيرِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّهَا النَّاسُ ارْبَعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ إِنَّكُمْ لَيْسَ تَدْعُونَ أَصَمَّ وَلَا غَائِبًا إِنَّكُمْ تَدْعُونَ سَمِيعًا قَرِيبًا وَهُوَ مَعَكُمْ قَالَ وَأَنَا خَلْفَهُ وَأَنَا أَقُولُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ فَقَالَ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ فَقُلْتُ بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ قُلْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ جَمِيعًا عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ عَاصِمٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [6863,6862]

سے تکبیر کہنے لگے۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا اے لوگو! آہستہ آرام سے! تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں بلا رہے۔ یقیناً خوب سننے والے کو جو بہت قریب ہے کو بلا رہے ہو اور وہ تمہارے ساتھ ہے۔ وہ (حضرت ابو موسیٰ ؓ) کہتے ہیں میں آپؐ کے پیچھے تھا میں کہہ رہا تھا لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ: اللہ کے سوا نہ کسی کو طاقت ہے اور نہ قوّت ہے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اے عبداللہؓ بن قیس! کیا میں تجھے جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کے بارہ میں نہ بتاؤں۔ میں نے عرض کیا کیوں نہیں یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھا کرو۔

4860{45} حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي مُوسَى أَنَّهُمْ كَانُوا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ يَصْعَدُونَ فِي ثَنِيَّةٍ قَالَ فَجَعَلَ رَجُلٌ

4860: حضرت ابو موسیٰؓ سے روایت ہے کہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور ایک گھاٹی پر چڑھ رہے تھے۔ ایک شخص جب بھی کسی گھاٹی پر چڑھتا یہ الفاظ بلند آواز سے پکارتا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔ راوی کہتے ہیں اس پر اللہ کے نبی ﷺ نے

4860 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب استحباب فضل الصوت بالذکر 4859، 4861
تخریج : بخاری کتاب الجهاد باب ما یکره من رفع الصوت 2992 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4205 کتاب الدعوات باب الدعاء اذا علا عقبةً 6384 باب قول لا حول ولا قوة الا بالله 6409 کتاب القدر باب لا حول ولا قوة الا بالله 6610 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ وکان الله سمیعاً بصیراً 7386 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ما جاء فی فضل الدعاء 3374 باب ما جاء فی فضل التسبیح......3461 **ابو داؤد** کتاب الصلاة باب فی الاستغفار 1526، 1527، 1528 **ابن ماجه** کتاب الادب باب ماجاء فی لا حول ولا قوة الا بالله 3824، 3825، 3826

كُلَّمَا عَلَا ثَنِيَّةً نَادَى لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ قَالَ فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكُمْ لَا تُنَادُونَ أَصَمَّ وَلَا غَائِبًا قَالَ فَقَالَ يَا أَبَا مُوسَى أَوْ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى كَلِمَةٍ مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ قُلْتُ مَا هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ وَأَبُو الرَّبِيعِ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَاصِمٍ {46} وحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ وَالَّذِي تَدْعُونَهُ أَقْرَبُ إِلَى أَحَدِكُمْ مِنْ عُنُقِ رَاحِلَةِ أَحَدِكُمْ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِهِ ذِكْرُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ[6867,6866,6865,6864]

فرمایاتم کسی بہرے کو یا غائب کو نہیں پکار رہے آپؐ نے فرمایا اے ابوموسیٰؓ یا (فرمایا) اے عبداللہؓ بن قیس! کیا میں جنت کے خزانے میں سے ایک کلمہ کے بارہ میں تمہیں نہ بتاؤں۔ میں نے عرض کیا وہ کیا ہے یارسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایالَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ اللہ کے سوانہ طاقت ہے نہ قوت۔

ایک روایت میں ہے کہ بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اورایک روایت میں ہے کُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِيْ سَفَرٍ۔

اورایک اورروایت کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ فِيْ غَـزَاۃٍ کے الفاظ ہیں باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگراس روایت میں یہ اضافہ ہے کہ اَلَّـذِیْ تَـدْعُـوْنَـہٗ اَقْـرَبُ اِلَـی اَحَـدِکُمْ مِنْ عُنُقِ رَاحِلَۃِ اَحَدِکُمْ یعنی اس کی قسم تم جسے پکار رہے ہو، وہ تم میں سے کسی کی سواری کی گردن سے بھی زیادہ اس کے قریب ہےاوراس روایت میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کا ذکر نہیں ہے۔

4861{47}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ وَهُوَ ابْنُ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى كَلِمَةٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ أَوْ قَالَ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ فَقُلْتُ بَلَى فَقَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ [6868]

4861: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک کلمہ نہ بتاؤں یا آپؐ نے فرمایا جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کے بارہ میں نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کیا کیوں نہیں (یا رسولؐ اللہ!) آپؐ نے فرمایا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اللہ کے سوا نہ کسی کو کوئی طاقت ہے نہ کوئی قوت ہے۔

4862{48}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي بَكْرٍ أَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِّمْنِي دُعَاءً أَدْعُو بِهِ فِي صَلَاتِي قَالَ قُلِ اللَّهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْمًا كَبِيرًا وَقَالَ قُتَيْبَةُ كَثِيرًا وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ و حَدَّثَنِيهِ أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي

4862: حضرت ابوبکرؓ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے ایسی دعا سکھایئے جو میں اپنی نماز میں کیا کروں۔ آپؐ نے فرمایا کہا کرو اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ ظُلْمًا كَبِيْرًا اے اللہ! میں نے اپنی جان پر بڑا ظلم کیا ــــ قتیبہ کہتے ہیں كَثِيْـرًا بہت زیادہ ــــ وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اور تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں۔ پس تو اپنی جناب سے میری مغفرت

4861 : اطراف : **مسلم** کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب استحباب فضل الصوت بالذکر 4859، 4860
تخریج : **بخاری** کتاب الجهاد باب ما یکره من رفع الصوت 2992 کتاب المغازی باب غزوة خیبر 4205 کتاب الدعوات باب الدعاء اذا علا عقبةً 6384 باب قول لا حول ولا قوة الا بالله 6409 کتاب القدر باب لا حول ولا قوة الا بالله 6610 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ وکان الله سمیعًا بصیرًا 7386 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ما جاء فی فضل الدعاء 3374 باب ما جاء فی فضل التسبیح....3461 **ابوداؤد** کتاب الصلاة باب فی الاستغفار 1526، 1527، 1528 **ابن ماجه** کتاب الادب باب ماجاء فی لا حول ولا قوة الا بالله 3824، 3825، 3826

4862 : **تخریج** : **بخاری** کتاب الآذان باب الدعاء قبل الاسلام 834 کتاب الدعوات باب الدعاء فی الصلاة 6326 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ وکان الله سمیعاً بصیرًا 7388 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ما جاء فی عقد التسبیح بالید 3531 **نسائی** کتاب السهو نوع آخر من الدعاء 1302 **ابن ماجه** کتاب الدعاء باب دعاء رسول الله ﷺ 3835

رَجُلٌ سَمَّاهُ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُولُ إِنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِّمْنِي يَا رَسُولَ اللَّهِ دُعَاءً أَدْعُو بِهِ فِي صَلَاتِي وَفِي بَيْتِي ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ اللَّيْثِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ ظُلْمًا كَثِيرًا [6870,6869]

فرما اور مجھ پر رحم فرما۔ یقیناً تو بہت بخشنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔
حضرت عبداللہ بن عمروؓ بن عاص بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو بکرؓ صدیق نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مجھے کوئی ایسی دعا سکھا دیجئے جو میں اپنی نماز میں اور اپنے گھر میں مانگا کروں۔
ایک روایت میں (كَبِيْرًا کی بجائے) ظُلْمًا كَثِيْرًا کے الفاظ ہیں۔

[14]14:بَاب التَّعَوُّذِ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ وَغَيْرِهَا

فتنوں وغیرہ کے شرّ سے پناہ مانگنے کا بیان

4863{49} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو بِهَؤُلَاءِ الدَّعَوَاتِ اللَّهُمَّ فَإِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنَى وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ اللَّهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ

4863:حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ان دعائیہ کلمات کے ذریعہ دعا کیا کرتے تھے۔ اَللّٰهُمَّ فَاِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنَى وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ فَاِنِّيْ

4863 : **اطراف** : **مسلم** کتاب المساجد و مواضع الصلاة باب ما يستعاذ منه فى الصلاة 916 ، 917 ، 918 ، 919 ، 920
تخريج : **بخاری** کتاب الآذان باب الدعاء قبل الاسلام 832 ،833 كتاب الاستقراض باب من استعاذ من الدين 2397 كتاب الدعوات باب التعوذ من المأثم والمغرم 6368 باب الاستعاذة من ارذل العمر 6375 باب الاستعاذة من فتنة الغنى 6376 باب التعوذ من فتنة الفقر 6377 كتاب الفتن باب ذكر الدجال 7129 **نسائی** كتاب السهو نوع آخر 1309 كتاب الاستعاذة باب الاستعاذة من المغرم والمأثم 5454 الاستعاذة من شر فتنة القبر 5466 الاستعاذة من المغرم 5472 الاستعاذة من شر فتنة الغنى 5477 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب الدعاء فى الصلاة 880 باب فى الاستعاذة 1542 ، 1543 **ابن ماجه** كتاب الدعاء باب ما تعوذ منه رسول اللهﷺ 3838

الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اللَّهُمَّ فَإِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ و حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَاد [6872,6871]

أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ
اے اللہ! میں تجھ سے آگ کی آزمائش سے اور آگ کے عذاب سے اور قبر کی آزمائش سے اور قبر کے عذاب سے اور دولت کی آزمائش کے شر سے اور غربت کی آزمائش کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ میں المسیح الدجّال کے فتنہ کے شرّ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میری خطاؤں کو برف کے پانی اور اولوں سے دھو دے اور میرے دل کو خطاؤں سے صاف کردے جس طرح تو نے سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا ہے اور میرے درمیان اور میری خطاؤں کے درمیان اسی طرح دوری ڈال دے جیسے تو نے مشرق ومغرب کے درمیان دوری ڈالی ہے۔ اے اللہ! میں سستی سے، انتہائی بڑھاپے سے، گناہ سے اور قرض کے بوجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

[15]15:بَاب التَّعَوُّذِ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَغَيْرِهِ

عاجز آجانے اور سستی وغیرہ سے پناہ طلب کرنے کا بیان

4864{50}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ وَأَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ

4864:حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دعا کرتے تھے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ

4864 : اطراف : **مسلم** كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب التعوذ من العجز.....4865

تخریج : **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب ما يتعوذ من الجبن 2822 ، 2823 كتاب التفسير باب قوله ومنكم من يرد الى ارذل العمر 4707 كتاب الدعوات باب التعوذ من عذاب القبر 6363 ، 6364 ، 6365 باب التعوذ من فتنة المحيا والممات 6367 باب التعوذ من المأثم والمغرم 6368 باب الاستعاذ ة من الجبن والكسل 6369 باب التعوذ من البخل 6370 التعوذ من ارذل العمر 6371 باب الاستعاذة من ارذل العمر 6374 ، 6375 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ما جاء فى جامع الدعوات عن النبى ﷺ 3484 ، 3485 **نسائی** كتاب الاستعاذة الاستعاذة من البخل 5447 ، 5448 الاستعاذة من الهم 5449 ، 5450 ، 5451 ، 5452 الاستعاذة من الحزن 5433 الاستعاذة من الكسل 5457 الاستعاذة من العجز 5458 ، 5459 الاستعاذة من ضلع الدين 5476 الاستعاذة من شر الكبر 5495 الاستعاذة من غلبة الرجال 5503 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب فى الاستعاذة 1540

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْبُخْلِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ و حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ كِلَاهُمَا عَنِ التَّيْمِيِّ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّ يَزِيدَ لَيْسَ فِي حَدِيثِهِ قَوْلُهُ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ {51} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَخْبَرَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ تَعَوَّذَ مِنْ أَشْيَاءَ ذَكَرَهَا وَالْبُخْلِ [6875,6874,6873]

وَالْبُخْلِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ اے اللہ! میں عاجز آجانے سے اور سستی سے، بزدلی سے اور بڑھاپے سے اور بخل سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور میں عذابِ قبر سے اور زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔

ایک روایت میں فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ کے الفاظ نہیں ہیں۔

4865 {52} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا هَارُونُ الْأَعْوَرُ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو بِهَؤُلَاءِ الدَّعَوَاتِ اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْكَسَلِ وَأَرْذَلِ الْعُمُرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ [6876]

4865: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ان دعائیہ کلمات کے ساتھ دعا کیا کرتے تھے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْكَسَلِ وَأَرْذَلِ الْعُمُرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ اے اللہ! میں بخل سے، سستی سے، بدترین عمر سے اور قبر کے عذاب سے اور زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

4865 : اطراف : **مسلم** كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب التعوذ من العجز.....4864
تخریج : بخاری کتاب الجهاد والسير باب ما يتعوذ من الجبن 2822 ، 2823 كتاب التفسير باب قوله ومنكم من يرد الى ارذل العمر 4707 كتاب الدعوات باب التعوذ من عذاب القبر 6363 ، 6364 ، 6365 باب التعوذ من فتنة المحيا والممات 6367 باب التعوذ من المأثم والمغرم 6368 باب الاستعاذ ة من الجبن والكسل 6369 باب التعوذ من البخل 6370 التعوذ من ارذل العمر 6371 باب الاستعاذة من ارذل العمر 6374 ، 6375 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ما جاء فی جامع الدعوات عن النبی ﷺ 3484 ، 3485 **نسائی** كتاب الاستعاذة الاستعاذة من البخل 5447 ، 5448 =

[16]16:بَاب فِي التَّعَوُّذِ مِنْ سُوءِ الْقَضَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَغَيْرِهِ

مقدر کی برائی اور بدبختی کے آلینے سے پناہ مانگنے کا بیان

4866{53}حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنِي سُمَيٌّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْ سُوءِ الْقَضَاءِ وَمِنْ دَرَكِ الشَّقَاءِ وَمِنْ شَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ وَمِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ قَالَ عَمْرٌو فِي حَدِيثِهِ قَالَ سُفْيَانُ أَشُكُّ أَنِّي زِدْتُ وَاحِدَةً مِنْهَا [6877]

4866: حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ بُرے مقدر سے اور بدبختی کے آلینے سے، دشمنوں کی شماتت سے اور آزمائش کی شدت سے پناہ مانگا کرتے تھے۔ عمرو نے اپنی روایت میں کہا سفیان کہتے ہیں مجھے شک ہے شاید میں نے ان میں سے ایک بات زائد کہہ دی ہے۔

4867{54}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَعْقُوبَ أَنَّ يَعْقُوبَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ بُسْرَ بْنَ سَعِيدٍ يَقُولُ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ سَمِعْتُ خَوْلَةَ بِنْتَ حَكِيمٍ السُّلَمِيَّةَ تَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ نَزَلَ مَنْزِلًا ثُمَّ قَالَ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ

4867: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت خولہ بنت حکیم سُلَمِی سے سنا وہ کہتی تھیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو کسی جگہ پر قیام کرے پھر یہ کہے کہ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی تو کوئی چیز اسے نقصان نہیں دے گی یہاں تک کہ وہ اس جگہ سے چلا جائے۔

=الاستعاذة من الهم 5449، 5450، 5451 ، 5452 الاستعاذة من الحزن 5433 الاستعاذة من الكسل 5457 الاستعاذة من العجز 5458، 5459 الاستعاذة من ضلع الدين 5476 الاستعاذة من شر الكبر 5495 الاستعاذة من غلبة الرجال 5503 **ابوداؤد** كتاب الصلاة باب فى الاستعاذة 1540

4866 : تخريج : بخارى كتاب الدعوات باب التعوذ من جهد البلاء 6347 كتاب القدر باب من تعوذ بالله من درك الشقاء 6616 **نسائى** كتاب الاستعاذة باب الاستعاذة من سوء القضاء 5491 الاستعاذة من درك الشقاء 5492

4867 : اطراف : مسلم كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فى التعوذ من سوء القضاء...4868، 4869

تخريج : ترمذى كتاب الدعوات باب ماجاء ما يقول اذ نزل منزلاً 3437 **ابن ماجه** كتاب الطب باب الفزع والأرق وما يتعوذ منه 3547

التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ حَتَّى يَرْتَحِلَ مِنْ مَنْزِلِهِ ذَلِكَ [6878]

4868{55} وحَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ وَأَبُو الطَّاهِرِ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ وَهْبٍ وَاللَّفْظُ لِهَارُونَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ وَأَخْبَرَنَا عَمْرٌو وَهُوَ ابْنُ الْحَارِثِ أَنَّ يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَبِيبٍ وَالْحَارِثَ بْنَ يَعْقُوبَ حَدَّثَاهُ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيمٍ السُّلَمِيَّةِ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا نَزَلَ أَحَدُكُمْ مَنْزِلًا فَلْيَقُلْ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ فَإِنَّهُ لَا يَضُرُّهُ شَيْءٌ حَتَّى يَرْتَحِلَ مِنْهُ [6879]

4868:حضرت سعدؓ بن ابی وقاص حضرت خولہ بنت حکیمؓ سُلَمِيَّة سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں سے کوئی کسی جگہ پر اترے تو اسے چاہیے کہ وہ کہے أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعہ پناہ میں آتا ہوں ہر چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے پھر اسے کوئی چیز نقصان نہیں دے گی یہانتک کہ وہ وہاں سے کوچ کر جائے۔

4869{...} قَالَ يَعْقُوبُ وَقَالَ الْقَعْقَاعُ بْنُ حَكِيمٍ عَنْ ذَكْوَانَ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا لَقِيتُ مِنْ عَقْرَبٍ لَدَغَتْنِي الْبَارِحَةَ قَالَ أَمَا لَوْ قُلْتَ حِينَ أَمْسَيْتَ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

4869: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کل رات جس بچھو نے مجھے کاٹا تھا اس سے مجھے کیا ہی تکلیف ہوئی !!! آپؐ نے فرمایا اگر تم نے شام کے وقت یہ کہا ہوتا أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ کہ میں اللہ کے کامل

4868 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فی التعوذ من سوء القضاء....4867 ، 4869
تخریج : ترمذی کتاب الدعوات باب ماجاء ما یقول اذ نزل منزلاً 3437 ابن ماجه کتاب الطب باب الفزع والأرق وما یتعوذ منه 3547

4869 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب فی التعوذ من سوء القضاء....4867 ، 4868
تخریج : ترمذی کتاب الدعوات باب ماجاء ما یقول اذ نزل منزلاً 3437 ابن ماجه کتاب الطب باب الفزع والأرق وما یتعوذ منه 3547

لَمْ تَضُرَّكَ و حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ الْمِصْرِيُّ أَخْبَرَنِي اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ يَعْقُوبَ أَنَّهُ ذَكَرَ لَهُ أَنَّ أَبَا صَالِحٍ مَوْلَى غَطَفَانَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَدَغَتْنِي عَقْرَبٌ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ وَهْبٍ [6881,6880]

کلمات سے ہر اس چیز کے شر سے اس کی پناہ میں آتا ہوں جو اس نے پیدا کی ہے تو وہ (بچھو) تجھے نقصان نہ دیتا۔

ایک روایت میں قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ لَدَغَتْنِي عَقْرَبٌ کے الفاظ ہیں باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

[17]17: بَاب: مَا يَقُولُ عِنْدَ النَّوْمِ وَأَخْذِ الْمَضْجَعِ

باب: سونے کے وقت اور بستر پر جاتے وقت کیا کہے

4870{56} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِعُثْمَانَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ حَدَّثَنِي الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ فَتَوَضَّأْ وُضُوءَكَ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلَى شِقِّكَ الْأَيْمَنِ ثُمَّ قُلِ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْلَمْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ رَغْبَةً

4870: حضرت براء بن عازب ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تو اپنے بستر پر جانے لگے تو اپنے نماز کے وضوء کی طرح وضوء کر پھر اپنے دائیں پہلو پر لیٹ جا پھر کہہ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْلَمْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ اے اللہ! میں نے اپنا وجود تیرے سپرد کیا

4870 : اطراف : مسلم كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب ما يقول عند النوم .. 4871، 4872، 4873، 4874، 4875، 4876

تخريج : بخارى كتاب الوضوء باب فضل من بات على الوضوء 247 كتاب الدعوات باب اذا بات طاهراً 6311 باب ما يقول اذا نام 6312، 6313 باب وضع اليد تحت الخد اليمنى 6314 باب النوم على الشق الايمن 6315 باب التعوذ والقراءة عند المنام 6320 باب مايقول اذا اصبح 6324 كتاب التوحيد باب السؤال باسماء الله تعالىٰ ... 7393، 7394، 7395 باب قول الله تعالىٰ أنزله بعلمه 7488 **ترمذى** كتاب الدعوات باب ماجاء فى الدعاء اذا اوى الى فراشه 3394، 3395، 3396، 3401 باب ما جاء فى الدعاء اذا اوى الى فراشه 3400 باب ما جاء فى الدعاء اذا انتبه من الليل 3417 باب ما جاء فى جامع الدعوات عن النبى ﷺ 3481 باب فى انتظار الفرج و غير ذلک 3574 **ابو داؤد** كتاب الادب باب ما يقال عند النوم 5046، 5049، 5050، 5051، 5053 **ابن ماجه** كتاب الدعاء باب دعاء رسول الله 3831 باب ما يدعوبه اذا اوى الى فراشه 3874، 3876 باب ما يدعو به اذا انتبه من الليل 3880

وَرَهْبَةً إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ وَاجْعَلْهُنَّ مِنْ آخِرِ كَلَامِكَ فَإِنْ مُتَّ مِنْ لَيْلَتِكَ مُتَّ وَأَنْتَ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ فَرَدَّدْتُهُنَّ لِأَسْتَذْكِرَهُنَّ فَقُلْتُ آمَنْتُ بِرَسُولِكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ قَالَ قُلْ آمَنْتُ بِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ حُصَيْنًا عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ غَيْرَ أَنَّ مَنْصُورًا أَتَمُّ حَدِيثًا وَزَادَ فِي حَدِيثِ حُصَيْنٍ وَإِنْ أَصْبَحَ أَصَابَ خَيْرًا [6883,6882]

اور اپنا سب معاملہ تجھے سونپا اور تیری طرف رغبت رکھتے ہوئے اور تیرے خوف سے تجھے ہی اپنا سہارا بنایا۔ تیرے سوا کوئی پناہ گاہ اور نجات کی جگہ نہیں۔ تیری کتاب پر جو تو نے نازل کی اور تیرے نبیؐ پر جسے تو نے بھیجا میں ایمان لایا۔ (حضورؐ نے یہ ارشاد فرمایا کہ) ان (کلمات) کو اپنے کلام کا آخری حصہ بنالے۔ پس اگر تو اپنی اس رات مر گیا تو تو فطرت پر مرے گا۔ وہ کہتے ہیں پھر میں نے ان کلمات کو یاد رکھنے کے لئے دہرایا۔ میں نے کہا کہ میں تیرے اس رسول پر ایمان لاتا ہوں جو تو نے بھیجا۔ آپؐ نے فرمایا کہہ میں تیرے اس نبی پر ایمان لایا جو تو نے بھیجا۔ ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ (فرمایا) اِنْ اَصْبَحَ اَصَابَ خَيْرًا یعنی اگر اس نے صبح کی تو وہ خیر پائے گا۔

4871{57} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ وَأَبُو دَاوُدَ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ يُحَدِّثُ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ رَسُولَ

4871: حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو ارشاد فرمایا کہ وہ جب رات کو اپنے بستر پر جائے تو کہے اللَّهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ

4871 : **اطراف** : **مسلم** كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب ما يقول عند النوم .. 4870 ، 4872 ، 4873 ، 4874 ، 4875 ، 4876

تخريج : **بخاری** كتاب الوضوء باب فضل من بات على الوضوء 247 كتاب الدعوات باب اذا بات طاهراً 6311 باب ما يقول اذا نام 6312 ، 6313 باب وضع اليد تحت الخد اليمنى 6314 باب النوم على الشق الايمن 6315 باب التعوذ والقراءة عند المنام 6320 باب مايقول اذا اصبح 6324 كتاب التوحيد باب السؤال باسماء الله تعالىٰ ... 7393 ، 7394 ، 7395 باب قول الله تعالىٰ أنزله بعلمه 7488 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ماجاء فى الدعاء اذا اوى الى فراشه 3394 ، 3395 ، 3396 ، 3401 باب ما جاء فى الدعاء اذا اوى الى فراشه 3400 باب ما جاء فى الدعاء اذا انتبه من الليل 3417 باب ما جاء فى جامع الدعوات عن النبى ﷺ 3481 باب فى انتظار الفرج و غير ذلک 3574 **ابو داؤد** كتاب الادب باب ما يقال عند النوم 5046 ، 5049 ، 5050 ، 5051 ، 5053 **ابن ماجه** كتاب الدعاء باب دعاء رسول الله 3831 باب ما يدعو به اذا اوى الى فراشه 3874 ، 3876 باب ما يدعو به اذا انتبه من الليل 3880

اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ رَجُلًا إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ أَنْ يَقُولَ اللَّهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِرَسُولِكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ فَإِنْ مَاتَ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ بَشَّارٍ فِي حَدِيثِهِ مِنَ اللَّيْلِ

أَمْرِي إِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِرَسُولِكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ اے اللہ! میں نے اپنی جان تیرے سپرد کردی اور اپنی توجہ تیری طرف کی اور تجھے ہی اپنا سہارا بنایا اور میں نے اپنا معاملہ تیرے سپرد کیا تیری طرف رغبت کرتے ہوئے اور تجھ سے ڈرتے ہوئے۔ تیرے سوا کوئی پناہ گاہ اور نجات کی جگہ نہیں۔ میں تیری کتاب پر جو تو نے نازل کی اور تیرے رسولؐ پر جسے تو نے بھیجا ایمان لایا (اور فرمایا) پھر اگر وہ مرگیا تو فطرت پر مرے گا۔ ابن بشّار نے اپنی روایت میں رات کا ذکر نہیں کیا۔

{58} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ يَا فُلَانُ إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ بِمِثْلِ حَدِيثِ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ فَإِنْ مُتَّ مِنْ لَيْلَتِكَ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ وَإِنْ أَصْبَحْتَ أَصَبْتَ خَيْرًا حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ أَنَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا بِمِثْلِهِ وَلَمْ يَذْكُرْ وَإِنْ أَصْبَحْتَ أَصَبْتَ خَيْرًا [6886,6885,6884]

ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص سے فرمایا اے فلاں! اِذَا اَوَيْتَ اِلٰى فِرَاشِكَ جب تو اپنے بستر پر (سونے کے لئے) جائے.... باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں (بِرَسُولِكَ الَّذِىْ اَرْسَلْتَ کی بجائے) وَبِنَبِيِّكَ الَّذِىْ اَرْسَلْتَ کے الفاظ ہیں۔
اور ایک روایت اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ رَجُلًا کے الفاظ سے شروع ہوتی ہے مگر اس روایت میں اِنْ اَصْبَحْتَ اَصَبْتَ خَيْرًا کے الفاظ نہیں ہیں۔

4872 {59} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ عَنْ

4872: حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب اپنے بستر پر لیٹتے تو کہتے اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ

4872 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب ما یقول عند النوم .. 4870، 4871، 4873، 4874، 4875، 4876=

أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوسَى عَنِ الْبَرَاءِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ قَالَ اللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَحْيَا وَبِاسْمِكَ أَمُوتُ وَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ [6887]

أَحْيَا وَبِاسْمِكَ أَمُوْتُ اے اللہ! تیرے نام کے ساتھ میں زندہ ہوتا ہوں اور تیرے نام کے ساتھ مرتا ہوں اور جب بیدار ہوتے تو کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔

4873{60} حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ الْحَارِثِ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ أَمَرَ رَجُلًا إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ قَالَ اللَّهُمَّ خَلَقْتَ نَفْسِي وَأَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا إِنْ أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَإِنْ أَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ أَسَمِعْتَ هَذَا مِنْ عُمَرَ فَقَالَ مِنْ خَيْرٍ مِنْ عُمَرَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ نَافِعٍ فِي رِوَايَتِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ وَلَمْ يَذْكُرْ سَمِعْتُ [6888]

4873: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے کسی شخص کو حکم دیا کہ جب وہ اپنے بستر پر جائے تو کہے اللَّهُمَّ خَلَقْتَ نَفْسِي وَأَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا إِنْ أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَإِنْ أَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ اے اللہ تو نے میرے نفس کو پیدا کیا اور تو ہی اسے وفات دے گا۔ اس کی موت اور اس کی زندگی تیرے ہی لئے ہے۔ اگر تو اسے زندہ رکھے تو اس کی حفاظت فرما اور اگر تو اسے مار دے تو اسے بخش دینا۔ اے اللہ میں تجھ سے عافیت طلب کرتا ہوں۔ اس پر ایک شخص نے کہا کیا آپ نے یہ بات حضرت عمرؓ سے سنی ہے؟ انہوں نے کہا حضرت عمرؓ سے بھی بہتر یعنی

= **تخریج : بخاری** کتاب الوضوء باب فضل من بات علی الوضوء 247 کتاب الدعوات باب اذا بات طاهراً 6311 باب ما یقول اذا نام 6312 ، 6313 باب وضع الید تحت الخد الیمنی 6314 باب النوم علی الشق الایمن 6315 باب التعوذ والقراء ة عند المنام 6320 باب مایقول اذا اصبح 6324 کتاب التوحید باب السؤال باسماء الله تعالیٰ ...7393 ، 7394 ، 7395 باب قول الله تعالیٰ أنزله بعلمه 7488 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ماجاء فی الدعاء اذا اوی الی فراشه 3394 ، 3395 ، 3396 ،3401 باب ما جاء فی الدعاء اذا اوی الی فراشه 3400 باب ما جاء فی الدعاء اذا انتبه من اللیل 3417 باب ما جاء فی جامع الدعوات عن النبی ﷺ 3481 باب فی انتظار الفرج و غیر ذلک 3574 **ابوداؤد** کتاب الادب باب ما یقال عند النوم 5046 ، 5049 ، 5050 ،5051 ، 5053 **ابن ماجه** کتاب الدعاء باب دعاء رسول الله 3831 باب ما یدعو به اذا اوی الی فراشه 3874، 3876 باب ما یدعو به اذا انتبه من اللیل 3880

4873 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب ما یقول عند النوم .. 4870 ، 4871 ، 4872 ، 4874 ، 4875 ، 4876 =

4874{61}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ قَالَ كَانَ أَبُو صَالِحٍ يَأْمُرُنَا إِذَا أَرَادَ أَحَدُنَا أَنْ يَنَامَ أَنْ يَضْطَجِعَ عَلَى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ يَقُولُ اللَّهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ وَرَبَّ الْأَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوَى وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْفُرْقَانِ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ اللَّهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُونَكَ شَيْءٌ اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَأَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ وَكَانَ يَرْوِي ذَلِكَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ {62} و حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي الطَّحَّانَ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہﷺ سے۔

4904{92} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ وَهُوَ ابْنُ صَالِحٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا يَزَالُ يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ أَوْ قَطِيعَةِ رَحِمٍ مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا الِاسْتِعْجَالُ قَالَ يَقُولُ قَدْ دَعَوْتُ وَقَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ أَرَ يَسْتَجِيبُ لِي فَيَسْتَحْسِرُ عِنْدَ ذَلِكَ وَيَدَعُ الدُّعَاءَ [6936]

4904: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ بندہ کی دعا اس وقت تک قبول کی جاتی ہے جب تک وہ گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے۔ جب تک وہ جلد بازی نہ کرے۔ عرض کیا گیا یا رسولؐ اللہ! جلد بازی سے کیا مراد ہے؟ آپؐ نے فرمایا وہ کہتا ہے کہ میں نے دعا کی میں نے دعا کی لیکن میں نہیں دیکھتا کہ وہ میری دعا قبول کرے گا۔ تب وہ تھک جاتا ہے اور دعا ترک کر دیتا ہے۔

4903 : اطراف : **مسلم** کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار باب بیان انه یستجاب للداعی...4902، 4904
تخریج : بخاری کتاب الدعوات باب یستجاب للعبد ما لم یعجل 6340 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ماجاء فیمن یستعجل فی دعائه 3387 **ابو داؤد** کتاب الصلاۃ باب الدعاء 1484 **ابن ماجه** کتاب الدعاء باب یستجاب لاحدکم ما لم یعجل 3853
4904 : اطراف : **مسلم** کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار باب بیان انه یستجاب للداعی...4902، 4903
تخریج : بخاری کتاب الدعوات باب یستجاب للعبد ما لم یعجل 6340 **ترمذی** کتاب الدعوات باب ماجاء فیمن یستعجل فی دعائه 3387 **ابو داؤد** کتاب الصلاۃ باب الدعاء 1484 **ابن ماجه** کتاب الدعاء باب یستجاب لاحدکم ما لم یعجل 3853

كِتَابُ الرِّقَاق

دل کو نرم کرنے والی باتیں

[26]26:بَاب:أَكْثَرُ أَهْلِ الْجَنَّةِ الْفُقَرَاءُ وَأَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ النِّسَاءُ وَبَيَانِ الْفِتْنَةِ بِالنِّسَاءِ

باب: اکثر اہلِ جنت فقراء ہیں اور اکثر دوزخی عورتیں ہیں اور عورتوں کی وجہ سے آزمائش کا بیان

4905{93}حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِد حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذ الْعَنْبَرِيُّ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ كُلُّهُمْ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْد قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْتُ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِينُ وَإِذَا أَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوسُونَ إِلَّا أَصْحَابَ النَّارِ فَقَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ وَقُمْتُ عَلَى بَابِ النَّارِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ [6937]

4905: حضرت اسامہ بن زیدؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں جنت کے دروازہ پر کھڑا ہوا (کیا دیکھتا ہوں کہ) عام طور پر اس میں داخل ہونے والے مساکین تھے اور مالداروں کو جنت میں جانے سے روک دیا گیا تھا سوائے آگ والوں کے جن کو آگ کی طرف جانے کا حکم دے دیا گیا تھا۔ میں جہنم کے دروازہ پر کھڑا ہوا تو (کیا دیکھتا ہوں کہ) اس میں عام طور پر داخل ہونے والی عورتیں ہیں۔

4905 : اطراف : مسلم كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار باب أكثر اهل الجنة الفقراء...4906 ، 4907
تخريج : بخاری كتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة ...3241 كتاب النكاح باب لا تأذن المرأة فی بيت زوجها...5196 باب كفران العشير 5198 كتاب الرقاق باب فضل الفقر 6449 باب صفة الجنة والنار 6547 ، 6546 **ترمذی** كتاب صفة جهنم باب ما جاء ان اكثر اهل النار النساء 2602 ، 2603

4906{94}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ أَخْبَرَنَا أَيُّوبُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ و حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْهَبِ حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطَّلَعَ فِي النَّارِ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ سَمِعَ أَبَا رَجَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ [6941,6940,6939,6938]

4906 : حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ محمد ﷺ نے فرمایا کہ میں نے جنت میں جھانکا تو اس کے باشندوں کو فقراء دیکھا۔ دوزخ میں جھانک کر دیکھا تو اس میں اکثر عورتیں دیکھیں۔
ایک روایت میں (اِطَّلَعْتُ فِي النَّارِ کی بجائے) اِطَّلَعَ فِي النَّارِ کے الفاظ ہیں۔

4907{95} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ قَالَ كَانَ لِمُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ امْرَأَتَانِ فَجَاءَ مِنْ عِنْدِ إِحْدَاهُمَا فَقَالَتِ الْأُخْرَى جِئْتَ

4907: ابوالتیاح بیان کرتے ہیں کہ مطرّف بن عبداللہ کی دو بیویاں تھیں۔ وہ دونوں میں سے ایک کے پاس سے آئے تو دوسری نے کہا کہ تم فلاں کے پاس سے آئے ہو۔ انہوں نے کہا کہ میں حضرت عمران بن حصینؓ

4906 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب أكثر اهل الجنة الفقراء...4905 ، 4907
تخریج : بخاری کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة ...3241 کتاب النكاح باب لا تأذن المرأة فی بیت زوجها...5196 باب كفران العشير 5198 كتاب الرقاق باب فضل الفقر 6449 باب صفة الجنة والنار 6547 ، 6546 **ترمذی** كتاب صفة جهنم باب ما جاء ان اكثر اهل النار النساء 2602 ، 2603

4907 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب أكثر اهل الجنة الفقراء...4905 ، 4906
تخریج : بخاری کتاب بدء الخلق باب ما جاء فی صفة الجنة ...3241 کتاب النكاح باب لا تأذن المرأة فی بیت زوجها...5196 باب كفران العشير 5198 كتاب الرقاق باب فضل الفقر 6449 باب صفة الجنة والنار 6547 ، 6546 **ترمذی** كتاب صفة جهنم باب ما جاء ان اكثر اهل النار النساء 2602 ، 2603

مِنْ عِنْد فُلَانَةَ فَقَالَ جِئْتُ مِنْ عِنْدِ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ فَحَدَّثَنَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَقَلَّ سَاكِنِي الْجَنَّةِ النِّسَاءُ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيد بْن عَبْد الْحَمِيد حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا يُحَدِّثُ أَنَّهُ كَانَتْ لَهُ امْرَأَتَانِ بِمَعْنَى حَدِيثِ مُعَاذٍ [6943,6942]

کے پاس سے آیا ہوں۔ انہوں نے ہمیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں رہنے والوں میں سب سے کم عورتیں ہیں۔

ایک روایت میں (كَانَ الْمُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ کی بجائے) سَمِعْتُ مُطَرَّفًا يُحَدِّثُ کے الفاظ ہیں۔

4908{96}حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبُو زُرْعَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيعِ سَخَطِكَ [6944]

4908: حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی ایک دعا یہ بھی تھی اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَعُوذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيعِ سَخَطِكَ اے اللہ! میں تیری نعمت کے زائل ہونے سے اور تیری (عطا کردہ) عافیت کے جاتے رہنے سے اور تیری ناگہانی سزا سے اور ہر ناراضگی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

4909{97}حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4909: حضرت اسامہ بن زیدؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں (اپنی وفات کے) بعد مردوں کے لئے عورتوں سے زیادہ ضرررساں کوئی آزمائش نہیں چھوڑ رہا۔

4908 : تخریج : ابو داؤد کتاب الصلاۃ باب فی الاستعاذۃ 1545

4909 : اطراف : مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار باب أکثر اهل الجنۃ الفقراء.........4910

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب ما یتقی من شئوم المرأۃ 5096 **ترمذی** کتاب الادب باب ما جاء فی تحذیر فتنۃ النساء 2780 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنۃ النساء 3998

مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِتْنَةً هِيَ أَضَرُّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ [6945]

4910{98} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى جَمِيعًا عَنِ الْمُعْتَمِرِ قَالَ ابْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ قَالَ أَبِي حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَسَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ أَنَّهُمَا حَدَّثَا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَا تَرَكْتُ بَعْدِي فِي النَّاسِ فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ كُلُّهُمْ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [6947,6946]

4910: حضرت اسامہ بن زیدؓ بن حارثہ اور حضرت سعیدؓ بن زید بن عمرو بن نفیل نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں اپنی وفات کے بعد انسانوں میں مردوں کے لئے عورتوں سے زیادہ ضرررساں کوئی آزمائش نہیں چھوڑ رہا۔

4911{99} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا نَضْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ

4911: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا یقیناً دنیا شیریں (اور) سرسبز ہے اور اللہ تمہیں اس میں (پہلوں کا) جانشین بنانے والا ہے۔ پھر وہ دیکھے گا کہ تم اس میں کیسے کام کرتے ہو۔

4910 : اطراف : **مسلم** کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار باب أکثر اهل الجنة الفقراء...4909

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب ما یتقی من شئوم المرأة 5096 **ترمذی** کتاب الادب باب ما جاء فی تحذیر فتنة النساء 2780 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة النساء 3998

4911 : تخریج : ترمذی کتاب الفتن باب ماجاء ما اخبر النبی ﷺ اصحابه ... 2191 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب فتنة النساء 4000

الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ وَإِنَّ اللَّهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا فَيَنْظُرُ كَيْفَ تَعْمَلُونَ فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ فَإِنَّ أَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَانَتْ فِي النِّسَاءِ وَفِي حَدِيثِ ابْنِ بَشَّارٍ لِيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ [6948]

پس تم دنیا کے بارہ میں تقویٰ اختیار کرو اور عورتوں کے بارہ میں تقویٰ اختیار کرو کیونکہ بنی اسرائیل میں پہلی آزمائش عورتوں کے بارہ میں تھی۔

ایک روایت میں (فَيَنْظُرُ كَيْفَ تَعْمَلُونَ کی بجائے) لِيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ کے الفاظ ہیں۔

كِتَابُ التَّوبة

توبہ کی کتاب

[27]1: بَاب: قِصَّةُ أَصْحَابِ الْغَارِ الثَّلَاثَةِ وَالتَّوَسُّلِ بِصَالِحِ الْأَعْمَالِ

باب: تین غار والوں کا قصہ اور نیک اعمال کے وسیلہ سے مدد چاہنا

4912{100} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَقَ الْمُسَيَّبِيُّ حَدَّثَنِي أَنَسٌ يَعْنِي ابْنَ عِيَاضٍ أَبَا ضَمْرَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ بَيْنَمَا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ يَتَمَشَّوْنَ أَخَذَهُمُ الْمَطَرُ فَأَوَوْا إِلَى غَارٍ فِي جَبَلٍ فَانْحَطَّتْ عَلَى فَمِ غَارِهِمْ صَخْرَةٌ مِنَ الْجَبَلِ فَانْطَبَقَتْ عَلَيْهِمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ انْظُرُوا أَعْمَالًا عَمِلْتُمُوهَا صَالِحَةً لِلَّهِ فَادْعُوا اللَّهَ تَعَالَى بِهَا لَعَلَّ اللَّهَ يَفْرُجُهَا عَنْكُمْ فَقَالَ أَحَدُهُمُ اللَّهُمَّ إِنَّهُ كَانَ لِي وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيرَانِ وَامْرَأَتِي وَلِيَ صِبْيَةٌ صِغَارٌ أَرْعَى عَلَيْهِمْ فَإِذَا أَرَحْتُ عَلَيْهِمْ حَلَبْتُ فَبَدَأْتُ بِوَالِدَيَّ فَسَقَيْتُهُمَا قَبْلَ بَنِيَّ وَأَنَّهُ نَأَى بِي ذَاتَ يَوْمٍ الشَّجَرُ فَلَمْ آتِ حَتَّى أَمْسَيْتُ فَوَجَدْتُهُمَا قَدْ نَامَا فَحَلَبْتُ كَمَا كُنْتُ أَحْلُبُ فَجِئْتُ بِالْحِلَابِ فَقُمْتُ عِنْدَ

4912: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین آدمی جا رہے تھے کہ انہیں بارش نے آلیا۔ انہوں نے پہاڑ کے ایک غار میں پناہ لی۔ اتنے میں ان کے غار کے منہ پر پہاڑ سے ایک چٹان گری اور اس کو ان پر بند کر دیا۔ انہوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ تم اپنے اپنے اعمال صالحہ پر نظر کرو جو تم نے محض اللہ کے لئے کئے ہوں۔ پھر ان کے واسطہ سے اللہ تعالیٰ سے دعا کرو۔ امید ہے کہ اللہ اس (چٹان) کو تم سے دور کر دے۔ چنانچہ ان میں سے ایک نے عرض کیا اے اللہ! میرے بہت بوڑھے والدین اور میری بیوی اور میرے چھوٹے چھوٹے بچے تھے۔ جن کی خاطر میں بکریاں چرایا کرتا تھا۔ بکریاں چرا کر انکے پاس واپس آتا تو (بکریوں کا) دودھ دوہتا اور اپنے والدین سے شروع کرتا اور اپنے بچوں سے پہلے اُن دونوں کو دودھ پلاتا۔ ایک دن درختوں کے لئے میں دور چلا گیا اور جب

4912 : تخریج : بخاری کتاب البیوع باب اذا اشتری شیئًا لغیرہ... 2215 کتاب الاجارة باب من استاجر اجیراً فترک اجرہ 2272 کتاب الحرث والمزارعة باب اذا زرع بمال قوم بغیر اذنهم 2233 کتاب حدیث الانبیاء باب حدیث الغار 3465 کتاب الادب باب اجابة دعاء من بر والدیہ 5974 **ابو داؤد** کتاب البیوع باب فی الرجل یتجر فی... 3387

رُءُوسِهِمَا أَكْرَهُ أَنْ أُوقِظَهُمَا مِنْ نَوْمِهِمَا وَأَكْرَهُ أَنْ أَسْقِيَ الصِّبْيَةَ قَبْلَهُمَا وَالصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ قَدَمَيَّ فَلَمْ يَزَلْ ذَلِكَ دَأْبِي وَدَأْبَهُمْ حَتَّى طَلَعَ الْفَجْرُ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ ذَلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا فُرْجَةً نَرَى مِنْهَا السَّمَاءَ فَفَرَجَ اللَّهُ مِنْهَا فُرْجَةً فَرَأَوْا مِنْهَا السَّمَاءَ وَقَالَ الْآخَرُ اللَّهُمَّ إِنَّهُ كَانَتْ لِي ابْنَةُ عَمٍّ أَحْبَبْتُهَا كَأَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرِّجَالُ النِّسَاءَ وَطَلَبْتُ إِلَيْهَا نَفْسَهَا فَأَبَتْ حَتَّى آتِيَهَا بِمِائَةِ دِينَارٍ فَتَعِبْتُ حَتَّى جَمَعْتُ مِائَةَ دِينَارٍ فَجِئْتُهَا بِهَا فَلَمَّا وَقَعْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا قَالَتْ يَا عَبْدَ اللَّهِ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تَفْتَحِ الْخَاتَمَ إِلَّا بِحَقِّهِ فَقُمْتُ عَنْهَا فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ ذَلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا فُرْجَةً فَفَرَجَ لَهُمْ وَقَالَ الْآخَرُ اللَّهُمَّ إِنِّي كُنْتُ اسْتَأْجَرْتُ أَجِيرًا بِفَرَقِ أَرُزٍّ فَلَمَّا قَضَى عَمَلَهُ قَالَ أَعْطِنِي حَقِّي فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ فَرَقَهُ فَرَغِبَ عَنْهُ فَلَمْ أَزَلْ أَزْرَعُهُ حَتَّى جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَرِعَاءَهَا فَجَاءَنِي فَقَالَ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تَظْلِمْنِي حَقِّي قُلْتُ اذْهَبْ إِلَى تِلْكَ الْبَقَرِ وَرِعَائِهَا فَخُذْهَا فَقَالَ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تَسْتَهْزِئْ بِي فَقُلْتُ إِنِّي لَا أَسْتَهْزِئُ بِكَ خُذْ ذَلِكَ الْبَقَرَ وَرِعَاءَهَا فَأَخَذَهُ فَذَهَبَ بِهِ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ

آیا تو شام ہو چکی تھی۔ (جب میں گھر آیا) تو (اپنے) دونوں (والدین) کو سوئے ہوئے پایا۔ چنانچہ میں نے دودھ دوہا جیسے میں دوہا کرتا تھا اور دودھ کا برتن لے کر ان دونوں کے سرہانے کھڑا ہو گیا۔ میں نے ان دونوں کو نیند سے جگانے کو نا پسند کیا۔ ان سے پہلے بچوں کو دودھ پلانا بھی پسند نہ کرتا تھا حالانکہ بچے میرے قدموں میں بھوک کی وجہ سے شور مچا رہے تھے۔ میرا اور اُن کا یہی حال رہا یہاں تک فجر طلوع ہو گئی۔ پس اگر تو جانتا ہے کہ میں نے یہ صرف تیری رضا کے لئے کیا تھا تو ہمارے لئے کچھ کشادگی پیدا فرما دے کہ ہم آسمان کو دیکھ لیں۔ پس اللہ نے اس میں کچھ کشادگی پیدا کر دی اور انہوں نے آسمان کو دیکھ لیا۔ دوسرے نے کہا کہ اے اللہ! میری ایک چچازاد تھی مجھے اس سے اتنی زیادہ محبت تھی جتنی مردوں کو عورتوں سے ہو سکتی ہے۔ میں نے اس سے مقاربت چاہی مگر اس نے انکار کیا یہانتک کہ میں اس کے پاس سو دینار لے کر آؤں۔ چنانچہ میں نے محنت مشقت کی یہانتک کہ سو دینار اکٹھے کر لئے اور اس کے پاس لے آیا۔ جب میں اس کی ٹانگوں کے درمیان بیٹھ گیا تو اس نے کہا اے اللہ کے بندے! اللہ سے ڈر اور مہر کو ناحق مت کھول۔ چنانچہ میں اس کے پاس سے کھڑا ہو گیا۔ پس (اے اللہ!) اگر تو جانتا ہے کہ میں نے یہ صرف تیری رضاء جوئی کے لئے کیا تو اس میں

ذَلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مَا بَقِيَ فَفَرَجَ اللَّهُ مَا بَقِيَ و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا أَخْبَرَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ ح و حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ ح و حَدَّثَنِي أَبُو كُرَيْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفٍ الْبَجَلِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا أَبِي وَرَقَبَةُ بْنُ مَسْقَلَةَ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَحَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالُوا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنُونَ ابْنَ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ كُلُّهُمْ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ أَبِي ضَمْرَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ وَزَادُوا فِي حَدِيثِهِمْ وَخَرَجُوا يَمْشُونَ وَفِي حَدِيثِ صَالِحٍ يَتَمَاشَوْنَ إِلَّا عُبَيْدَ اللَّهِ فَإِنَّ فِي حَدِيثِهِ وَخَرَجُوا وَلَمْ يَذْكُرْ بَعْدَهَا شَيْئًا حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيمِيُّ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بَهْرَامَ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ قَالَ ابْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا وقَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي

ہمارے لئے (مزید) کشادگی پیدا فرمادے۔ چنانچہ اللہ نے ان کے لئے (مزید) کشادگی پیدا فرمادی۔ تب تیسرے نے عرض کیا اے اللہ! میں نے ایک شخص کو ایک فرق☆ چاول کی اجرت پر مزدور رکھا تھا۔ جب اس نے اپنی مزدوری پوری کر لی تو اس نے کہا کہ مجھے میرا حق دے دو۔ میں نے اس کے سامنے اس کا ایک فرق (چاول) رکھ دیا لیکن اس نے اس کو نہ لیا۔ میں اس چاول کو کاشت کرتا رہا یہانتک کہ میں نے اس کی بدولت گائیاں اوران کے چرواہے جمع کر لئے پھر وہ میرے پاس آیا اور کہا کہ اللہ سے ڈرو اور میرے حق میں کمی مت کرو۔ میں نے کہا کہ جاؤ، یہ سب گائیاں اور اس کے چرواہے لے جاؤ۔ اس پر اس نے کہا اللہ سے ڈرو اور مجھ سے مذاق نہ کرو۔ میں نے کہا کہ میں تم سے مذاق نہیں کر رہا۔ یہ گائیاں اور ان کے چرواہے لے جاؤ۔ پس وہ ان کو اپنے ساتھ لے کر چلا گیا۔ پس (اے اللہ!) اگر تو جانتا ہے کہ میں نے یہ محض تیری رضا جوئی کے لئے کیا ہے تو جو رہ گیا ہے اس کو بھی ہمارے لئے کھول دے۔ چنانچہ اللہ نے باقی ماندہ بھی کھول دیا۔

ایک روایت میں وَخَرَجُوْا يَمْشُوْنَ اور ایک

☆ فرق: ایک پیمانہ ہے جو تقریباً 9 سیر کا ہوتا ہے مگر یہ مدِّنظر رہے کہ یہ پیمانے مختلف علاقوں اور مختلف زمانوں میں کم و بیش مقدار میں استعمال ہوتے رہے ہیں۔

سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ انْطَلَقَ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حَتَّى آوَاهُمُ الْمَبِيتُ إِلَى غَارٍ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ قَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ اللَّهُمَّ كَانَ لِي أَبَوَانِ شَيْخَانِ كَبِيرَانِ فَكُنْتُ لَا أَغْبُقُ قَبْلَهُمَا أَهْلًا وَلَا مَالًا وَقَالَ فَامْتَنَعَتْ مِنِّي حَتَّى أَلَمَّتْ بِهَا سَنَةٌ مِنَ السِّنِينَ فَجَاءَتْنِي فَأَعْطَيْتُهَا عِشْرِينَ وَمِائَةَ دِينَارٍ وَقَالَ فَثَمَّرْتُ أَجْرَهُ حَتَّى كَثُرَتْ مِنْهُ الْأَمْوَالُ فَارْتَعَجَتْ وَقَالَ فَخَرَجُوا مِنَ الْغَارِ يَمْشُونَ [6951,6950,6949]

روایت میں وَخَرَجُوْا يَتَمَشَّوْنَ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں کے الفاظ ہیں اور اس کے بعد وَخَرَجُوْا کے الفاظ کا ذکر نہیں۔

ایک روایت میں (قَالَ بَيْنَمَا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ کی بجائے) يَقُوْلُ اِنْطَلَقَ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ یعنی فرمایا جو لوگ تم سے قبل ہوئے ہیں ان میں سے تین آدمی نکلے اور انہیں ایک غار میں رات کو پناہ لینا پڑی۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔مگر اس میں یہ اضافہ ہے کہ ان میں سے ایک نے کہا کہ میں نے اس کی اجرت کو نفع بخش کام کے ذریعہ بڑھایا یہاں تک کہ اموال زیادہ ہوگئے اور خوب بڑھ گئے۔راوی کہتے ہیں پھر وہ غار سے چلتے ہوئے نکلے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ التَّوْبَةِ

توبہ کی کتاب

[1]2:بَاب فِي الْحَضِّ عَلَى التَّوْبَةِ وَالْفَرَحِ بِهَا

توبہ کی ترغیب دلانے اور اس پر خوشی کا بیان

4913{1} حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيد حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي وَأَنَا مَعَهُ حَيْثُ يَذْكُرُنِي وَاللَّهِ لَلَّهُ أَفْرَحُ بتَوْبَة عَبْده منْ أَحَدكُمْ يَجِدُ ضَالَّتَهُ بالْفَلَاةِ وَمَنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ شبْرًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْه ذرَاعًا وَمَنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْه بَاعًا وَإِذَا أَقْبَلَ إِلَيَّ يَمْشِي أَقْبَلْتُ إِلَيْهِ أُهَرْوِلُ [6952]

4913: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا میں اپنے بندہ سے اس کے میرے متعلق ظن کے مطابق ہوتا ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور اللہ کی قسم اللہ اپنے بندہ کی توبہ پر اس سے زیادہ خوش ہوتا ہے جو تم میں سے اپنی گمشدہ اونٹنی جنگل میں پالینے پر ہوتا ہے اور جو ایک بالشت میرے قریب آتا ہے میں ایک ہاتھ اس کے قریب آجاتا ہوں۔ جو ایک ہاتھ میرے قریب آتا ہے میں دو ہاتھ اس کے قریب آجاتا ہوں اور جب وہ میرے پاس چل کر آتا ہے میں اس کی طرف دوڑ کر جاتا ہوں۔

4913 : اطراف : مسلم کتاب التوبة باب فی الحضّ علی التوبة ... 4914، 4915، 4916، 4917، 4918، 4919 کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفارباب الحث علی ذکر الله تعالیٰ 4818، 4819 باب فضل الذکر والدعاء والتقرب الی الله تعالیٰ 4835، 4836، 4837

تخریج :بخاری کتاب الدعوات باب التوبة 6308، 6309 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ ویحذرکم الله نفسه 7405 باب قول الله تعالیٰ یریدون ان یبدلّوا... 7505 باب ذکر النبی ﷺ وروایته عن ربه 7536، 7537 **ترمذی** کتاب صفة القیامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة اوانی الحوض 2498 کتاب الزهد باب ماجاء فی حسن الظنّ بالله عزّوجل 3603 **ابن ماجه** کتاب الادب باب فضل العمل 3821، 3822

4914 {2} حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ أَحَدِكُمْ مِنْ أَحَدِكُمْ بِضَالَّتِهِ إِذَا وَجَدَهَا و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ [6954,6953]

4914: حضرت ابو ہریرۃؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یقیناً اللہ تم میں سے کسی کی توبہ پر اس سے زیادہ خوشی محسوس کرتا ہے جتنی تم میں سے کوئی اپنی گم شدہ اونٹنی کے پانے پر۔

4915 {3} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِعُثْمَانَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ أَعُودُهُ وَهُوَ مَرِيضٌ فَحَدَّثَنَا بِحَدِيثَيْنِ حَدِيثًا عَنْ نَفْسِهِ وَحَدِيثًا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ

4915: حضرت حارث بن سوید سے روایت ہے کہ میں حضرت عبداللہؓ کے پاس جب وہ بیمار تھے ان کی عیادت کے لئے گیا انہوں نے ہمیں دو باتیں بتائیں۔ ایک بات اپنی طرف سے اور ایک بات رسول اللہ ﷺ کی طرف سے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ اپنے مؤمن بندہ کی توبہ پر اس شخص سے زیادہ خوش ہوتا ہے جو جنگل بیابان میں ہو اور اس کے ساتھ

4914 : **اطراف** : **مسلم** كتاب التوبة باب في الحضّ على التوبة ... 4913، 4915، 4916، 4917، 4918، 4919
تخريج: **بخارى** كتاب الدعوات باب التوبة 6308، 6309 **ترمذى** كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ماجاء في صفة أواني الحوض 2498

4915: **اطراف** : **مسلم** كتاب التوبة باب في الحضّ على التوبة ... 4913، 4914، 4916، 4917، 4918، 4919
تخريج: **بخارى** كتاب الدعوات باب التوبة 6308، 6309 **ترمذى** كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ماجاء في صفة أواني الحوض 2498

اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ الْمُؤْمِنِ مِنْ رَجُلٍ فِي أَرْضٍ دَوِّيَّةٍ مَهْلِكَةٍ مَعَهُ رَاحِلَتُهُ عَلَيْهَا طَعَامُهُ وَشَرَابُهُ فَنَامَ فَاسْتَيْقَظَ وَقَدْ ذَهَبَتْ فَطَلَبَهَا حَتَّى أَدْرَكَهُ الْعَطَشُ ثُمَّ قَالَ أَرْجِعُ إِلَى مَكَانِيَ الَّذِي كُنْتُ فِيهِ فَأَنَامُ حَتَّى أَمُوتَ فَوَضَعَ رَأْسَهُ عَلَى سَاعِدِهِ لِيَمُوتَ فَاسْتَيْقَظَ وَعِنْدَهُ رَاحِلَتُهُ وَعَلَيْهَا زَادُهُ وَطَعَامُهُ وَشَرَابُهُ فَاللَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ مِنْ هَذَا بِرَاحِلَتِهِ وَزَادِهِ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ قُطْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ مِنْ رَجُلٍ بِدَاوِيَّةٍ مِنَ الْأَرْضِ{4} و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَارِثَ بْنَ سُوَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ حَدِيثَيْنِ أَحَدُهُمَا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْآخَرُ عَنْ نَفْسِهِ فَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ الْمُؤْمِنِ بِمِثْلِ حَدِيثِ جَرِيرٍ[6957,6956,6955]

اس کی اونٹنی ہو۔اس پراس کے کھانے پینے کا سامان ہواور وہ سوجائے اور جاگے تو اونٹنی غائب ہوچکی ہو۔ پھر وہ اس کی تلاش کرنے لگے یہانتک کہ اسے پیاس لگ جائے پھر وہ کہے کہ میں اپنی اس جگہ پر واپس جاتا ہوں جہاں میں تھا اور سوجاتا ہوں یہاں تک کہ میں مرجاؤں۔پھر وہ مرنے کے لئے اپنا سر اپنے بازو پر رکھے لیکن جب وہ بیدار ہو تو اس کے پاس اس کی اونٹنی ہو جس پر اس کا زادِراہ اور اس کے کھانے اور پینے کا سامان تھا۔پس اللہ اپنے مؤمن بندہ کی توبہ پر اس (شخص) سے زیادہ خوش ہوتا ہے جتنی خوشی اسے اپنی سواری اور زادِراہ (ملنے) پر ہوئی۔

4916 {5} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا أَبُو يُونُسَ عَنْ سِمَاكٍ قَالَ خَطَبَ النُّعْمَانُ بْنُ بَشِيرٍ فَقَالَ لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ رَجُلٍ حَمَلَ زَادَهُ وَمَزَادَهُ عَلَى بَعِيرٍ ثُمَّ سَارَ حَتَّى كَانَ بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ فَأَدْرَكَتْهُ الْقَائِلَةُ فَنَزَلَ فَقَالَ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ وَانْسَلَّ بَعِيرُهُ فَاسْتَيْقَظَ فَسَعَى شَرَفًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا ثُمَّ سَعَى شَرَفًا ثَانِيًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا ثُمَّ سَعَى شَرَفًا ثَالِثًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا فَأَقْبَلَ حَتَّى أَتَى مَكَانَهُ الَّذِي قَالَ فِيهِ فَبَيْنَمَا هُوَ قَاعِدٌ إِذْ جَاءَهُ بَعِيرُهُ يَمْشِي حَتَّى وَضَعَ خِطَامَهُ فِي يَدِهِ فَلَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ الْعَبْدِ مِنْ هَذَا حِينَ وَجَدَ بَعِيرَهُ عَلَى حَالِهِ قَالَ سِمَاكٌ فَزَعَمَ الشَّعْبِيُّ أَنَّ النُّعْمَانَ رَفَعَ هَذَا الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَّا أَنَا فَلَمْ أَسْمَعْهُ [6958]

4916: سماک بیان کرتے ہیں کہ حضرت نعمان بن بشیرؓ نے خطاب کیا اور کہا یقیناً اللہ اپنے بندہ کی توبہ پر اس شخص سے زیادہ خوش ہوتا ہے جو اپنے زادِ راہ اور پانی کے مشکیزے اونٹ پر لاد کر چل پڑا یہانتک کہ جب وہ جنگل بیابان میں پہنچا تو قیلولہ کا وقت آ گیا۔ وہ اترا اور درخت کے نیچے قیلولہ کیا اور اس کی آنکھ لگ گئی۔ اس کا اونٹ کہیں چلا گیا۔ پھر جب وہ بیدار ہوا اور دوڑ کر ایک ٹیلہ پر چڑھا تو کچھ نظر نہ آیا۔ پھر وہ دوڑ کر دوسرے ٹیلہ پر گیا مگر کچھ نہ دیکھا۔ پھر تیسرے ٹیلے پر دوڑا لیکن کچھ نہ دیکھا۔ پھر وہ واپس آیا اور اس جگہ آ گیا جہاں قیلولہ کیا تھا وہ وہاں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک اس کے پاس اس کا اونٹ چلتا ہوا آ گیا اور اس نے اپنی نکیل اس کے ہاتھ میں دے دی۔ پس یقیناً اللہ اپنے بندہ کی توبہ پر اس سے زیادہ خوش ہوتا ہے جتنی خوشی اسے پہنچی جب اس نے اونٹ کو اس حالت میں پایا۔
سماک نے کہا شعبی کا خیال ہے کہ حضرت نعمانؓ نے اس حدیث کو نبی ﷺ سے مرفوع بیان کیا جہانتک میرا تعلق ہے تو میں نے یہ (بات) ان سے نہیں سنی۔

4916: اطراف : مسلم کتاب التوبة باب فی الحضّ علی التوبة ... 4913، 4914، 4915، 4917، 4918، 4919
تخریج: بخاری کتاب الدعوات باب التوبة 6308، 6309 ترمذی کتاب صفة القیامة والرقائق والورع باب ماجاء فی صفة أوانی الحوض 2498

4917 {6} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَجَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ جَعْفَرٌ حَدَّثَنَا وقَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ عَنْ إِيَادٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ تَقُولُونَ بِفَرَحِ رَجُلٍ انْفَلَتَتْ مِنْهُ رَاحِلَتُهُ تَجُرُّ زِمَامَهَا بِأَرْضٍ قَفْرٍ لَيْسَ بِهَا طَعَامٌ وَلَا شَرَابٌ وَعَلَيْهَا لَهُ طَعَامٌ وَشَرَابٌ فَطَلَبَهَا حَتَّى شَقَّ عَلَيْهِ ثُمَّ مَرَّتْ بِجِذْلِ شَجَرَةٍ فَتَعَلَّقَ زِمَامُهَا فَوَجَدَهَا مُتَعَلِّقَةً بِهِ قُلْنَا شَدِيدًا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا وَاللَّهِ لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنَ الرَّجُلِ بِرَاحِلَتِهِ قَالَ جَعْفَرٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ إِيَادٍ عَنْ أَبِيهِ [6959]

4917: حضرت براءؓ بن عازب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم اس شخص کی خوشی کے بارہ میں کیا کہتے ہو جس سے اس کی اونٹنی چھوٹ گئی جو جنگل بیابان میں اپنی مہار گھسیٹتے چلتی جاتی ہے وہاں نہ اس (شخص) کا کوئی کھانا ہے نہ پانی ہے جبکہ اس اونٹنی پر اس کا کھانا اور پانی ہے۔ وہ اس کی تلاش میں لگ گیا یہانتک کہ اس پر بڑا گراں گذرا۔ پھر وہ (اونٹنی) ایک درخت کے تنے کے پاس سے گذری تو اس کی مہار الجھ گئی۔ پھر اس شخص نے مہار کو (اس درخت کے تنے کے ساتھ) الجھا ہوا پایا۔ ہم نے عرض کیا بہت زیادہ (خوش ہوگا) یا رسولؐ اللہ! اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کی قسم یقیناً اللہ اپنے بندہ کی توبہ پر اس شخص سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جتنا وہ آدمی اپنی اونٹنی (ملنے) پر خوش ہوا۔

4918 {7} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ وَهُوَ

4918: اسحاق بن عبداللہ ابن ابوطلحہؓ کہتے ہیں ہمیں حضرت انس بن مالکؓ نے بتایا اور وہ ان کے چچا تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ اپنے بندہ کی توبہ پر جب وہ اس کے حضور توبہ کرتا ہے تم میں سے

4917: اطراف : مسلم كتاب التوبة باب فى الحضّ على التوبة ... 4913، 4914، 4915، 4916، 4918، 4919
تخريج: بخاری كتاب الدعوات باب التوبة 6308، 6309 ترمذی كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ماجاء فى صفة أوانى الحوض 2498

4918: اطراف : مسلم كتاب التوبة باب فى الحضّ على التوبة ... 4913، 4914، 4915، 4916، 4917، 4919
تخريج: بخاری كتاب الدعوات باب التوبة 6308، 6309 ترمذی كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ماجاء فى صفة أوانى الحوض 2498

عَمُّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ حِينَ يَتُوبُ إِلَيْهِ مِنْ أَحَدِكُمْ كَانَ عَلَى رَاحِلَتِهِ بِأَرْضِ فَلَاةٍ فَانْفَلَتَتْ مِنْهُ وَعَلَيْهَا طَعَامُهُ وَشَرَابُهُ فَأَيِسَ مِنْهَا فَأَتَى شَجَرَةً فَاضْطَجَعَ فِي ظِلِّهَا قَدْ أَيِسَ مِنْ رَاحِلَتِهِ فَبَيْنَهُمَا كَذَلِكَ إِذَا هُوَ بِهَا قَائِمَةً عِنْدَهُ فَأَخَذَ بِخِطَامِهَا ثُمَّ قَالَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ اللَّهُمَّ أَنْتَ عَبْدِي وَأَنَا رَبُّكَ أَخْطَأَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ [6960]

اس شخص سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جو کسی جنگل میں اپنی سواری پر تھا۔ پھر وہ اس سے چھوٹ گئی جبکہ اس پر اس کا کھانا اور اس کا پانی تھا۔ پھر وہ اپنی سواری سے مایوس ہو کر ایک درخت کے پاس آیا اور اس کے سایہ کے نیچے آ کر لیٹ گیا۔ اچانک کیا دیکھتا ہے کہ اس کی سواری اس کے پاس کھڑی ہے۔ چنانچہ اس نے اس کی نکیل سے پکڑا۔ خوشی کی شدت سے کہا اے اللہ! تو میرا بندہ اور میں تیرا رب ہوں۔ خوشی کی شدت کے باعث الٹ کہہ دیا۔

4919 {8} حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَلَّهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ أَحَدِكُمْ إِذَا اسْتَيْقَظَ عَلَى بَعِيرِهِ قَدْ أَضَلَّهُ بِأَرْضِ فَلَاةٍ و حَدَّثَنِيهِ أَحْمَدُ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [6962,6961]

4919: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یقیناً اللہ تم میں سے اپنے کسی بندہ کی توبہ پر اس سے زیادہ خوش ہوتا ہے جب وہ بیدار ہونے پر اپنے اونٹ کو موجود پاتا ہے جسے وہ جنگل بیابان میں کھو چکا تھا۔

4919: اطراف : **مسلم** كتاب التوبة باب فى الحض على التوبة ... 4913، 4914، 4915، 4916، 4917، 4918

تخریج: بخاری كتاب الدعوات باب التوبة 6308، 6309 **ترمذی** كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ماجاء فى صفة أوانى الحوض 2498

[2]3:بَاب سُقُوطِ الذُّنُوبِ بِالِاسْتِغْفَارِ وَالتَّوْبَةِ

استغفاراورتوبہ کےذریعہ گناہوں کےگرنے کا بیان

4920 {9} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ قَاصِّ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ أَبِي صِرْمَةَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ أَنَّهُ قَالَ حِينَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ كُنْتُ كَتَمْتُ عَنْكُمْ شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَوْلَا أَنَّكُمْ تُذْنِبُونَ لَخَلَقَ اللَّهُ خَلْقًا يُذْنِبُونَ يَغْفِرُ لَهُمْ [6963]

4920: حضرت ابوایوبؓ نے اپنی وفات کے قریب بیان کیا کہ میں نے تم لوگوں سے ایک بات چھپا رکھی تھی جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا کہ اگرتم گناہ نہ کروتو اللہ کسی ایسی مخلوق کو پیدا کر دے گا جو گناہ کرے گی اور پھر اللہ انہیں بخش دے گا۔

4921 {10} حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي عِيَاضٌ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْفِهْرِيُّ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنْ أَبِي صِرْمَةَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَوْ أَنَّكُمْ لَمْ تَكُنْ لَكُمْ ذُنُوبٌ يَغْفِرُهَا اللَّهُ لَكُمْ لَجَاءَ اللَّهُ بِقَوْمٍ لَهُمْ ذُنُوبٌ يَغْفِرُهَا لَهُمْ [6964]

4921: حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگرتم ایسے ہو کہ تمہارے کوئی گناہ نہ ہوں کہ جنہیں اللہ تمہارے لئے بخشے تو اللہ ایسے لوگ لے آئے گا جو گناہگار ہوں گے اور وہ ان کوان کے لئے بخش دے گا۔

4920:اطراف:مسلم كتاب التوبة باب سقوط الذنوب بالاستغفار توبةً 4921 ، 4922

تخریج : ترمذی كتاب صفة الجنة باب ماجاء في صفة الجنة ونعيمها 2526 كتاب الدعوات باب ماجاء في عقد التسبيح باليد 3539

4921 : اطراف:مسلم كتاب التوبة باب سقوط الذنوب بالاستغفار توبةً 4920 ، 4922

تخریج:ترمذی كتاب صفة الجنة باب ماجاء في صفة الجنة ونعيمها 2526 كتاب الدعوات باب ماجاء في عقد التسبيح باليد 3539

4922 {11} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ جَعْفَرٍ الْجَزَرِيِّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ لَمْ تُذْنِبُوا لَذَهَبَ اللَّهُ بِكُمْ وَلَجَاءَ بِقَوْمٍ يُذْنِبُونَ فَيَسْتَغْفِرُونَ اللَّهَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ [6965]

4922: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ ضرور تمہیں لے جائے گا اور کسی ایسی قوم کو لے آئے گا جو گناہ کریں گے اور اللہ سے بخشش طلب کریں گے اور اللہ انہیں بخش دے گا۔

[3]4: بَاب فَضْلِ دَوَامِ الذِّكْرِ وَالْفِكْرِ فِي أُمُورِ الْآخِرَةِ وَالْمُرَاقَبَةِ وَجَوَازِ تَرْكِ ذَلِكَ فِي بَعْضِ الْأَوْقَاتِ وَالِاشْتِغَالِ بِالدُّنْيَا

آخرت کے امور کے بارہ میں ہمیشہ ذکر اور فکر اور مراقبہ کی فضیلت کا بیان، مراقبہ کے دوام اور بعض اوقات ان کے ترک کرنے اور دنیا کے کاموں میں مشغول ہونے کا جواز

4923 {12} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ وَقَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ إِيَاسٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ حَنْظَلَةَ الْأُسَيِّدِيِّ قَالَ وَكَانَ مِنْ كُتَّابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقِيَنِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ كَيْفَ أَنْتَ يَا حَنْظَلَةُ قَالَ قُلْتُ نَافَقَ حَنْظَلَةُ قَالَ سُبْحَانَ اللَّهِ

4923: حضرت حنظلہ الأُسَيِّدِیؓ جو رسول اللہ ﷺ کے کاتبوں میں سے تھے بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ مجھے ملے اور کہا حنظلہ تم کیسے ہو؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا حنظلہ منافق ہو گیا ہے۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا سبحان اللہ! یہ تم کیا کہہ رہے ہو۔ حضرت حنظلہؓ کہتے ہیں میں نے کہا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس ہوتے ہیں تو آپؐ ہمیں دوزخ اور جنت یاد کراتے

4922: **اطراف**: **مسلم** كتاب التوبة باب سقوط الذنوب بالاستغفار توبةً 4920، 4921

تخريج: **ترمذى** كتاب صفة الجنة باب ماجاء فى صفة الجنة ونعيمها 2526 كتاب الدعوات باب ماجاء فى عقد التسبيح باليد 3539

4923: **اطراف**: **مسلم** كتاب التوبة باب فضل دوام الذكر والفكر فى امور الآخرة... 4924

تخريج: **ترمذى** كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ماجاء فى صفة اوانى الحوض 2452، 2514 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب المداومة على العمل 4239

مَا تَقُولُ قَالَ قُلْتُ نَكُون عِنْدَ رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُذَكِّرُنَا بالنَّارِ وَالْجَنَّةِ حَتَّى كَأَنَّا رَأْيُ عَيْنٍ فَإِذَا خَرَجْنَا منْ عنْد رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَافَسْنَا الْأَزْوَاجَ وَالْأَوْلَادَ وَالضَّيْعَات فَنَسينَا كَثيرًا قَالَ أَبُو بَكْرٍ فَوَاللَّه إنَّا لَنَلْقَى مثْلَ هَذَا فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ حَتَّى دَخَلْنَا عَلَى رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ نَافَقَ حَنْظَلَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا ذَاكَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ نَكُونُ عنْدَكَ تُذَكِّرُنَا بالنَّارِ وَالْجَنَّة حَتَّى كَأَنَّا رَأْيُ عَيْنٍ فَإِذَا خَرَجْنَا منْ عِنْدِكَ عَافَسْنَا الْأَزْوَاجَ وَالْأَوْلَادَ وَالضَّيْعَات نَسينَا كَثيرًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَّذي نَفْسي بيَده إنْ لَوْ تَدُومُونَ عَلَى مَا تَكُونُونَ عنْدي وَفي الذِّكْرِ لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائكَةُ عَلَى فُرُشكُمْ وَفي طُرُقكُمْ وَلَكنْ يَا حَنْظَلَةُ سَاعَةً وَسَاعَةً ثَلَاثَ مَرَّاتٍ [6966]

ہیں یہانتک کہ گویا وہ ہماری آنکھوں کے سامنے آجاتے ہیں لیکن جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس سے نکلتے ہیں اور بیوی بچوں اور جائیدادوں میں مشغول ہوتے ہیں تو بہت کچھ بھول جاتے ہیں۔اس پر حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ اللہ کی قسم! ہم پر بھی یہی گذرتی ہے۔وہ کہتے ہیں پھر میں اور حضرت ابوبکرؓ چل پڑے یہانتک کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! حنظلہ منافق ہوگیا ہے۔اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہم آپؐ کے پاس ہوتے ہیں تو آپؐ ہمیں دوزخ اور جنت یاد کرادیتے ہیں یہانتک کہ گویا وہ ہماری آنکھوں کے سامنے آجاتی ہیں لیکن جب ہم آپؐ کے پاس سے جاتے ہیں اور بیوی بچوں اور جائیدادوں میں پڑ جاتے ہیں تو بہت کچھ بھول جاتے ہیں۔اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم ہمیشہ اسی کیفیت میں رہو جس میں تم میرے پاس ہوتے ہو اور ذکر میں ہوتے ہو تو ضرور فرشتے تمہارے بچھونوں پر اور تمہارے راستوں میں تم سے مصافحہ کرتے لیکن اے حنظلہ! یہ وقت وقت کی بات ہے۔یہ آپؐ نے تین دفعہ فرمایا۔

4924 {13} حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ حَنْظَلَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَعَظَنَا فَذَكَّرَ النَّارَ قَالَ ثُمَّ جِئْتُ إِلَى الْبَيْتِ فَضَاحَكْتُ الصِّبْيَانَ وَلَاعَبْتُ الْمَرْأَةَ قَالَ فَخَرَجْتُ فَلَقِيتُ أَبَا بَكْرٍ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ وَأَنَا قَدْ فَعَلْتُ مِثْلَ مَا تَذْكُرُ فَلَقِينَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ نَافَقَ حَنْظَلَةُ فَقَالَ مَهْ فَحَدَّثْتُهُ بِالْحَدِيثِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ وَأَنَا قَدْ فَعَلْتُ مِثْلَ مَا فَعَلَ فَقَالَ يَا حَنْظَلَةُ سَاعَةً وَسَاعَةً وَلَوْ كَانَتْ تَكُونُ قُلُوبُكُمْ كَمَا تَكُونُ عِنْدَ الذِّكْرِ لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ حَتَّى تُسَلِّمَ عَلَيْكُمْ فِي الطُّرُقِ حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ حَنْظَلَةَ التَّمِيمِيِّ الْأُسَيِّدِيِّ الْكَاتِبِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَّرَنَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِهِمَا [6968,6967]

4924: حضرت حنظلہؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے۔ آپؐ نے ہمیں وعظ فرمایا اور آگ یاد دلائی۔ وہ کہتے ہیں پھر میں گھر گیا تو بچوں سے ہنسنے لگا اور بیوی سے کھیلنے لگا۔ وہ کہتے ہیں پھر میں باہر آیا اور حضرت ابوبکرؓ سے ملا اور ان سے اس کا ذکر کیا تو حضرت ابوبکرؓ کہنے لگے کہ جیسا تم ذکر کر رہے ہو۔ میں نے بھی ایسا ہی کیا ہے۔ (حضرت حنظلہؓ کہتے ہیں) پھر ہم رسول اللہ ﷺ سے ملے تو میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! حنظلہ منافق ہو گیا ہے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا جانے دو۔ پھر میں نے آپؐ کو وہ بات بتائی اور حضرت ابوبکرؓ نے بھی کہا کہ میں نے بھی ایسے ہی کیا ہے جیسے اس نے کیا ہے۔ اس پر حضورؐ نے فرمایا اے حنظلہؓ! یہ وقت وقت کی بات ہے۔ اگر تمہارے دل ایسے ہو جائیں جیسے وہ ذکر کے وقت ہوتے ہیں تو فرشتے تم سے مصافحہ کرتے یہانتک کہ وہ رستوں میں تمہیں سلام کرتے۔ ایک اور روایت میں (عَنْ حَنْظَلَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ فَوَعَظَنَا فَذَكَّرَنَا النَّارَ کی بجائے) عَنْ حَنْظَلَةَ التَّمِيمِيِّ الْأُسَيِّدِيِّ الْكَاتِبِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَذَكَّرَنَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ کے الفاظ ہیں۔

4924: اطراف: **مسلم** كتاب التوبة باب فضل دوام الذكر والفكر فی امور الآخرة... 4923

تخريج: ترمذی كتاب صفة القيامة والرقائق والورع باب ماجاء فی صفة اوانی الحوض 2452، 2514 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب المداومة على العمل 4239

[4]5:بَاب فِي سِعَةِ رَحْمَةِ اللَّهِ تَعَالَى وَأَنَّهَا سَبَقَتْ غَضَبَهُ

اللہ تعالیٰ کی رحمت کی وسعت کے بارہ میں بیان اور یہ کہ وہ اس کے غضب پر سبقت رکھتی ہے

4925{14} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللَّهُ الْخَلْقَ كَتَبَ فِي كِتَابِهِ فَهُوَ عِنْدَهُ فَوْقَ الْعَرْشِ إِنَّ رَحْمَتِي تَغْلِبُ غَضَبِي [6969]

4925: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا تو اس نے اپنی کتاب میں اور وہ اس کے پاس عرش پر ہے لکھا کہ یقیناً میری رحمت میرے غضب پر غالب ہوگی۔

4926 {15} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ سَبَقَتْ رَحْمَتِي غَضَبِي [6970]

4926: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی ہے۔

4925:اطراف: مسلم كتاب التوبة باب فى سعة رحمة الله تعالىٰ ... 4926 ، 4927

تخريج: بخارى كتاب بدء الخلق باب ماجاء فى قول الله تعالىٰ وهو الذى يبدء الخلق ... 3194 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 باب وكان عرشه على الماء ... 7422 باب قوله تعالىٰ ولقد سبقت كلمتنا ... 7453 باب قول الله تعالىٰ بل هو قرآن مجيد ... 7553 ، 7554 **ترمذى** كتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3543 **ابن ماجه** المقدمة باب فيما انكرت الجهمية 189 كتاب الزهد باب مايرجى من رحمة الله يوم القيامة 4295

4926:اطراف: مسلم كتاب التوبة باب فى سعة رحمة الله تعالىٰ ... 4925 ، 4927

تخريج: بخارى كتاب بدء الخلق باب ماجاء فى قول الله تعالىٰ وهو الذى يبدء الخلق ... 3194 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 باب وكان عرشه على الماء ... 7422 باب قوله تعالىٰ ولقد سبقت كلمتنا ... 7453 باب قول الله تعالىٰ بل هو قرآن مجيد ... 7553 ، 7554 **ترمذى** كتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3543 **ابن ماجه** المقدمة باب فيما انكرت الجهمية 189 كتاب الزهد باب مايرجى من رحمة الله يوم القيامة 4295

4927 {16} حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا أَبُو ضَمْرَةَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَضَى اللَّهُ الْخَلْقَ كَتَبَ فِي كِتَابِهِ عَلَى نَفْسِهِ فَهُوَ مَوْضُوعٌ عِنْدَهُ إِنَّ رَحْمَتِي تَغْلِبُ غَضَبِي [6971]

4927: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ تخلیق کر چکا تو اپنی کتاب میں اپنے اوپر واجب کر دیا اور وہ اس کے پاس رکھی ہوئی ہے یقیناً میری رحمت میرے غضب پر غالب رہے گی۔

4928 {17} حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ جَعَلَ اللَّهُ الرَّحْمَةَ مِائَةَ جُزْءٍ فَأَمْسَكَ عِنْدَهُ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ وَأَنْزَلَ فِي الْأَرْضِ جُزْءًا وَاحِدًا فَمِنْ ذَلِكَ الْجُزْءِ تَتَرَاحَمُ الْخَلَائِقُ حَتَّى تَرْفَعَ الدَّابَّةُ حَافِرَهَا عَنْ وَلَدِهَا خَشْيَةَ أَنْ تُصِيبَهُ [6972]

4928: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ نے رحمت کے سو حصے کئے اور ننانوے حصے اپنے پاس روک لئے اور زمین پر ایک حصہ اتارا۔ اسی ایک حصہ کی وجہ سے سب مخلوقات آپس میں ایک دوسرے پر رحم کرتی ہے یہانتک کہ ایک چوپایہ بھی اپنے بچہ پر سے اپنا کھر اٹھا لیتا ہے تا کہ اسے تکلیف نہ پہنچائے۔

4927: **اطراف**: **مسلم** كتاب التوبة باب فى سعة رحمة الله تعالىٰ ... 4925 ، 4926

تخريج: **بخارى** كتاب بدء الخلق باب ماجاء فى قول الله تعالىٰ وهو الذى يبد ء الخلق ... 3194 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 باب وكان عرشه على الماء ... 7422 باب قوله تعالىٰ ولقد سبقت كلمتنا ... 7453 باب قول الله تعالىٰ بل هو قرآن مجيد ... 7553 ، 7554 **ترمذى** كتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3543 **ابن ماجه** المقدمة باب فيما انكرت الجهمية 189 كتاب الزهد باب مايرجى من رحمة الله يوم القيامة 4295

4928 : **اطراف** : **مسلم** كتاب التوبة باب فى سعة رحمة الله تعالى... 4929 ، 4930 ، 4931 ، 4932

تخريج: **بخارى** كتاب الادب باب جعل الله الرحمة مائة جزء 6000 كتاب الرقائق باب الرجاء مع الخوف 6459 **ترمذى** كتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3541 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب مايرجى من رحمة الله يوم القيامة 4293 ، 4294

4929 {18} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَلَقَ اللَّهُ مِائَةَ رَحْمَةٍ فَوَضَعَ وَاحِدَةً بَيْنَ خَلْقِهِ وَخَبَأَ عِنْدَهُ مِائَةً إِلَّا وَاحِدَةً [6973]

4929: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے سو رحمتیں تخلیق کیں۔ ایک (رحمت) اس نے اپنی مخلوق میں رکھ دی اور ایک کم سو اپنے پاس محفوظ رکھ لیں۔

4930 {19} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ لِلَّهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ أَنْزَلَ مِنْهَا رَحْمَةً وَاحِدَةً بَيْنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالْبَهَائِمِ وَالْهَوَامِّ فَبِهَا يَتَعَاطَفُونَ وَبِهَا يَتَرَاحَمُونَ وَبِهَا تَعْطِفُ الْوَحْشُ عَلَى وَلَدِهَا وَأَخَّرَ اللَّهُ تِسْعًا وَتِسْعِينَ رَحْمَةً يَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ [6974]

4930: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کی سو رحمتیں ہیں جن میں سے اس نے صرف ایک رحمت جنّ وانس، چوپائیوں اور کیڑوں مکوڑوں میں اتاری ہے۔ اس کی وجہ سے وہ آپس میں ایک دوسرے سے شفقت کا سلوک کرتے ہیں۔ اسی (رحمت) کی وجہ سے وہ ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں اور اسی (رحمت) کی وجہ سے جنگلی جانور اپنے بچے پر شفقت کرتے ہیں اور اللہ نے ننانوے رحمت کو مؤخّر فرما رکھا ہے جس کے ذریعہ قیامت کے دن وہ اپنے بندوں پر رحم فرمائے گا۔

4931 {20} حَدَّثَنِي الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ

4931: حضرت سلمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یقیناً اللہ کی سو 100

4929 : اطراف : مسلم کتاب التوبة باب فی سعة رحمة الله تعالی... 4928 ، 4930 ، 4931 ، 4932

تخریج: بخاری کتاب الادب باب جعل الله الرحمة مائة جزء 6000 کتاب الرقائق باب الرجاء مع الخوف 6459 **ترمذی** کتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3541 **ابن ماجه** کتاب الزهد باب مایرجی من رحمة الله یوم القیامة 4293 ، 4294

4930: اطراف: مسلم کتاب التوبة باب فی سعة رحمة الله تعالی... 4928 ، 4929 ، 4931 ، 4932

تخریج: بخاری کتاب الادب باب جعل الله الرحمة مائة جزء 6000 کتاب الرقائق باب الرجاء مع الخوف 6459 **ترمذی** کتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3541 **ابن ماجه** کتاب الزهد باب مایرجی من رحمة الله یوم القیامة 4293 ، 4294

4931: اطراف: مسلم کتاب التوبة باب فی سعة رحمة الله تعالی... 4928 ، 4929 ، 4930 ، 4932 =

حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلَّهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ فَمِنْهَا رَحْمَةٌ بِهَا يَتَرَاحَمُ الْخَلْقُ بَيْنَهُمْ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [6976,6975]

رحمتیں ہیں۔ ان میں سے ایک رحمت ہے جس کی وجہ سے مخلوق باہم ایک دوسرے سے نرمی سے پیش آتی ہے۔ (باقی) ننانوے قیامت کے دن کے لئے ہیں۔

4932 {21} حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ خَلَقَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ مِائَةَ رَحْمَةٍ كُلُّ رَحْمَةٍ طِبَاقَ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَجَعَلَ مِنْهَا فِي الْأَرْضِ رَحْمَةً فَبِهَا تَعْطِفُ الْوَالِدَةُ عَلَى وَلَدِهَا وَالْوَحْشُ وَالطَّيْرُ بَعْضُهَا عَلَى بَعْضٍ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ أَكْمَلَهَا بِهَذِهِ الرَّحْمَةِ [6977]

4932: حضرت سلمانؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس دن اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس وقت سو رحمتیں پیدا کیں۔ ہر رحمت آسمانوں اور زمین کے درمیان تہ بتہ ہے۔ ان میں سے صرف ایک رحمت اس نے زمین میں رکھی۔ اسی ایک (رحمت) کی وجہ سے والدہ اپنے بچہ پر شفقت کرتی ہے اور جنگلی جانور اور پرندے ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں۔ پھر جب قیامت کا دن ہوگا وہ ان (99 رحمتوں) کو اس رحمت کے ساتھ مکمل کر دے گا۔

4933 {22} حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيمِيُّ وَاللَّفْظُ لِحَسَنٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ

4933: حضرت عمر بن خطابؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس کچھ قیدی آئے۔ تو ان قیدیوں میں سے ایک عورت کچھ تلاش کرنے لگی۔

= **تخریج: بخاری** كتاب الادب باب جعل الله الرحمة مائة جزء 6000 كتاب الرقائق باب الرجاء مع الخوف 6459 **ترمذی** كتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3541 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب مايرجى من رحمة الله يوم القيامة 4293 ، 4294

4932 : اطراف : مسلم كتاب التوبة باب فى سعة رحمة الله تعالى... 4928 ، 4929 ، 4930 ، 4932

تخریج: بخاری كتاب الادب باب جعل الله الرحمة مائة جزء 6000 كتاب الرقائق باب الرجاء مع الخوف 6459 **ترمذی** كتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3541 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب مايرجى من رحمة الله يوم القيامة 4293 ، 4294

4933 : تخریج : بخاری كتاب الادب باب رحمة الولد وتقبيله ومعانقته 5999

حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ قَالَ قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْيٍ فَإِذَا امْرَأَةٌ مِنَ السَّبْيِ تَبْتَغِي إِذَا وَجَدَتْ صَبِيًّا فِي السَّبْيِ أَخَذَتْهُ فَأَلْصَقَتْهُ بِبَطْنِهَا وَأَرْضَعَتْهُ فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَرَوْنَ هَذِهِ الْمَرْأَةَ طَارِحَةً وَلَدَهَا فِي النَّارِ قُلْنَا لَا وَاللَّهِ وَهِيَ تَقْدِرُ عَلَى أَنْ لَا تَطْرَحَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَلَّهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهِ مِنْ هَذِهِ بِوَلَدِهَا[6978]

جب بھی وہ قیدیوں میں سے کسی بچہ کو پاتی تو اسے پکڑتی اور اسے اپنے پیٹ کے ساتھ چمٹاتی اور اسے دودھ پلانے لگتی۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے ہم سے فرمایا کیا تم خیال کر سکتے ہو کہ یہ عورت اپنے بچہ کو آگ میں پھینک سکتی ہے؟ ہم نے عرض کیا نہیں اللہ کی قسم جہاں تک اس کی طاقت ہے، اسے نہیں پھینکے گی۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ اپنے بندوں پر اس عورت کے اپنے بچہ پر رحم کرنے سے زیادہ رحم کرتا ہے۔

4934{23} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ جَمِيعًا عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ ابْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ أَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللَّهِ مِنَ الْعُقُوبَةِ مَا طَمِعَ بِجَنَّتِهِ أَحَدٌ وَلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ مَا عِنْدَ اللَّهِ مِنَ الرَّحْمَةِ مَا قَنَطَ مِنْ جَنَّتِهِ أَحَدٌ[6979]

4934: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر مؤمن جان لے کہ اللہ کے پاس عقوبت میں سے کیا ہے تو کوئی اس کی جنت کی امید نہ کرے۔ اور اگر کافر جان لے جو اللہ کے پاس رحمت ہے تو وہ اس کی جنت سے مایوس نہ ہو۔

4935{24} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقِ بْنِ بِنْتِ مَهْدِيِّ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا

4935: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک آدمی نے جس نے

4934 : تخریج : **ترمذی** کتاب الدعوات باب خلق الله مائة رحمة 3542

4935 : اطراف : **مسلم** کتاب التوبة باب فی سعة رحمة الله تعالی 4936 ، 4938

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب حدیث الغار 3478 ،3481 کتاب الرقاق باب الخوف من الله عزّوجل 6481 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ یریدون ان یبدلوا کلام الله 7506، 7508 **نسائی** کتاب الجنائز ارواح المؤمنین 2079، 2080 **ابن ماجه** کتاب الزهد باب ذکر التوبة 4255

مَالِكٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لَمْ يَعْمَلْ حَسَنَةً قَطُّ لِأَهْلِهِ إِذَا مَاتَ فَحَرِّقُوهُ ثُمَّ اذْرُوا نِصْفَهُ فِي الْبَرِّ وَنِصْفَهُ فِي الْبَحْرِ فَوَاللَّهِ لَئِنْ قَدَرَ اللَّهُ عَلَيْهِ لَيُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا لَا يُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ فَلَمَّا مَاتَ الرَّجُلُ فَعَلُوا مَا أَمَرَهُمْ فَأَمَرَ اللَّهُ الْبَرَّ فَجَمَعَ مَا فِيهِ وَأَمَرَ الْبَحْرَ فَجَمَعَ مَا فِيهِ ثُمَّ قَالَ لِمَ فَعَلْتَ هَذَا قَالَ مِنْ خَشْيَتِكَ يَا رَبِّ وَأَنْتَ أَعْلَمُ فَغَفَرَ اللَّهُ لَهُ [6980]

کبھی کوئی نیکی نہیں کی تھی اپنے گھر والوں سے کہا کہ جب وہ مر جائے تو اسے جلا دینا پھر اس کا نصف خشکی میں اڑا دینا اور نصف سمندر میں۔ اللہ کی قسم! اگر اللہ نے اس پر قابو پا لیا تو وہ ضرور اسے ایسا عذاب دے گا کہ جہانوں میں سے کسی کو ایسا عذاب نہ دیا ہوگا۔ جب وہ شخص مر گیا تو انہوں نے وہی کیا جس کا اس نے انہیں حکم دیا تھا۔ پھر اللہ نے خشکی کو حکم دیا تو اس نے سب اکٹھا کر دیا جو اس میں تھا اور سمندر کو حکم دیا تو اس نے سب اکٹھا کر دیا جو اس میں تھا۔ پھر اللہ نے (اس سے) پوچھا کہ تو نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے عرض کیا محض تیرے ڈر کی وجہ سے۔ اے میرے رب! اور تو زیادہ جانتا ہے۔ تو اللہ نے اسے بخش دیا۔

4936{25} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ قَالَ قَالَ لِي الزُّهْرِيُّ أَلَا أُحَدِّثُكَ بِحَدِيثَيْنِ عَجِيبَيْنِ قَالَ الزُّهْرِيُّ أَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَسْرَفَ رَجُلٌ عَلَى نَفْسِهِ فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ أَوْصَى بَنِيهِ فَقَالَ إِذَا أَنَا مُتُّ فَأَحْرِقُونِي ثُمَّ اسْحَقُونِي ثُمَّ اذْرُونِي فِي

4936: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص نے اپنے نفس پر زیادتی کی پھر جب اس کی موت کا وقت آیا تو اس نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی اور کہا جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا دینا اور مجھے ریزہ ریزہ کر دینا اور مجھے ہوا میں سمندر پر بکھیر دینا کیونکہ اللہ کی قسم! اگر میرے رب نے مجھ پر قابو پا لیا تو ضرور وہ مجھے ایسا عذاب دے گا جو اس نے کسی کو نہ دیا ہوگا۔ فرمایا انہوں نے اس کے ساتھ ایسا ہی کیا۔ اللہ نے زمین سے فرمایا جو تو نے لیا ہے وہ

4936 : اطراف : مسلم كتاب التوبة باب فى سعة رحمة الله تعالى 4935 ، 4938
تخریج: بخاری كتاب احاديث الانبياء باب حديث الغار 3478 ،3481 كتاب الرقاق باب الخوف من الله عزّوجل 6481 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ يريدون ان يبدلوا كلام الله 7506، 7508 **نسائی** كتاب الجنائز ارواح المؤمنين 2079، 2080 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب ذكر التوبة 4255

الرِّيحِ فِي الْبَحْرِ فَوَاللَّهِ لَئِنْ قَدَرَ عَلَيَّ رَبِّي لَيُعَذِّبُنِي عَذَابًا مَا عَذَّبَهُ بِهِ أَحَدًا قَالَ فَفَعَلُوا ذَلِكَ بِهِ فَقَالَ لِلْأَرْضِ أَدِّي مَا أَخَذْتِ فَإِذَا هُوَ قَائِمٌ فَقَالَ لَهُ مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ فَقَالَ خَشْيَتُكَ يَا رَبِّ أَوْ قَالَ مَخَافَتُكَ فَغَفَرَ لَهُ بِذَلِكَ[6981]

دے دے تو دیکھو وہ شخص کھڑا تھا۔ اللہ نے اس سے پوچھا کہ تجھے کس چیز نے ایسا کرنے پر آمادہ کیا اس پر اس نے کہا تیری خشیت نے اے میرے رب! یا اس نے کہا تیرے خوف نے۔ اس نے اس وجہ سے اسے بخش دیا۔

4937: قَالَ الزُّهْرِيُّ وَحَدَّثَنِي حُمَيْدٌ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَخَلَتِ امْرَأَةٌ النَّارَ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا فَلَا هِيَ أَطْعَمَتْهَا وَلَا هِيَ أَرْسَلَتْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ حَتَّى مَاتَتْ هَزْلًا قَالَ الزُّهْرِيُّ ذَلِكَ لِئَلَّا يَتَّكِلَ رَجُلٌ وَلَا يَيْأَسَ رَجُلٌ[6982]

{26} حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنِي الزُّبَيْدِيُّ قَالَ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَسْرَفَ عَبْدٌ عَلَى نَفْسِهِ بِنَحْوِ حَدِيثِ مَعْمَرٍ إِلَى قَوْلِهِ فَغَفَرَ اللَّهُ لَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ حَدِيثَ الْمَرْأَةِ فِي قِصَّةِ الْهِرَّةِ وَفِي حَدِيثِ الزُّبَيْدِيِّ قَالَ فَقَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لِكُلِّ شَيْءٍ أَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا أَدِّ مَا أَخَذْتَ مِنْهُ [6983]

4937: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک عورت ایک بلی کے باعث آگ میں گئی جسے اس نے باندھ دیا تھا۔ نہ تو اسے کھلاتی تھی نہ ہی چھوڑتی تھی کہ زمین کے کیڑے مکوڑے کھائے یہاں تک کہ وہ کمزور ہو کر مرگئی۔ زہری کہتے ہیں یہ اس لئے ہے تاکہ کوئی شخص تکیہ نہ کرے نہ ہی کوئی مایوس ہو۔

ایک روایت میں (أَسْرَفَ رَجُلٌ کی بجائے) أَسْرَفَ عَبْدٌ کے الفاظ ہیں اور یہ روایت فَغَفَرَ اللَّهُ لَهُ تک ہے۔ اس روایت میں عورت کا واقعہ جس میں بلی کا ذکر ہے بیان نہیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ اللہ عزوجل نے ہر چیز سے جس نے اس آدمی سے کچھ اخذ کیا تھا فرمایا جو تو نے اس سے لیا ہے وہ دے دے۔

4937 : اطراف : مسلم كتاب السلام باب تحريم قتل الهرّة 4147 كتاب البرّ والصلة والآداب باب تحريم تعذيب الهرة ونحوها ... 4735، 4736، 4737

تخريج: بخاری كتاب المساقاة باب فضل سقى الماء ... 2365 كتاب بدء الخلق باب خمس من الدوآب فواسق ... 3318 كتاب احاديث الانبياء باب حديث الغار 3482 ابن ماجه كتاب الزهد باب ذكر التوبة 4256

4938 {27} حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَبْدِ الْغَافِرِ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَجُلًا فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَاشَهُ اللَّهُ مَالًا وَوَلَدًا فَقَالَ لِوَلَدِهِ لَتَفْعَلُنَّ مَا آمُرُكُمْ بِهِ أَوْ لَأُوَلِّيَنَّ مِيرَاثِي غَيْرَكُمْ إِذَا أَنَا مُتُّ فَأَحْرِقُونِي وَأَكْثَرُ عِلْمِي أَنَّهُ قَالَ ثُمَّ اسْحَقُونِي وَاذْرُونِي فِي الرِّيحِ فَإِنِّي لَمْ أَبْتَهِرْ عِنْدَ اللَّهِ خَيْرًا وَإِنَّ اللَّهَ يَقْدِرُ عَلَيَّ أَنْ يُعَذِّبَنِي قَالَ فَأَخَذَ مِنْهُمْ مِيثَاقًا فَفَعَلُوا ذَلِكَ بِهِ وَرَبِّي فَقَالَ اللَّهُ مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا فَعَلْتَ فَقَالَ مَخَافَتُكَ قَالَ فَمَا تَلَافَاهُ غَيْرُهَا [6984]

{28} و حَدَّثَنَاه يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ قَالَ لِي أَبِي حَدَّثَنَا قَتَادَةُ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ كِلَاهُمَا عَنْ قَتَادَةَ ذَكَرُوا جَمِيعًا بِإِسْنَادِ شُعْبَةَ نَحْوَ حَدِيثِهِ وَفِي حَدِيثِ شَيْبَانَ وَأَبِي عَوَانَةَ أَنَّ رَجُلًا مِنَ النَّاسِ

4938: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا تم سے پہلے لوگوں میں ایک شخص تھا جسے اللہ نے مال واولاد سے نوازا تھا اس نے اپنی اولاد سے کہا کہ تم ضرور وہی کرنا جس کا تمہیں حکم دیتا ہوں ورنہ میں تمہارے سوا کسی اور کو اپنی وراثت کا مالک بنا دوں گا۔ جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا دینا (راوی کہتے ہیں) میں زیادہ سے زیادہ یہ جانتا ہوں کہ اس نے کہا پھر مجھے ریزہ ریزہ کر دینا پھر ہوا میں بکھیر دینا کیونکہ میں نے نیکی کی خاص کوشش نہیں کی اور یقیناً اللہ اس پر قادر ہے کہ وہ مجھے عذاب دے۔ آپؐ نے فرمایا پھر اس نے ان سے پختہ عہد لیا۔ اور میرے رب کی قسم انہوں نے اس کے ساتھ وہی کیا۔ اس پر اللہ نے فرمایا کہ تجھے کس چیز نے ایسا کرنے پر آمادہ کیا؟ اس نے کہا تیرے خوف نے۔ آپؐ نے فرمایا اس بات کے سوا اس کو اور کسی چیز نے نہ بچایا۔

ابوعوانہ سے روایت ہے کہ لوگوں میں سے ایک شخص جسے اللہ نے مال واولاد سے نوازا تھا۔

ایک روایت میں (اَنَّ رَجُلًا فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَاشَهُ اللَّهُ مَالًا وَوَلَدًا کی بجائے) أَنَّ رَجُلًا مِنَ النَّاسِ رَغَسَهُ اللَّهُ مَالًا وَوَلَدًا کے الفاظ ہیں۔ ایک روایت میں (فَإِنِّي لَمْ اَبْتَهِرْ کی بجائے) فَإِنَّهُ لَمْ

4938: اطراف: مسلم کتاب التوبة باب فی سعة رحمة الله تعالی 4935، 4936

تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب حدیث الغار 3478، 3481 کتاب الرقاق باب الخوف من الله عزّوجل 6481 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ یریدون ان یبدلوا کلام الله 7506، 7508 نسائی کتاب الجنائز ارواح المؤمنین 2079، 2080 ابن ماجه کتاب الزهد باب ذکر التوبة 4255

رَغَسَهُ اللَّهُ مَالًا وَوَلَدًا وَفِي حَدِيثِ التَّيْمِيِّ فَإِنَّهُ لَمْ يَبْتَئِرْ عِنْدَ اللَّهِ خَيْرًا قَالَ فَسَّرَهَا قَتَادَةُ لَمْ يَدَّخِرْ عِنْدَ اللَّهِ خَيْرًا وَفِي حَدِيثِ شَيْبَانَ فَإِنَّهُ وَاللَّهِ مَا ابْتَأَرَ عِنْدَ اللَّهِ خَيْرًا وَفِي حَدِيثِ أَبِي عَوَانَةَ مَا امْتَأَرَ بِالْمِيمِ [6985]

يَبْتَئِرْ کے الفاظ ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ قتادہ نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ اس نے اللہ کے حضور کوئی نیکی جمع نہ کی تھی۔
ایک روایت میں فَإِنَّهُ وَاللَّهِ مَا ابْتَأَرَ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں مَا امْتَأَرَ کے الفاظ ہیں۔

[5]6: بَاب قَبُولِ التَّوْبَةِ مِنَ الذُّنُوبِ وَإِنْ تَكَرَّرَتِ الذُّنُوبُ وَالتَّوْبَةُ

گناہوں سے توبہ کی قبولیت کا بیان خواہ گناہ اور توبہ بار بار ہوں

4939 {29} حَدَّثَنِي عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَحْكِي عَنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ أَذْنَبَ عَبْدٌ ذَنْبًا فَقَالَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي فَقَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَذْنَبَ عَبْدِي ذَنْبًا فَعَلِمَ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَأْخُذُ بِالذَّنْبِ ثُمَّ عَادَ فَأَذْنَبَ فَقَالَ أَيْ رَبِّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي فَقَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَبْدِي أَذْنَبَ ذَنْبًا فَعَلِمَ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَأْخُذُ بِالذَّنْبِ ثُمَّ عَادَ فَأَذْنَبَ فَقَالَ أَيْ رَبِّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي فَقَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَذْنَبَ عَبْدِي ذَنْبًا فَعَلِمَ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَأْخُذُ بِالذَّنْبِ اعْمَلْ مَا شِئْتَ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكَ قَالَ عَبْدُ الْأَعْلَى لَا أَدْرِي أَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ

4939: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے رب عزوجل سے حکایت کے طور پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ایک بندہ نے گناہ کیا اور پھر عرض کیا اے اللہ! مجھے میرا گناہ بخش دے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میرے بندہ نے گناہ کیا اور وہ جانتا ہے کہ اس کا ایک رب ہے اور گناہ بخشتا ہے اور گناہ پر پکڑتا بھی ہے۔ پھر اس نے دوبارہ گناہ کیا اور عرض کیا کہ اے میرے رب! مجھے میرا گناہ بخش دے۔ اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا کہ میرے بندہ نے گناہ کیا اور وہ جانتا ہے کہ اس کا ایک رب ہے جو گناہ بخشتا بھی ہے اور گناہ پر پکڑ بھی کرتا ہے۔ پھر اس نے دوبارہ گناہ کیا اور کہا اے میرے رب! مجھے میرا گناہ بخش دے۔ اللہ نے فرمایا میرے بندہ نے گناہ کیا اور وہ جانتا ہے کہ اس کا ایک رب ہے جو گناہ بخشتا ہے اور گناہ پر گرفت بھی کرتا ہے۔ (تو

4939 : تخریج : بخاری کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ یریدون ان یبدلوا کلام اللہ 7507

اعْمَلْ مَاشِئْتَ قَالَ أَبُو أَحْمَدَ حَدَّثَنِي أُحْمَدُ بْنُ زَنْجُوِيَةَ الْقُرَشِيُّ الْقُشَيْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ

فرمایا) تو جو چاہے کر میں نے تجھے بخش دیا۔ راوی عبدالاعلیٰ کہتے ہیں مجھے نہیں پتہ آیا (یہ) اِعْمَلْ مَا شِئْتَ تیسری پر فرمایا یا چوتھی پر۔

{30} حَدَّثَنِي عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنِي أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ كَانَ بِالْمَدِينَةِ قَاصٌّ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي عَمْرَةَ قَالَ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ عَبْدًا أَذْنَبَ ذَنْبًا بِمَعْنَى حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَذَكَرَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ أَذْنَبَ ذَنْبًا وَفِي الثَّالِثَةِ قَدْ غَفَرْتُ لِعَبْدِي فَلْيَعْمَلْ مَا شَاءَ [6988,6987,6986]

ایک اور روایت میں (أَذْنَبَ عَبْدٌ ذَنْبًا کی بجائے) اِنَّ عَبْدًا اَذْنَبَ ذَنْبًا کے الفاظ ہیں۔

اور ایک روایت میں ہے کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تین مرتبہ فرمایا اَذْنَبَ ذَنْبًا اور تیسری دفعہ فرمایا میں نے اپنے بندہ کو بخش دیا اب جو چاہے وہ کرے۔

4940 {31} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْسُطُ يَدَهُ بِاللَّيْلِ لِيَتُوبَ مُسِيءُ النَّهَارِ وَيَبْسُطُ يَدَهُ بِالنَّهَارِ لِيَتُوبَ مُسِيءُ اللَّيْلِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [6989,6990]

4940: حضرت ابوموسیٰ ؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یقیناً اللہ عز وجل رات کو اپنا ہاتھ پھیلا دیتا ہے تا کہ دن کو گناہ کرنے والا توبہ کرے اور دن کو اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تا کہ رات کو گناہ کرنے والا توبہ کرے یہ (عمل) اس وقت تک ہوگا جب تک سورج مغرب سے طلوع ہو۔

[6]7:بَاب: غَيْرَةُ اللَّهِ تَعَالَى وَتَحْرِيمُ الْفَوَاحِشِ

باب: اللہ تعالیٰ کی غیرت اور بے حیائی والے اعمال کا حرام ہونا

4941{32} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللَّهِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ وَلَيْسَ أَحَدٌ أَغْيَرَ مِنَ اللَّهِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ (مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ)[6991]

4941: حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ سے بڑھ کر کسی کو اپنی تعریف پسند نہیں۔ اسی وجہ سے اس نے اپنی تعریف کی۔ نہ ہی اللہ سے بڑھ کر کوئی غیرت مند ہے اور اس لئے اس نے بے حیائی والے اعمال کو حرام قرار دیا ہے۔

4942 {33} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أَحَدٌ أَغْيَرُ مِنَ اللَّهِ وَلِذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللَّهِ[6992]

4942: حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں ہے۔ اسی لئے اس نے بے حیائی کے اعمال کو خواہ ظاہر ہوں یا پوشیدہ حرام قرار دیا ہے اور اللہ سے بڑھ کر کوئی نہیں جسے اپنی مدح پسند ہو۔

4941 : اطراف : مسلم كتاب التوبة باب غيرة الله تعالىٰ وتحريم الفواحش 4942، 4943، 4944
تخريج : بخاری كتاب التفسير باب قوله تعالىٰ ولاتقربوا الفواحش 4634 باب قول الله عزّوجل انّما حرّم ربّى الفواحش 4637 كتاب النكاح باب الغيرة 5220 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ماجاء فى عقد التسبيح باليد 3530

4942: اطراف: مسلم كتاب التوبة باب غيرة الله تعالىٰ وتحريم الفواحش 4941، 4943، 4944
تخريج : بخاری كتاب التفسير باب قوله تعالىٰ ولاتقربوا الفواحش 4634 باب قول الله عزّوجل انّما حرّم ربّى الفواحش 4637 كتاب النكاح باب الغيرة 5220 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ماجاء فى عقد التسبيح باليد 3530

4943 {34} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ قُلْتُ لَهُ آنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَعَمْ وَرَفَعَهُ أَنَّهُ قَالَ لَا أَحَدٌ أَغْيَرَ مِنَ اللَّهِ وَلِذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللَّهِ وَلِذَلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ [6993]

4943: عمرو بن مرہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ابووائل کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو کہتے ہوئے سنا — میں نے اس (عمرو بن مرہ) سے پوچھا کیا آپ نے یہ حضرت عبداللہؓ سے خود سنا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں اور انہوں (حضرت عبداللہؓ) نے اسے مرفوع بیان کیا کہ — آپؐ نے فرمایا کہ اللہ سے بڑھ کر کوئی غیرت مند نہیں ہے اور اسی لئے اس نے بے حیائی کے اعمال کو خواہ ظاہر ہوں یا پوشیدہ حرام قرار دیا ہے اور اللہ سے بڑھ کر کسی کو اپنی مدح محبوب نہیں اسی لئے اس نے اپنی تعریف کی ہے۔

4944 {35} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ وَلَيْسَ أَحَدٌ أَغْيَرَ مِنَ اللَّهِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ وَلَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْعُذْرُ مِنَ اللَّهِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ أَنْزَلَ

4944: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سب سے زیادہ اللہ عزوجل کو اپنی حمد محبوب ہے۔ اسی لئے اس نے اپنی تعریف کی ہے اور اللہ سے بڑھ کر کوئی غیرت مند نہیں ہے اسی وجہ سے اس نے بے حیائی کے اعمال کو حرام کیا ہے۔ اللہ سے بڑھ کر کوئی نہیں جسے پسند آتا ہو کہ (اس سے) معافی مانگی جائے۔ اسی لئے اس نے کتاب نازل فرمائی اور رسولوں کو بھیجا ہے۔

4943 : اطراف : مسلم كتاب التوبة باب غيرة الله تعالىٰ وتحريم الفواحش 4941 ، 4942 ، 4944

تخريج : بخاری كتاب التفسير باب قوله تعالىٰ ولاتقربوا الفواحش 4634 باب قول الله عزّوجل انّما حرّم ربّى الفواحش 4637 كتاب النكاح باب الغيرة 5220 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ماجاء فى عقد التسبيح باليد 3530

4944 : اطراف : مسلم كتاب التوبة باب غيرة الله تعالىٰ وتحريم الفواحش 4941 ، 4942 ، 4943

تخريج : بخاری كتاب التفسير باب قوله تعالىٰ ولاتقربوا الفواحش 4634 باب قول الله عزّوجل انّما حرّم ربّى الفواحش 4637 كتاب النكاح باب الغيرة 5220 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ماجاء فى عقد التسبيح باليد 3530

الكِتَابَ وَأَرْسَلَ الرُّسُلَ [6994]

4945 {36} حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ابْنِ عُلَيَّةَ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ قَالَ يَحْيَى وَحَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ يَغَارُ وَإِنَّ الْمُؤْمِنَ يَغَارُ وَغَيْرَةُ اللَّهِ أَنْ يَأْتِيَ الْمُؤْمِنُ مَا حَرَّمَ عَلَيْهِ [6995]

4945: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ غیرت رکھتا ہے اور مؤمن بھی غیرت رکھتا ہے۔ اللہ کی غیرت اس بات پر ہے کہ مؤمن وہ کام کرے جو اللہ نے اس پر حرام کیا ہے۔

4946: قَالَ يَحْيَى وَحَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيْسَ شَيْءٌ أَغْيَرَ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ وَحَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ رِوَايَةِ حَجَّاجٍ حَدِيثَ أَبِي هُرَيْرَةَ خَاصَّةً وَلَمْ يَذْكُرْ حَدِيثَ أَسْمَاءَ [6996,6997]

4946: حضرت اسماء بنت ابو بکرؓ بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل سے زیادہ کوئی غیرت مند نہیں۔

4945 : اطراف : مسلم كتاب التوبة باب غيرة الله تعالىٰ وتحريم الفواحش 4946 ، 4947 ، 4948

تخريج : بخاری كتاب التفسير باب قوله تعالىٰ ولاتقربوا الفواحش 4634 باب قول الله عزّوجل انّما حرّم ربّى الفواحش 4637 كتاب النكاح باب الغيرة 5220 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ماجاء فى عقد التسبيح باليد 3530

4946 : اطراف : مسلم كتاب التوبة باب غيرة الله تعالىٰ وتحريم الفواحش 4945 ، 4947 ، 4948

تخريج : بخاری كتاب التفسير باب قوله تعالىٰ ولاتقربوا الفواحش 4634 باب قول الله عزّوجل انّما حرّم ربّى الفواحش 4637 كتاب النكاح باب الغيرة 5220 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ ويحذركم الله نفسه 7404 **ترمذی** كتاب الدعوات باب ماجاء فى عقد التسبيح باليد 3530

4947 {37} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ هِشَامٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أَسْمَاءَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا شَيْءَ أَغْيَرُ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ [6998]

4947: حضرت اسماءؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ کوئی اللہ عزوجل سے بڑھ کر غیرت مند نہیں۔

4948 {38} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ يَغَارُ وَاللَّهُ أَشَدُّ غَيْرًا و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ الْعَلَاءَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [6999,7000]

4948: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک مؤمن غیرت رکھتا ہے اور اللہ بہت زیادہ غیرت رکھتا ہے۔

[7]8: بَاب: قَوْله تَعَالَى إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ

باب: اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا کہ نیکیاں بدیوں کو دور کر دیتی ہیں

4949 {39} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي كَامِلٍ حَدَّثَنَا

4949: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے ایک عورت کا بوسہ لے لیا۔ پھر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس کا ذکر آپؐ

4947 : اطراف:مسلم كتاب التوبة باب غيرة الله تعالىٰ وتحريم الفواحش 4945 ، 4946 ، 4948
تخريج : بخارى كتاب النكاح باب الغيرة 5222 ، 5223 **ترمذى** كتاب الرضاع باب ماجاء فى الغيرة 1168

4948 : اطراف:مسلم كتاب التوبة باب غيرة الله تعالىٰ وتحريم الفواحش 4945 ، 4946 ، 4947
تخريج : بخارى كتاب النكاح باب الغيرة 5222 ، 5223 **ترمذى** كتاب الرضاع باب ماجاء فى الغيرة 1168

4949 : اطراف:مسلم كتاب التوبة باب قوله تعالىٰ انّ الحسنات يذهبن السيئات 4950
تخريج : بخارى كتاب مواقيت الصلاة باب الصلاة كفارة 526 كتاب التفسير باب قوله واقم الصلاة طرفى النهار .. 4687 **ترمذى** كتاب التفسير باب ومن سورة هود 3112 ، 3113 ، 3114 ، 3115 **ابوداؤد** كتاب الحدود باب فى الرجل يصيب من المرأة 4468 **ابن ماجه** كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها باب ماجاء انّ الصلاة كفارة 1398 كتاب الزهد باب ذكر التوبة 4254

يَزِيدُ حَدَّثَنَا التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ رَجُلًا أَصَابَ مِنِ امْرَأَةٍ قُبْلَةً فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ قَالَ فَنَزَلَتْ أَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِينَ قَالَ فَقَالَ الرَّجُلُ أَلِيَ هَذِهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ لِمَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ أُمَّتِي {40} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَنَّهُ أَصَابَ مِنِ امْرَأَةٍ إِمَّا قُبْلَةً أَوْ مَسًّا بِيَدٍ أَوْ شَيْئًا كَأَنَّهُ يَسْأَلُ عَنْ كَفَّارَتِهَا قَالَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ يَزِيدَ {41} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ أَصَابَ رَجُلٌ مِنِ امْرَأَةٍ شَيْئًا دُونَ الْفَاحِشَةِ فَأَتَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَعَظَّمَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَتَى أَبَا بَكْرٍ فَعَظَّمَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ يَزِيدَ وَالْمُعْتَمِرِ [7001,7002,7003]

سے کیا۔ راوی کہتے ہیں کہ یہ آیت اتری۔ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ---۔ اور دن کے دونوں کناروں پر نماز قائم کر اور رات کے کچھ ٹکڑوں میں بھی ۔ یقیناً نیکیاں بدیوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ نصیحت ذکر کرنے والوں کے لئے ایک بہت بڑی نصیحت ہے۔☆

راوی کہتے ہیں اس پر اس شخص نے عرض کیا یارسول اللہؐ! کیا یہ (آیت) میرے لئے ہے؟ آپؐ نے فرمایا میری امت میں سے ہر اس شخص کے لئے جو اس پر عمل کرے۔ حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اس نے بیان کیا کہ اس نے کسی عورت کا بوسہ لے لیا یا (کہا) ہاتھ سے چھولیا یا کچھ اور (کہا) گویا وہ اس کا کفارہ پوچھ رہا ہے ۔ راوی کہتے ہیں پھر اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ کوئی آدمی ایک عورت سے بدکاری کے سوا کچھ کر بیٹھا۔ وہ حضرت عمرؓ بن خطاب کے پاس گیا۔ انہوں نے اسے بہت سنگین قرار دیا۔ پھر وہ حضرت ابوبکرؓ کے پاس گیا انہوں نے بھی اسے بہت سنگین قرار دیا۔ پھر وہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

☆ سورة هود: 115

4950 {42} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي عَالَجْتُ امْرَأَةً فِي أَقْصَى الْمَدِينَةِ وَإِنِّي أَصَبْتُ مِنْهَا مَا دُونَ أَنْ أَمَسَّهَا فَأَنَا هَذَا فَاقْضِ فِيَّ مَا شِئْتَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ لَقَدْ سَتَرَكَ اللَّهُ لَوْ سَتَرْتَ نَفْسَكَ قَالَ فَلَمْ يَرُدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَقَامَ الرَّجُلُ فَانْطَلَقَ فَأَتْبَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا دَعَاهُ وَتَلَا عَلَيْهِ هَذِهِ الْآيَةَ أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِينَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ يَا نَبِيَّ اللَّهِ هَذَا لَهُ خَاصَّةً قَالَ بَلْ لِلنَّاسِ كَافَّةً{43} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ

4950: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے مدینہ کے آخری کنارہ پر ایک عورت کو پکڑ لیا اور چھیڑ چھاڑ کی گو میں نے اس سے بدکاری نہیں کی۔ میں حاضر ہوں، میرے بارہ میں فیصلہ فرمادیں۔ حضرت عمرؓ نے اس سے کہا کہ اللہ نے تمہاری پردہ پوشی کی ہے۔ کاش تم بھی اپنا پردہ رکھتے۔ راوی کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اسے کوئی جواب نہ دیا۔ چنانچہ وہ شخص کھڑا ہوا اور چلا گیا۔ پھر نبی ﷺ نے اس کے پیچھے ایک آدمی بھیجا جو اس کو بلا لایا۔ آپؐ نے اس کے سامنے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ---۔ اور دن کے دونوں کناروں پر نماز قائم کر اور رات کے کچھ ٹکڑوں میں بھی۔ یقیناً نیکیاں بدیوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ نصیحت ذکر کرنے والوں کے لئے ایک بہت بڑی نصیحت ہے۔☆

اس پر لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا اے اللہ کے نبی! یہ بات اس کے لئے خاص ہے؟ آپؐ نے

4950 : اطراف: مسلم كتاب التوبة باب قوله تعالىٰ انّ الحسنات يذهبن السيئات 4949

تخريج : بخاری كتاب مواقيت الصلاة باب الصلاة كفارة 526 كتاب التفسير باب قوله واقم الصلاة طرفى النهار.. 4687 **ترمذی** كتاب التفسير باب ومن سورة هود3112، 3113، 3114، 3115 **ابو داؤد** كتاب الحدود باب فى الرجل يصيب من المرأة 4468 **ابن ماجه** كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها باب ماجاء انّ الصلاة كفارة 1398 كتاب الزهد باب ذكر التوبة 4254

☆ **سورة هود: 115**

الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْعِجْلِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ يُحَدِّثُ عَنْ خَالِهِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ أَبِي الْأَحْوَصِ وَقَالَ فِي حَدِيثِهِ فَقَالَ مُعَاذٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذَا لِهَذَا خَاصَّةً أَوْ لَنَا عَامَّةً قَالَ بَلْ لَكُمْ عَامَّةً [7005,7004]

فرمایا (نہیں) بلکہ سب لوگوں کے لئے ہے۔
ایک روایت میں (فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ يَا نَبِيَ اللَّهِ هٰذَا لَهُ خَاصَّةً قَالَ بَلْ لِلنَّاسِ كَافَّةً کی بجائے) فَقَالَ مُعَاذُ يَا رَسُوْلَ اللَّهِ هٰذَا لِهٰذَا خَاصَّةً اَوْ لَنَا عَامَةً قَالَ بَلْ لَكُمْ عَامَةً کے الفاظ ہیں کہ حضرت معاذؓ نے عرض کیا یارسول اللہ! یہ (بات) اس شخص کے لئے مخصوص ہے؟ یا ہم سب کے لئے عام ہے؟ آپؐ نے فرمایا بلکہ تم سب کے لئے عام ہے۔

4951 {44} حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ قَالَ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْ فِيَّ كِتَابَ اللَّهِ قَالَ هَلْ حَضَرْتَ الصَّلَاةَ مَعَنَا قَالَ نَعَمْ قَالَ قَدْ غُفِرَ لَكَ [7006]

4951: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ! میں حد کا مستحق ہو گیا ہوں۔ آپؐ اسے مجھ پر قائم فرمائیے۔ راوی کہتے ہیں اور نماز کا وقت ہو گیا۔ پھر اس (شخص) نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب اس نے نماز ادا کر لی تو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں ''حد'' کو پہنچا ہوں۔ آپؐ مجھ پر اللہ کا قانون نافذ فرمائیں۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم نے ہمارے ساتھ نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کیا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا تجھے بخش دیا گیا ہے۔

4952 {45} حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا شَدَّادٌ حَدَّثَنَا أَبُو أُمَامَةَ قَالَ بَيْنَمَا

4952: حضرت ابو امامہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے اور ہم بھی آپؐ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک شخص آیا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں ''حد'' کو پہنچا ہوں۔

4951 : تخریج: بخاری كتاب الحدود باب اذا أقرّ بالحدّ ولم يتبيّن... 6823

4952: تخریج: ابوداؤد كتاب الحدود باب فى الرجل يعترف بحدّ 4381

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ وَنَحْنُ قُعُودٌ مَعَهُ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ فَسَكَتَ عَنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ أَعَادَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ فَسَكَتَ عَنْهُ وَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَمَّا انْصَرَفَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو أُمَامَةَ فَاتَّبَعَ الرَّجُلُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ انْصَرَفَ وَاتَّبَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْظُرُ مَا يَرُدُّ عَلَى الرَّجُلِ فَلَحِقَ الرَّجُلُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ قَالَ أَبُو أُمَامَةَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَأَيْتَ حِينَ خَرَجْتَ مِنْ بَيْتِكَ أَلَيْسَ قَدْ تَوَضَّأْتَ فَأَحْسَنْتَ الْوُضُوءَ قَالَ بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ ثُمَّ شَهِدْتَ الصَّلَاةَ مَعَنَا فَقَالَ نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ اللَّهَ قَدْ غَفَرَ لَكَ حَدَّكَ أَوْ قَالَ ذَنْبَكَ [7007]

آپ اسے مجھ پر جاری فرما دیجئے۔ رسول اللہ ﷺ اس پر خاموش رہے۔ اس نے اپنی بات دہرائی اور کہا یا رسول اللہ! میں ''حد'' کو پہنچا ہوں۔ آپ اسے مجھ پر جاری فرما دیجئے۔ لیکن آپ اس پر بھی خاموش رہے۔ اتنے میں نماز کھڑی ہوگئی۔ پھر جب اللہ کے نبی ﷺ فارغ ہوئے۔ حضرت ابوامامہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نماز سے فارغ ہوکر واپس لوٹے تو وہ شخص بھی آپ کے پیچھے پیچھے آیا اور میں بھی یہ دیکھنے کے لئے پیچھے پیچھے آیا کہ آپ اس شخص کو کیا جواب دیتے ہیں۔ وہ شخص رسول اللہ ﷺ سے جا ملا اور عرض کیا یا رسول اللہ! میں ''حد'' کو پہنچا ہوں☆۔ اسے مجھ پر جاری فرمائیں۔ حضرت ابو امامہؓ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا یہ بتاؤ کہ جب تم اپنے گھر سے نکلے تو تم نے خوب اچھی طرح وضوء نہیں کیا تھا؟ اس نے عرض کیا کیوں نہیں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا پھر تم نے ہمارے ساتھ نماز بھی پڑھی ہے؟ اس نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ!۔ راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا یقیناً اللہ نے تجھے تیری حد یا فرمایا تیرا گناہ بخش دیا ہے۔

☆ یعنی ایسے گناہ کا مرتکب ہوا ہوں جس پر حد نافذ ہوتی ہے۔

[8]9:بَاب: قَبُولُ تَوْبَةِ الْقَاتِلِ وَإِنْ كَثُرَ قَتْلُهُ

باب: قاتل کی توبہ کا قبول ہونا خواہ اس نے بہت قتل کئے ہوں

4953 {46} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا فَسَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَاهِبٍ فَأَتَاهُ فَقَالَ إِنَّهُ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ فَقَالَ لَا فَقَتَلَهُ فَكَمَّلَ بِهِ مِائَةً ثُمَّ سَأَلَ عَنْ أَعْلَمِ أَهْلِ الْأَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَجُلٍ عَالِمٍ فَقَالَ إِنَّهُ قَتَلَ مِائَةَ نَفْسٍ فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ فَقَالَ نَعَمْ وَمَنْ يَحُولُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ التَّوْبَةِ انْطَلِقْ إِلَى أَرْضِ كَذَا وَكَذَا فَإِنَّ بِهَا أُنَاسًا يَعْبُدُونَ اللَّهَ فَاعْبُدِ اللَّهَ مَعَهُمْ وَلَا تَرْجِعْ إِلَى أَرْضِكَ فَإِنَّهَا أَرْضُ سَوْءٍ فَانْطَلَقَ حَتَّى إِذَا نَصَفَ الطَّرِيقَ أَتَاهُ الْمَوْتُ فَاخْتَصَمَتْ فِيهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ جَاءَ تَائِبًا مُقْبِلًا بِقَلْبِهِ إِلَى اللَّهِ وَقَالَتْ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ إِنَّهُ لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ

4953: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا کہ تم سے پہلے لوگوں میں ایک آدمی تھا جس نے ننانوے قتل کئے تھے۔ اس نے ملک کے سب سے بڑے عالم کے بارہ میں پوچھا چنانچہ اسے ایک راہب کا پتہ بتایا گیا۔ وہ شخص اس کے پاس آیا اور عرض کیا کہ اس نے ننانوے قتل کئے ہیں کیا اس کی توبہ ہوسکتی ہے؟ اس نے کہا نہیں۔ اس نے اسے بھی قتل کر دیا اور اس طرح سو پورے کر دیئے۔ اس نے پھر ملک کے سب سے بڑے عالم کے متعلق پوچھا۔ تو پھر اسے ایک عالم کا پتہ بتایا گیا۔ اس نے کہا کہ اس نے سو آدمیوں کو قتل کیا ہے کیا اس کی توبہ قبول ہوسکتی ہے۔ اس نے کہا ہاں۔ بندہ اور اس کی توبہ کے درمیان کون حائل ہوسکتا ہے۔ فلاں علاقہ کی طرف چلے جاؤ۔ وہاں کچھ لوگ ہیں جو اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔ پس تم بھی ان کے ساتھ اللہ کی عبادت کرو اور واپس اپنے ملک مت لوٹنا کیونکہ وہ ملک بُرا ہے۔ پس وہ چل پڑا، ابھی اس نے آدھا راستہ ہی طے کیا تھا کہ اسے موت نے آلیا۔ اس کے بارہ میں رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے

4953: اطراف: مسلم كتاب التوبة باب قبول توبة القاتل وان كثر قتله 4954

تخريج : بخاری كتاب احاديث الانبياء باب حديث الغار 3470 **ابن ماجه** كتاب الديات باب هل لقاتل مومن توبة ؟ 2622

فَأَتَاهُمْ مَلَكٌ فِي صُورَةِ آدَمِيٍّ فَجَعَلُوهُ بَيْنَهُمْ فَقَالَ قِيسُوا مَا بَيْنَ الْأَرْضَيْنِ فَإِلَى أَيَّتِهِمَا كَانَ أَدْنَى فَهُوَ لَهُ فَقَاسُوهُ فَوَجَدُوهُ أَدْنَى إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي أَرَادَ فَقَبَضَتْهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ قَالَ قَتَادَةُ فَقَالَ الْحَسَنُ ذُكِرَ لَنَا أَنَّهُ لَمَّا أَتَاهُ الْمَوْتُ نَأَى بِصَدْرِهِ [7008]

آپس میں جھگڑنے لگے۔ رحمت کے فرشتوں نے کہا کہ یہ اپنے دل سے توبہ کرتے ہوئے اللہ کی طرف آرہا تھا۔ مگر عذاب کے فرشتوں نے کہا کہ اس نے کبھی کوئی نیکی نہیں کی۔ اتنے میں ان کے پاس انسانی صورت میں ایک فرشتہ آیا۔ انہوں نے اسے اپنے درمیان حکم بنالیا۔ اس نے کہا کہ دونوں زمینوں کی پیائش کرو۔ پس جس کے وہ زیادہ قریب ہوگا وہ اسی کا ہوگا۔ چنانچہ انہوں نے اس کی پیائش کی تو انہوں نے اسے اس زمین کے زیادہ قریب پایا جس کی طرف جانے کا اس نے ارادہ کیا تھا۔ تو رحمت کے فرشتوں نے اسے قبضہ میں لے لیا۔ قتادہ کہتے ہیں کہ حسن نے کہا ہمارے پاس ذکر کیا گیا ہے کہ جب اس کی موت آئی اس نے اپنا سینہ (مطلوبہ منزل کی طرف) بڑھادیا۔

4954 {47} حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الصِّدِّيقِ النَّاجِيَّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَجُلًا قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا فَجَعَلَ يَسْأَلُ هَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ فَأَتَى رَاهِبًا فَسَأَلَهُ فَقَالَ لَيْسَتْ لَكَ تَوْبَةٌ فَقَتَلَ الرَّاهِبَ ثُمَّ جَعَلَ يَسْأَلُ ثُمَّ

4954: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص نے ننانوے آدمی قتل کئے۔ پھر وہ پوچھنے لگا کہ کیا اس کے لئے توبہ کی کوئی راہ ہے؟ وہ ایک راہب کے پاس آیا اور اس سے پوچھا۔ اس نے کہا تیرے لئے کوئی توبہ نہیں۔ چنانچہ اس نے اس راہب کو بھی قتل کر دیا۔ پھر وہ سوال پوچھنے لگا اور وہ اس بستی سے نکل کر ایک اور بستی کی

4954 : **اطراف**: **مسلم** كتاب التوبة باب قبول توبة القاتل وان كثر قتله 4953

تخريج : **بخاری** كتاب احاديث الانبياء باب حديث الغار 3470 **ابن ماجه** كتاب الديات باب هل لقاتل مومن توبة ؟ 2622

خَرَجَ مِنْ قَرْيَةٍ إِلَى قَرْيَةٍ فِيهَا قَوْمٌ صَالِحُونَ فَلَمَّا كَانَ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَنَأَى بِصَدْرِهِ ثُمَّ مَاتَ فَاخْتَصَمَتْ فِيهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَكَانَ إِلَى الْقَرْيَةِ الصَّالِحَةِ أَقْرَبَ مِنْهَا بِشِبْرٍ فَجُعِلَ مِنْ أَهْلِهَا {48} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ وَزَادَ فِيهِ فَأَوْحَى اللَّهُ إِلَى هَذِهِ أَنْ تَبَاعَدِي وَإِلَى هَذِهِ أَنْ تَقَرَّبِي [7010,7009]

طرف گیا جس میں نیک لوگ تھے۔ ابھی وہ راستہ میں تھا کہ اسے موت نے آلیا اور اس نے اپنے سینہ کو (اپنی سابقہ بستی سے) دور کر دیا اور مر گیا۔ رحمت اور عذاب کے فرشتے اس کے بارہ میں جھگڑنے لگے۔ وہ اس (پرانی بستی) سے نیک بستی کے ایک بالشت زیادہ قریب تھا۔ اس لئے اسے (اس نیک بستی) کے باشندوں میں شمار کیا گیا۔

ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ اللہ نے اس زمین کو وحی فرمائی کہ تو دور ہو جا اور اس زمین کو وحی فرمائی کہ قریب ہو جا۔

4955: {49} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ دَفَعَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى كُلِّ مُسْلِمٍ يَهُودِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا فَيَقُولُ هَذَا فِكَاكُكَ مِنَ النَّارِ [7011]

4955: حضرت ابو موسیٰ ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ عزوجل ایک یہودی یا عیسائی کو ہر مسلمان کے سپرد کر دے گا اور فرمائے گا کہ یہ تیرے لئے آگ سے بچاؤ کا ذریعہ ہے۔

4956 {50} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ أَنَّ عَوْنًا وَسَعِيدَ بْنَ أَبِي بُرْدَةَ حَدَّثَاهُ أَنَّهُمَا شَهِدَا أَبَا بُرْدَةَ يُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4956: ابو بردہ نے اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کو بتایا عون اور سعید بیان کرتے ہیں کہ وہ دونوں موجود تھے جب نبی ﷺ نے فرمایا کوئی مسلمان شخص نہیں مرتا مگر اللہ اس کی جگہ آگ میں ایک یہودی یا عیسائی کو ڈال دیتا ہے۔☆

☆ان دو روایات 4955، 4956 کی وضاحت شاید روایت نمبر 4958 سے ہو سکتی ہے ورنہ بظاہر نظر لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرَی کے خلاف معلوم ہوتی ہے۔ واللہ اعلم

4955 : اطراف: مسلم کتاب التوبة باب قبول توبة القاتل وان كثر قتله 4956، 4657

4956 : اطراف: مسلم کتاب التوبة باب قبول توبة القاتل وان كثر قتله 4955، 4657

قَالَ لَا يَمُوتُ رَجُلٌ مُسْلِمٌ إِلَّا أَدْخَلَ اللَّهُ مَكَانَهُ النَّارَ يَهُودِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا قَالَ فَاسْتَحْلَفَهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بِاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَحَلَفَ لَهُ قَالَ فَلَمْ يُحَدِّثْنِي سَعِيدٌ أَنَّهُ اسْتَحْلَفَهُ وَلَمْ يُنْكِرْ عَلَى عَوْنٍ قَوْلَهُ إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ أَخْبَرَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ عَفَّانَ وَقَالَ عَوْنُ بْنُ عُتْبَةَ [7013,7012]

راوی کہتے ہیں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے ابو بردہ کو تین بار اللہ کی قسم دی جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں کہ ان کے والد نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہوئے بیان کی ہے؟ راوی کہتے ہیں انہوں نے ان کے سامنے قسم کھائی۔ راوی کہتے ہیں کہ سعید نے مجھے نہیں بتایا کہ انہوں نے ان سے قسم طلب کی تھی اور عون کی بابت انکار نہیں کیا۔

4957 {51} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَبَلَةَ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ حَدَّثَنَا شَدَّادٌ أَبُو طَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَاسٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ بِذُنُوبٍ أَمْثَالِ الْجِبَالِ فَيَغْفِرُهَا اللَّهُ لَهُمْ وَيَضَعُهَا عَلَى الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى فِيمَا أَحْسِبُ أَنَا قَالَ أَبُو رَوْحٍ لَا أَدْرِي مِمَّنِ الشَّكُّ قَالَ أَبُو بُرْدَةَ فَحَدَّثْتُ بِهِ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَقَالَ أَبُوكَ حَدَّثَكَ هَذَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ نَعَمْ [7014]

4957: حضرت ابو بردہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن بعض لوگ مسلمانوں میں سے پہاڑوں جیسے گناہ لے کر آئیں گے۔ جنہیں اللہ بخش دے گا۔ راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے ان گناہوں کو یہود و نصاریٰ پر ڈال دے گا۔ ابو روح نے کہا میں نہیں جانتا کہ شک کس کی طرف سے ہے۔ ابو بردہؓ نے کہا کہ میں نے یہ بات حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز کو بتائی تو انہوں نے کہا کہ کیا تیرے والد نے تجھے یہ بات نبی ﷺ سے روایت کر کے بتائی۔ میں نے کہا ہاں۔

4957 : اطراف: مسلم کتاب التوبة باب قبول توبة القاتل وان كثر قتله 4955 ، 4656

4958 {52} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عُمَرَ كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي النَّجْوَى قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ يُدْنَى الْمُؤْمِنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى يَضَعَ عَلَيْهِ كَنَفَهُ فَيُقَرِّرُهُ بِذُنُوبِهِ فَيَقُولُ هَلْ تَعْرِفُ فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ أَعْرِفُ قَالَ فَإِنِّي قَدْ سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا وَإِنِّي أَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ فَيُعْطَى صَحِيفَةَ حَسَنَاتِهِ وَأَمَّا الْكُفَّارُ وَالْمُنَافِقُونَ فَيُنَادَى بِهِمْ عَلَى رُءُوسِ الْخَلَائِقِ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللَّهِ [7015]

4958:صفوان بن محرز بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت ابن عمرؓ سے کہا کہ آپ نے رازداری سے بات کرنے کے بارہ میں رسول اللہ ﷺ کو کیا فرماتے سنا ہے؟ انہوں نے کہا میں نے آپؐ کو فرماتے سنا ہے کہ قیامت کے دن مؤمن اپنے رب عزوجل کے قریب کیا جائے گا یہانتک کہ وہ (اللہ) اس پر (رحمت کا) ہاتھ رکھے گا۔اور وہ اس سے اس کے گناہوں کا اقرار کروائے گا اور کہے گا کیا تو جانتا ہے؟ اس پر وہ کہے گا اے میرے رب! میں جانتا ہوں اللہ فرمائے گا کہ میں نے دنیا میں تیرے (ان گناہوں کی) پردہ پوشی کی اور میں آج بھی تجھے بخشتا ہوں۔ پھر اسے نیکیوں کا اعمال نامہ دے دیا جائے گا جہاں تک کافروں اور منافقوں کا تعلق ہے۔انہیں خلقت کے سامنے بلایا جائے گا یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا۔

4958 : تخریج: بخاری كتاب المظالم والغصب باب قول الله تعالىٰ الا لعنة الله عل الظالمين 2441 كتاب التفسير باب قوله ويقول الاشهآد هؤلآء الذين كذبوا علىٰ ربهم 4685 كتاب الادب باب ستر المؤمن علىٰ نفسه 6070 كتاب التوحيد باب كلام الرب عزّوجلّ يوم القيامة 7514 **ابن ماجه** المقدمة باب فيما انكرت الجهمية 183

[9]10: بَاب: حَدِيثُ تَوْبَةِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَصَاحِبَيْهِ

باب: کعب بن مالکؓ اور ان کے دوساتھیوں کی توبہ کا بیان

4959{53}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ مَوْلَى بَنِي أُمَيَّةَ أَخْبَرَنِي ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ثُمَّ غَزَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ وَهُوَ يُرِيدُ الرُّومَ وَنَصَارَى الْعَرَبِ بِالشَّامِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ كَعْبٍ كَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيهِ حِينَ عَمِيَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ

4959: ابن شہاب بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک کے لئے تشریف لے گئے۔ آپؐ کا قصد اہل روم اور شام کے عرب کے عیسائیوں کی طرف تھا۔ ابن شہاب کہتے ہیں کہ مجھے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعبؓ بن مالک نے بتایا کہ عبداللہ بن کعب، حضرت کعبؓ کی نابینائی کے وقت ان کے بیٹوں میں سے ان کے گائیڈ تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت کعبؓ بن مالک کو اپنا واقعہ بیان کرتے ہوئے سنا جب وہ غزوۂ تبوک میں رسول اللہ ﷺ سے پیچھے رہ گئے تھے۔ حضرت کعبؓ بن مالک نے بیان کیا کہ میں سوائے غزوۂ تبوک کے کبھی کسی غزوہ میں

4959 : اطراف: **مسلم** كتاب صلاة المسافرين وقصرها باب استحباب الركعتين في المسجد لمن قدم من سفر ...1163

تخريج : بخارى كتاب الوصايا باب اذا تصدق او اوقف بعض ماله 2757 كتاب الجهاد والسير باب من اراد غزوة فرأى بغيرها... 2950 باب الصلاة اذا قدم من سفر 3088 كتاب المناقب باب صفة النبىّ ﷺ 3556 باب وفود الانصار الى النبىّ ﷺ بمكة 3889 كتاب المغازى باب قصة غزوة بدر 3951 باب حديث كعب بن مالك ... 4418 كتاب التفسير باب قوله سيحلفون بالله لكم 4673 باب قوله لقد تاب الله على النبىّ ﷺ والمهاجرين 4676 باب وعلى الثلاثه الذين خلفوا 4677 باب يايها الذين امنوا اتقوا الله 4678 كتاب الاستئذان باب من لم يسلّم على من اقترف ذنباً 6255 كتاب الايمان والنذور باب اذا اهدى ماله على وجه النذر والتوبة 6690 كتاب الاحكام باب هل للامام ان يمنع المجرمين ... 7225 **ترمذى** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة التوبة 3102 **نسائى** كتاب المساجد الرخصة فى الجلوس فيه 731 كتاب الطلاق باب الحقنى بأهلك 3422، 3423، 3424، 3425، 3426 كتاب الايمان والنذور اذا نذر ثمّ اسلم ... 3823 اذا اهدى ماله على وجه النذر 3824، 3825، 3826 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فيما عنىّ به الطلاق والنيات 2202 كتاب الجهاد باب فى ايّ يوم يستحب السفر؟ 2605 باب فى الصلاة عند القدوم من السفر 2781 كتاب الايمان والنذور باب فيمن نذر ان يتصدق بماله 3317، 3318، 3319، 3321 كتاب السنة باب مجانبة اهل الهواء وبغضهم 4600 **ابن ماجه** كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها باب ماجاء فى الصلاة والسجدة عند الشكر 1393

يُحَدِّثُ حَدِيثَهُ حِينَ تَخَلَّفَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا قَطُّ إِلَّا فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ غَيْرَ أَنِّي قَدْ تَخَلَّفْتُ فِي غَزْوَةِ بَدْرٍ وَلَمْ يُعَاتِبْ أَحَدًا تَخَلَّفَ عَنْهُ إِنَّمَا خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ يُرِيدُونَ عِيرَ قُرَيْشٍ حَتَّى جَمَعَ اللَّهُ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ عَدُوِّهِمْ عَلَى غَيْرِ مِيعَادٍ وَلَقَدْ شَهِدْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ حِينَ تَوَاثَقْنَا عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَا أُحِبُّ أَنَّ لِي بِهَا مَشْهَدَ بَدْرٍ وَإِنْ كَانَتْ بَدْرٌ أَذْكَرَ فِي النَّاسِ مِنْهَا وَكَانَ مِنْ خَبَرِي حِينَ تَخَلَّفْتُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ أَنِّي لَمْ أَكُنْ قَطُّ أَقْوَى وَلَا أَيْسَرَ مِنِّي حِينَ تَخَلَّفْتُ عَنْهُ فِي تِلْكَ الْغَزْوَةِ وَاللَّهِ مَا جَمَعْتُ قَبْلَهَا رَاحِلَتَيْنِ قَطُّ حَتَّى جَمَعْتُهُمَا فِي تِلْكَ الْغَزْوَةِ فَغَزَاهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَرٍّ شَدِيدٍ وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيدًا وَمَفَازًا وَاسْتَقْبَلَ عَدُوًّا كَثِيرًا

رسول اللہ ﷺ سے پیچھے نہیں رہا۔ ہاں غزوۂ بدر میں بھی میں پیچھے رہ گیا تھا۔ لیکن اس موقعہ پر آپؐ نے کسی پیچھے رہنے والے پر اظہارِ ناراضگی نہیں فرمایا تھا۔ اس وقت رسول اللہ ﷺ اور مسلمان صرف قریش کے ایک قافلہ کے ارادہ سے نکلے تھے یہاںتک کہ اللہ نے انہیں اوران کے دشمنوں کو پہلے سے طے کئے ہوئے وقت کے بغیر اکٹھا کر دیا اور میں عقبہ کی رات بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا جب ہم نے اسلام پر پختہ عہد کیا تھا اور میں پسند نہیں کرتا کہ اس (بیعت عقبہ) کی بجائے بدر میں حاضر ہوتا اگر چہ (اس بیعت عقبہ) کی نسبت جنگ بدر کا لوگوں میں زیادہ چرچا ہے۔ میرا واقعہ یوں ہے جب میں غزوۂ تبوک میں رسول اللہ ﷺ سے پیچھے رہ گیا تھا۔ میں کبھی اپنی زندگی میں اتنا مضبوط اور خوشحال نہیں تھا جتنا کہ اس وقت تھا جب میں اس غزوہ میں آپؐ سے پیچھے رہ گیا تھا اور اللہ کی قسم اس سے قبل کبھی میں نے سواری کی دو اونٹنیاں اکٹھی نہیں کی تھیں لیکن اس غزوہ کے وقت میرے پاس دو اونٹنیاں تھیں۔ رسول اللہ ﷺ سخت گرمی میں اس غزوہ کے لئے روانہ ہوئے اور آپؐ کو ایک لمبے سفر اور صحراء کا سامنا تھا اور ایک بڑی تعداد میں دشمن سے مقابلہ تھا اور آپؐ نے مسلمانوں پر یہ صورت حال اچھی طرح واضح کر دی تھی تا کہ وہ اپنے غزوہ کے لئے خوب اچھی طرح

فَجَلَا لِلْمُسْلِمِينَ أَمْرَهُمْ لِيَتَأَهَّبُوا أُهْبَةَ غَزْوِهِمْ فَأَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِمْ الَّذِي يُرِيدُ وَالْمُسْلِمُونَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيرٌ وَلَا يَجْمَعُهُمْ كِتَابُ حَافِظٍ يُرِيدُ بِذَلِكَ الدِّيوَانَ قَالَ كَعْبٌ فَقَلَّ رَجُلٌ يُرِيدُ أَنْ يَتَغَيَّبَ يَظُنُّ أَنَّ ذَلِكَ سَيَخْفَى لَهُ مَا لَمْ يَنْزِلْ فِيهِ وَحْيٌ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَغَزَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْغَزْوَةَ حِينَ طَابَتِ الثِّمَارُ وَالظِّلَالُ فَأَنَا إِلَيْهَا أَصْعَرُ فَتَجَهَّزَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ مَعَهُ وَطَفِقْتُ أَغْدُو لِكَيْ أَتَجَهَّزَ مَعَهُمْ فَأَرْجِعُ وَلَمْ أَقْضِ شَيْئًا وَأَقُولُ فِي نَفْسِي أَنَا قَادِرٌ عَلَى ذَلِكَ إِذَا أَرَدْتُ فَلَمْ يَزَلْ ذَلِكَ يَتَمَادَى بِي حَتَّى اسْتَمَرَّ بِالنَّاسِ الْجِدُّ فَأَصْبَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَادِيًا وَالْمُسْلِمُونَ مَعَهُ وَلَمْ أَقْضِ مِنْ جَهَازِي شَيْئًا ثُمَّ غَدَوْتُ فَرَجَعْتُ وَلَمْ أَقْضِ شَيْئًا فَلَمْ يَزَلْ ذَلِكَ يَتَمَادَى بِي حَتَّى أَسْرَعُوا وَتَفَارَطَ الْغَزْوُ فَهَمَمْتُ أَنْ أَرْتَحِلَ

تیاری کرلیں۔آپؐ نے انہیں اس سمت کا بھی بتا دیا تھا جس کا آپؐ ارادہ رکھتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مسلمانوں کی تعداد بہت زیادہ تھی جن کا کسی محفوظ کرنے والی کتاب میں ذکر نہیں تھا ان کی مراد اس سے رجسٹر تھی۔حضرت کعبؓ کہتے ہیں کہ شاذ ہی کوئی ایسا شخص ہوگا جو پیچھے رہ کر یہ سمجھتا ہو کہ اس کا معاملہ آپ ﷺ پر اس وقت تک مخفی رہے گا جب تک اس کے بارہ میں اللہ عزّوجل کی وحی نہ اترے۔ رسول اللہ ﷺ اس غزوہ کے لئے تشریف لے گئے جب پھل پک چکے تھے اور سائے خوشگوار لگتے تھے اور میں ان کی طرف مائل تھا اور رسول اللہ ﷺ اور لوگ تیاری کرنے لگے اور میں نے کوئی تیاری نہ کی اور لوگوں کی کوشش جاری رہی۔پھر میں بھی صبح جاتا کہ ان کے ساتھ تیاری کروں لیکن واپس لوٹ آتا۔میں اپنے دل میں سوچتا کہ میں اس پر قادر ہوں جب بھی چاہوں اور میرا یہ معاملہ طول پکڑتا تھا۔پس رسول اللہ ﷺ ایک صبح روانہ ہو گئے اور مسلمان آپؐ کے ساتھ تھے اور میں نے کچھ تیاری نہ کی اور میں صبح نکلا اور واپس آ گیا۔اور میں نے کچھ نہ کیا اور دیر تک میری یہ کیفیت چلتی رہی یہاں تک کہ وہ تیزی سے چل پڑے اور اہلِ غزوہ دور نکل گئے اور میرے لئے ممکن نہ ہو سکا اور میں نے ارادہ کیا کہ روانہ ہو جاؤں اور ان کو جا ملوں۔اے کاش! میں نے ایسا کر لیا

فَأُدْرِكَهُمْ فَيَا لَيْتَنِي فَعَلْتُ ثُمَّ لَمْ يُقَدَّرْ ذَلِكَ لِي فَطَفِقْتُ إِذَا خَرَجْتُ فِي النَّاسِ بَعْدَ خُرُوجِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْزُنُنِي أَنِّي لَا أَرَى لِي أُسْوَةً إِلَّا رَجُلًا مَغْمُوصًا عَلَيْهِ فِي النِّفَاقِ أَوْ رَجُلًا مِمَّنْ عَذَرَ اللَّهُ مِنَ الضُّعَفَاءِ وَلَمْ يَذْكُرْنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَلَغَ تَبُوكَ فَقَالَ وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْقَوْمِ بِتَبُوكَ مَا فَعَلَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَلِمَةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ حَبَسَهُ بُرْدَاهُ وَالنَّظَرُ فِي عِطْفَيْهِ فَقَالَ لَهُ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ بِئْسَ مَا قُلْتَ وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا فَسَكَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَمَا هُوَ عَلَى ذَلِكَ رَأَى رَجُلًا مُبَيِّضًا يَزُولُ بِهِ السَّرَابُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْ أَبَا خَيْثَمَةَ فَإِذَا هُوَ أَبُو خَيْثَمَةَ الْأَنْصَارِيُّ وَهُوَ الَّذِي تَصَدَّقَ بِصَاعِ التَّمْرِ حِينَ لَمَزَهُ الْمُنَافِقُونَ فَقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ فَلَمَّا بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ تَوَجَّهَ قَافِلًا مِنْ تَبُوكَ حَضَرَنِي

ہوتا مگر میرے لئے یہ مقدر نہ تھا۔رسول اللہ ﷺ کے جانے کے بعد جب بھی میں باہر لوگوں میں جاتا تو مجھے یہ بات غمگین کرتی کہ میں کوئی آدمی نہ دیکھتا جس میں اپنا نمونہ پاتا۔صرف ایسا آدمی دیکھتا یا تو وہ شخص جن پہ منافقت کا الزام تھا یا کمزور لوگوں میں سے کوئی شخص جنہیں اللہ نے معذور ٹھہرایا تھا۔ بہرحال رسول اللہ ﷺ نے میرا ذکر نہ فرمایا یہانتک کہ آپؐ تبوک (مقام پر) پہنچ گئے۔تبوک میں جب آپؐ لوگوں میں تشریف فرما تھے آپؐ نے فرمایا کعب کو کیا ہوا؟ تب بنی سلمہ کے ایک شخص نے کہا یارسولؐ اللہ! اس کو اس کی امارت اور اس کی خود پسندی نے روک لیا ہے☆۔ اس پر حضرت معاذ بن جبلؓ نے اس سے کہا کہ تم نے بہت بُرا کہا۔ اللہ کی قسم یا رسولؐ اللہ! ہم تو اس میں خیر کے سوا کچھ نہیں جانتے۔اس پر رسول اللہ ﷺ خاموش رہے۔اسی اثناء میں آپؐ نے سفید کپڑوں میں ملبوس ایک شخص کو دور سے آتے ہوئے دیکھا جس سے سراب ہٹ رہا تھا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ابوخیثمہ ہو جا''۔ تو وہ ابوخیثمہؓ انصاری ہی تھے۔ یہ وہ ہیں جنہوں نے کھجور کا ایک صاع صدقہ دیا تھا اور منافقوں نے ہنسی اڑائی تھی۔کعب کہتے ہیں کہ جب مجھے یہ خبر پہنچی کہ رسول اللہ ﷺ تبوک سے واپس

☆لفظی ترجمہ عربی محاورہ کا یہ ہے کہ ''اس کی دو چادریں اور اس کا اپنے دونوں پہلوؤں کو دیکھنا''

بَثِّي فَطَفِقْتُ أَتَذَكَّرُ الْكَذِبَ وَأَقُولُ بِمَ أَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهِ غَدًا وَأَسْتَعِينُ عَلَى ذَلِكَ كُلَّ ذِي رَأْيٍ مِنْ أَهْلِي فَلَمَّا قِيلَ لِي إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَظَلَّ قَادِمًا زَاحَ عَنِّي الْبَاطِلُ حَتَّى عَرَفْتُ أَنِّي لَنْ أَنْجُوَ مِنْهُ بِشَيْءٍ أَبَدًا فَأَجْمَعْتُ صِدْقَهُ وَصَبَّحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَادِمًا وَكَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَرَكَعَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ لِلنَّاسِ فَلَمَّا فَعَلَ ذَلِكَ جَاءَهُ الْمُخَلَّفُونَ فَطَفِقُوا يَعْتَذِرُونَ إِلَيْهِ وَيَحْلِفُونَ لَهُ وَكَانُوا بِضْعَةً وَثَمَانِينَ رَجُلًا فَقَبِلَ مِنْهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَانِيَتَهُمْ وَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَوَكَلَ سَرَائِرَهُمْ إِلَى اللَّهِ حَتَّى جِئْتُ فَلَمَّا سَلَّمْتُ تَبَسَّمَ تَبَسُّمَ الْمُغْضَبِ ثُمَّ قَالَ تَعَالَ فَجِئْتُ أَمْشِي حَتَّى جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ لِي مَا خَلَّفَكَ أَلَمْ تَكُنْ قَدِ ابْتَعْتَ ظَهْرَكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي وَاللَّهِ لَوْ جَلَسْتُ عِنْدَ غَيْرِكَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا لَرَأَيْتُ أَنِّي

تشریف لا رہے ہیں تو مجھے پریشانی پیدا ہوئی اور میں جھوٹے بہانے سوچنے لگا کہ کل کس طرح آپؐ کی ناراضگی سے بچ سکتا ہوں اور میں نے اس بارہ میں اپنے گھر کے تمام سمجھدار لوگوں سے مشورہ بھی کیا۔ جب مجھے بتایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ (مدینہ) پہنچنے والے ہیں تو مجھ سے سب جھوٹ جاتا رہا اور میں سمجھ گیا کہ آپؐ کی ناراضگی سے میں کسی طرح بچ نہیں سکتا۔ میں نے آپؐ سے سچ بولنے کا پختہ ارادہ کرلیا۔ صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ آپؐ کا طریق تھا کہ جب آپؐ سفر سے واپس تشریف لاتے تو پہلے مسجد سے شروع کرتے اور اس میں دو رکعت ادا کرتے۔ پھر لوگوں کی خاطر تشریف رکھتے۔ جب آپؐ نے ایسا کیا تو پیچھے رہنے والے لوگ آپؐ کے پاس آکر عذر پیش کرنے لگے اور قسمیں کھانے لگے۔ یہ سب اسّی 80 سے کچھ اوپر تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے جو انہوں نے ظاہر کیا اس کو قبول فرمایا۔ ان سے بیعت لی اور ان کے لئے مغفرت کی دعا کی اور ان کے باطن کو اللہ کے سپرد کردیا پھر میں حاضر ہوا۔ جب میں نے سلام عرض کیا تو آپؐ نے یوں تبسم فرمایا جیسے ناراض شخص کا تبسم ہوتا ہے۔ پھر آپؐ نے فرمایا آؤ۔ میں چل کر آیا یہانتک کہ میں آپؐ کے سامنے بیٹھ گیا تو آپؐ نے مجھ سے فرمایا تم کیوں پیچھے رہ گئے تھے؟ کیا تم نے اپنی

سَأَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهِ بِعُذْرٍ وَلَقَدْ أُعْطِيتُ جَدَلًا وَلَكِنِّي وَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَئِنْ حَدَّثْتُكَ الْيَوْمَ حَدِيثَ كَذِبٍ تَرْضَى بِهِ عَنِّي لَيُوشِكَنَّ اللَّهُ أَنْ يُسْخِطَكَ عَلَيَّ وَلَئِنْ حَدَّثْتُكَ حَدِيثَ صِدْقٍ تَجِدُ عَلَيَّ فِيهِ إِنِّي لَأَرْجُو فِيهِ عُقْبَى اللَّهِ وَاللَّهِ مَا كَانَ لِي عُذْرٌ وَاللَّهِ مَا كُنْتُ قَطُّ أَقْوَى وَلَا أَيْسَرَ مِنِّي حِينَ تَخَلَّفْتُ عَنْكَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا هَذَا فَقَدْ صَدَقَ فَقُمْ حَتَّى يَقْضِيَ اللَّهُ فِيكَ فَقُمْتُ وَثَارَ رِجَالٌ مِنْ بَنِي سَلِمَةَ فَاتَّبَعُونِي فَقَالُوا لِي وَاللَّهِ مَا عَلِمْنَاكَ أَذْنَبْتَ ذَنْبًا قَبْلَ هَذَا لَقَدْ عَجَزْتَ فِي أَنْ لَا تَكُونَ اعْتَذَرْتَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا اعْتَذَرَ بِهِ إِلَيْهِ الْمُخَلَّفُونَ فَقَدْ كَانَ كَافِيَكَ ذَنْبَكَ اسْتِغْفَارُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَ قَالَ فَوَاللَّهِ مَا زَالُوا يُؤَنِّبُونَنِي حَتَّى أَرَدْتُ أَنْ أَرْجِعَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُكَذِّبَ نَفْسِي قَالَ ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ هَلْ لَقِيَ هَذَا مَعِي مِنْ أَحَدٍ قَالُوا نَعَمْ لَقِيَهُ مَعَكَ رَجُلَانِ قَالَا مِثْلَ مَا قُلْتَ فَقِيلَ

سواری نہیں خریدی تھی؟ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اللہ کی قسم اگر میں آپؐ کے سوا کسی دنیا والے کے سامنے بیٹھا ہوتا تو میرا خیال ہے کوئی عذر پیش کر کے اس کی ناراضگی سے بچ سکتا تھا کیونکہ مجھے قوّت بیانیہ دی گئی ہے۔لیکن اللہ کی قسم مجھے یہ بھی پتہ ہے کہ اگر آج میں نے آپؐ کے سامنے جھوٹی بات بیان کی جس سے آپؐ مجھ سے راضی ہو جائیں تو بعید نہیں کہ اللہ آپؐ کو مجھ سے ناراض کر دے اور اگر میں آپؐ کو سچی بات بتاؤں جس سے آپؐ مجھ سے ناراض ہوں مگر میں اس میں اللہ کی طرف سے اچھے انجام کی امید رکھتا ہوں، اللہ کی قسم میرے پاس کوئی عذر نہیں ہے۔ جب میں آپؐ سے پیچھے رہ گیا تھا تو اس سے پہلے میں اس سے زیادہ طاقتور اور خوشحال کبھی نہ تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جہاں تک اس کا تعلق ہے، اس نے سچ بولا ہے۔ (پھر فرمایا) اب جاؤ یہانتک کہ اللہ تمہارے بارہ میں فیصلہ فرمادے۔ چنانچہ میں اُٹھ کھڑا ہوا۔ بنی سلمہ کے کچھ لوگ تیزی سے اُٹھے، میرے پیچھے آئے اور مجھ سے کہا اللہ کی قسم اس سے قبل ہمارے علم کے مطابق تم نے کبھی کوئی قصور نہیں کیا۔ کیا تم اس بات سے عاجز آ گئے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں دوسرے پیچھے رہنے والوں کی طرح کوئی عذر پیش کر دیتے اور تمہارے گناہ کے لئے رسول اللہ ﷺ کا تمہارے لئے استغفار

لَهُمَا مِثْلَ مَا قِيلَ لَكَ قَالَ قُلْتُ مَنْ هُمَا
قَالُوا مُرَارَةُ بْنُ الرَّبِيعَةَ الْعَامِرِيُّ وَهِلَالُ بْنُ
أُمَيَّةَ الْوَاقِفِيُّ قَالَ فَذَكَرُوا لِي رَجُلَيْنِ
صَالِحَيْنِ قَدْ شَهِدَا بَدْرًا فِيهِمَا أُسْوَةٌ قَالَ
فَمَضَيْتُ حِينَ ذَكَرُوهُمَا لِي قَالَ وَنَهَى
رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
الْمُسْلِمِينَ عَنْ كَلَامِنَا أَيُّهَا الثَّلَاثَةُ مِنْ بَيْنِ
مَنْ تَخَلَّفَ عَنْهُ قَالَ فَاجْتَنَبَنَا النَّاسُ وَقَالَ
تَغَيَّرُوا لَنَا حَتَّى تَنَكَّرَتْ لِي فِي نَفْسِيَ
الْأَرْضُ فَمَا هِيَ بِالْأَرْضِ الَّتِي أَعْرِفُ فَلَبِثْنَا
عَلَى ذَلِكَ خَمْسِينَ لَيْلَةً فَأَمَّا صَاحِبَايَ
فَاسْتَكَانَا وَقَعَدَا فِي بُيُوتِهِمَا يَبْكِيَانِ وَأَمَّا
أَنَا فَكُنْتُ أَشَبَّ الْقَوْمِ وَأَجْلَدَهُمْ فَكُنْتُ
أَخْرُجُ فَأَشْهَدُ الصَّلَاةَ وَأَطُوفُ فِي
الْأَسْوَاقِ وَلَا يُكَلِّمُنِي أَحَدٌ وَآتِي رَسُولَ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُسَلِّمُ عَلَيْهِ
وَهُوَ فِي مَجْلِسِهِ بَعْدَ الصَّلَاةِ فَأَقُولُ فِي
نَفْسِي هَلْ حَرَّكَ شَفَتَيْهِ بِرَدِّ السَّلَامِ أَمْ لَا ثُمَّ
أُصَلِّي قَرِيبًا مِنْهُ وَأُسَارِقُهُ النَّظَرَ فَإِذَا أَقْبَلْتُ
عَلَى صَلَاتِي نَظَرَ إِلَيَّ وَإِذَا الْتَفَتُّ نَحْوَهُ
أَعْرَضَ عَنِّي حَتَّى إِذَا طَالَ ذَلِكَ عَلَيَّ مِنْ

کافی تھا۔ وہ کہتے ہیں خدا کی قسم وہ مجھے ملامت کرتے
رہے یہانتک کہ میں نے ارادہ کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ
کے پاس لوٹ جاؤں اور اپنے آپ کو جھٹلاؤں۔ وہ
کہتے ہیں پھر میں نے ان سے پوچھا کہ میرے ساتھ
کوئی اور بھی (اس صورت حال) سے دوچار ہوا ہے؟
انہوں نے کہا ہاں دو آدمی تمہارے ساتھ اس سے
دوچار ہوئے ہیں۔ اور ان دونوں نے بھی وہی کہا ہے
جو تم نے کہا اور انہیں بھی وہی جواب دیا گیا ہے جو
تمہیں دیا گیا۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا وہ دونوں
کون ہیں؟ انہوں نے کہا مُرارہؓ بن ربیعہ عامری اور
ہلالؓ بن امیہ واقفی۔ وہ کہتے ہیں انہوں نے مجھ سے
ان دو نیک شخصوں کا ذکر کیا جو بدر میں شامل ہوئے
تھے۔ ان میں میرے لئے نمونہ تھا۔ وہ کہتے ہیں کہ
جب انہوں نے ان دو اشخاص کا مجھ سے ذکر کیا تو میں
چلا گیا اور پیچھے رہنے والوں میں سے ہم — تینوں
— کے ساتھ کلام کرنے سے مسلمانوں کو منع فرما
دیا۔ اس پر لوگ ہم سے اجتناب کرنے لگے۔ وہ کہتے
ہیں کہ لوگ ہمارے لئے بدل گئے یہاں تک کہ زمین
بھی میرے لئے اوپری ہوگئی جسے میں نہیں پہچانتا
تھا۔ پچاس راتیں ہم پر اسی کیفیت میں گذریں۔
جہانتک میرے دونوں ساتھیوں کا تعلق ہے وہ
نڈھال ہوگئے اور اپنے گھروں میں بیٹھے روتے
رہتے۔ میں ان میں سے جوان اور مضبوط تھا۔ میں

جَفْوَةِ الْمُسْلِمِينَ مَشَيْتُ حَتَّى تَسَوَّرْتُ جِدَارَ حَائِطِ أَبِي قَتَادَةَ وَهُوَ ابْنُ عَمِّي وَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَوَاللَّهِ مَا رَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ فَقُلْتُ لَهُ يَا أَبَا قَتَادَةَ أَنْشُدُكَ بِاللَّهِ هَلْ تَعْلَمَنَّ أَنِّي أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ قَالَ فَسَكَتَ فَعُدْتُ فَنَاشَدْتُهُ فَسَكَتَ فَعُدْتُ فَنَاشَدْتُهُ فَقَالَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَفَاضَتْ عَيْنَايَ وَتَوَلَّيْتُ حَتَّى تَسَوَّرْتُ الْجِدَارَ فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِي فِي سُوقِ الْمَدِينَةِ إِذَا نَبَطِيٌّ مِنْ نَبَطِ أَهْلِ الشَّامِ مِمَّنْ قَدِمَ بِالطَّعَامِ يَبِيعُهُ بِالْمَدِينَةِ يَقُولُ مَنْ يَدُلُّ عَلَى كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ فَطَفِقَ النَّاسُ يُشِيرُونَ لَهُ إِلَيَّ حَتَّى جَاءَنِي فَدَفَعَ إِلَيَّ كِتَابًا مِنْ مَلِكِ غَسَّانَ وَكُنْتُ كَاتِبًا فَقَرَأْتُهُ فَإِذَا فِيهِ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنَا أَنَّ صَاحِبَكَ قَدْ جَفَاكَ وَلَمْ يَجْعَلْكَ اللَّهُ بِدَارِ هَوَانٍ وَلَا مَضْيَعَةٍ فَالْحَقْ بِنَا نُوَاسِكَ قَالَ فَقُلْتُ حِينَ قَرَأْتُهَا وَهَذِهِ أَيْضًا مِنَ الْبَلَاءِ فَتَيَامَمْتُ بِهَا التَّنُّورَ فَسَجَرْتُهَا بِهَا حَتَّى إِذَا مَضَتْ أَرْبَعُونَ مِنَ الْخَمْسِينَ وَاسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ

باہر نکلتا اور نماز میں شامل ہوتا اور بازاروں میں گھومتا مگر کوئی مجھ سے بات نہ کرتا۔ نماز کے بعد جب رسول اللہ ﷺ اپنی مجلس میں تشریف فرما ہوتے تو میں آپؐ کے پاس آکر سلام عرض کرتا اور دل میں کہتا پتہ نہیں رسول اللہ ﷺ نے سلام کے جواب میں اپنے ہونٹ ہلائے ہیں یا نہیں؟ پھر میں آپؐ کے قریب ہی نماز پڑھنے لگتا اور مخفی نظر سے آپؐ کو دیکھتا۔ جب میں اپنی نماز کی طرف متوجہ ہوتا آپؐ میری طرف دیکھتے اور جب میں آپؐ کی طرف متوجہ ہوتا تو آپؐ مجھ سے رُخ پھیر لیتے اور جب مسلمانوں کی بے رُخی کا عرصہ مجھ پر لمبا ہو گیا تو میں چلا یہانتک کہ اپنے چچازاد بھائی ابوقتادہؓ جو لوگوں میں مجھے سب سے زیادہ محبوب تھا کے باغ کی دیوار پھلانگی اور اسے سلام کہا مگر خدا کی قسم اس نے مجھے سلام کا جواب نہیں دیا۔ تب میں نے اسے کہا اے ابوقتادہؓ! میں تمہیں خدا کی قسم دیتا ہوں کیا تمہیں پتہ نہیں کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ خاموش رہا۔ میں نے پھر ایسا کہا اور اسے قسم دی مگر وہ خاموش رہا۔ میں نے پھر یہی کہا پھر میں نے قسم دی تو اس نے کہا اللہ اور اس کے رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔ اس پر میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ چنانچہ میں پیچھے مڑا اور دیوار پھلانگ کر واپس آگیا۔ اس اثناء میں کہ میں مدینہ کے بازار میں جا رہا تھا کہ علاقہ

إِذَا رَسُولُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَأْتِينِي فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَعْتَزِلَ امْرَأَتَكَ
قَالَ فَقُلْتُ أُطَلِّقُهَا أَمْ مَاذَا أَفْعَلُ قَالَ لَا بَلْ
اعْتَزِلْهَا فَلَا تَقْرَبَنَّهَا قَالَ فَأَرْسَلَ إِلَى
صَاحِبَيَّ بِمِثْلِ ذَلِكَ قَالَ فَقُلْتُ لِامْرَأَتِي
الْحَقِي بِأَهْلِكِ فَكُونِي عِنْدَهُمْ حَتَّى يَقْضِيَ
اللَّهُ فِي هَذَا الْأَمْرِ قَالَ فَجَاءَتِ امْرَأَةُ هِلَالِ
بْنِ أُمَيَّةَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَقَالَتْ لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ
شَيْخٌ ضَائِعٌ لَيْسَ لَهُ خَادِمٌ فَهَلْ تَكْرَهُ أَنْ
أَخْدُمَهُ قَالَ لَا وَلَكِنْ لَا يَقْرَبَنَّكِ فَقَالَتْ إِنَّهُ
وَاللَّهِ مَا بِهِ حَرَكَةٌ إِلَى شَيْءٍ وَ وَاللَّهِ مَا زَالَ
يَبْكِي مُنْذُ كَانَ مِنْ أَمْرِهِ مَا كَانَ إِلَى يَوْمِهِ
هَذَا قَالَ فَقَالَ لِي بَعْضُ أَهْلِي لَوْ اسْتَأْذَنْتَ
رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي
امْرَأَتِكَ فَقَدْ أَذِنَ لِامْرَأَةِ هِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ أَنْ
تَخْدُمَهُ قَالَ فَقُلْتُ لَا أَسْتَأْذِنُ فِيهَا رَسُولَ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يُدْرِينِي
مَاذَا يَقُولُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

شام کے نبطیوں میں سے ایک نبطی جو مدینہ میں اناج
بیچنے کے لئے لایا تھا کہہ رہا تھا کعبؓ بن مالک کے
بارہ میں کون بتائے گا۔ حضرت کعبؓ کہتے ہیں لوگ
اس کو میری طرف اشارہ کر کے بتانے لگے پھر وہ
میرے پاس آیا اور اس نے غسّان کے بادشاہ کا ایک
خط مجھے دیا۔ میں خود لکھ پڑھ سکتا تھا۔ میں نے وہ
پڑھا۔ اس میں تھا امابعد ہمیں خبر پہنچی ہے کہ تمہارے
صاحب نے تم پر ظلم کیا ہے اور اللہ نے تمہیں ذلّت
اور ضائع ہونے کے مقام پر نہیں رکھا۔ پس تم ہم سے
آملو، ہم تم سے نیک سلوک کریں گے۔ وہ کہتے ہیں
جب میں نے یہ خط پڑھا تو میں نے کہا کہ یہ بھی ایک
آزمائش ہے۔ پس میں وہ خط لے کر تنور کے پاس گیا
اور اسے اس میں جھونک دیا۔ ابھی پچاس راتوں میں
سے چالیس راتیں گزری تھیں اور (ہمارے بارے
میں) وحی ابھی نہیں اُتری تھی کہ ایک روز میرے پاس
رسول اللہ ﷺ کا ایک قاصد آیا اور کہنے لگا کہ
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ تم اپنی بیوی سے الگ
رہو۔ وہ کہتے ہیں میں نے اس سے پوچھا کیا میں
اسے طلاق دے دوں یا کیا کروں؟ اس نے کہا نہیں
بلکہ اس سے الگ رہو اور اس سے مقاربت نہ کرو۔ وہ
کہتے ہیں کہ میرے دونوں ساتھیوں کو بھی آپؐ نے
ایسا ہی حکم دیا۔ وہ کہتے ہیں میں نے اپنی بیوی سے کہا
کہ تم اپنے ماں باپ کے ہاں چلی جاؤ اور اس وقت

وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَأْذَنْتُهُ فِيهَا وَأَنَا رَجُلٌ شَابٌّ
قَالَ فَلَبِثْتُ بِذَلِكَ عَشْرَ لَيَالٍ فَكَمُلَ لَنَا
خَمْسُونَ لَيْلَةً مِنْ حِينَ نُهِيَ عَنْ كَلَامِنَا قَالَ
ثُمَّ صَلَّيْتُ صَلَاةَ الْفَجْرِ صَبَاحَ خَمْسِينَ
لَيْلَةً عَلَى ظَهْرِ بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِنَا فَبَيْنَا أَنَا
جَالِسٌ عَلَى الْحَالِ الَّتِي ذَكَرَ اللَّهُ عَزَّ
وَجَلَّ مِنَّا قَدْ ضَاقَتْ عَلَيَّ نَفْسِي وَضَاقَتْ
عَلَيَّ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ سَمِعْتُ صَوْتَ
صَارِخٍ أَوْفَي عَلَى سَلْعٍ يَقُولُ بِأَعْلَى صَوْتِهِ
يَا كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ أَبْشِرْ قَالَ فَخَرَرْتُ
سَاجِدًا وَعَرَفْتُ أَنْ قَدْ جَاءَ فَرَجٌ قَالَ فَآذَنَ
رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ
بِتَوْبَةِ اللَّهِ عَلَيْنَا حِينَ صَلَّى صَلَاةَ الْفَجْرِ
فَذَهَبَ النَّاسُ يُبَشِّرُونَنَا فَذَهَبَ قِبَلَ
صَاحِبَيَّ مُبَشِّرُونَ وَرَكَضَ رَجُلٌ إِلَيَّ فَرَسًا
وَسَعَى سَاعٍ مِنْ أَسْلَمَ قِبَلِي وَأَوْفَى الْجَبَلَ
فَكَانَ الصَّوْتُ أَسْرَعَ مِنَ الْفَرَسِ فَلَمَّا
جَاءَنِي الَّذِي سَمِعْتُ صَوْتَهُ يُبَشِّرُنِي
فَنَزَعْتُ لَهُ ثَوْبَيَّ فَكَسَوْتُهُمَا إِيَّاهُ بِبِشَارَتِهِ
وَاللَّهِ مَا أَمْلِكُ غَيْرَهُمَا يَوْمَئِذٍ وَاسْتَعَرْتُ

تک وہیں رہو جب تک اللہ میرے اس معاملہ میں کوئی فیصلہ نہ فرمادے۔ وہ کہتے ہیں ہلال بن امیہؓ کی بیوی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپؐ سے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہلال بن امیہؓ بہت بوڑھے ہیں اوران کا کوئی خادم نہیں۔ کیا آپؐ ناپسند تو نہیں فرمائیں گے اگر میں ان کی خدمت کروں؟ آپؐ نے فرمایا نہیں لیکن وہ تم سے مقاربت نہ کرے۔ اس نے کہا اللہ کی قسم ان میں تو کسی بات کی طرف بھی حرکت نہیں رہی۔ بخدا جب سے یہ واقعہ ہوا ہے اس دن سے آج تک وہ رو رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں میرے بعض گھر والوں نے مجھ سے کہا کہ تم بھی رسول اللہ ﷺ سے اپنی بیوی کے بارہ میں اجازت لے لو۔ (کیونکہ) ہلال بن امیہؓ کی بیوی کو آپ ﷺ نے اس کی خدمت کرنے کے لئے اجازت دے دی ہے۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا کہ میں تو اس بارہ میں آپؐ سے اجازت نہیں مانگوں گا۔ جب میں اس بارہ میں اجازت مانگوں نامعلوم آپ ﷺ کیا ارشاد فرمائیں اور میں ہوں بھی جوان آدمی۔ وہ کہتے ہیں میں اس طرح دس راتیں اور رہا اور یوں ہم پر پچاس راتیں پوری ہوگئیں۔ اس وقت سے جب ہم سے بات چیت منع کی گئی تھی۔ وہ کہتے ہیں پھر پچاسویں رات کی صبح فجر کی نماز میں نے اپنے گھر کی چھت پر پڑھی اور اس اثناء میں کہ میں اس

ثَوْبَيْنِ فَلَبِسْتُهُمَا فَانْطَلَقْتُ أَتَأَمَّمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَلَقَّانِي النَّاسُ فَوْجًا فَوْجًا يُهَنِّئُونِي بِالتَّوْبَةِ وَيَقُولُونَ لِتَهْنِئْكَ تَوْبَةُ اللَّهِ عَلَيْكَ حَتَّى دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحَوْلَهُ النَّاسُ فَقَامَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ يُهَرْوِلُ حَتَّى صَافَحَنِي وَهَنَّأَنِي وَاللَّهِ مَا قَامَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ غَيْرُهُ قَالَ فَكَانَ كَعْبٌ لَا يَنْسَاهَا لِطَلْحَةَ قَالَ كَعْبٌ فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ يَبْرُقُ وَجْهُهُ مِنَ السُّرُورِ وَيَقُولُ أَبْشِرْ بِخَيْرِ يَوْمٍ مَرَّ عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ أُمُّكَ قَالَ فَقُلْتُ أَمِنْ عِنْدِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَمْ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ فَقَالَ لَا بَلْ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سُرَّ اسْتَنَارَ وَجْهُهُ كَأَنَّ وَجْهَهُ قِطْعَةُ قَمَرٍ قَالَ وَكُنَّا نَعْرِفُ ذَلِكَ قَالَ فَلَمَّا جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِي صَدَقَةً إِلَى

حال میں بیٹھا تھا جس کا ذکر اللہ عزوجل نے ہمارے بارہ میں فرمایا ہے کہ میرا دل بھی تنگ ہو رہا تھا اور زمین بھی باوجود اپنی فراخی کے مجھ پر تنگ تھی تو میں نے زور سے پکارنے والے کی آواز سنی جو "سلع" پہاڑ پر چڑھ کر انتہائی بلند آواز سے کہہ رہا تھا اے کعبؓ بن مالک! تجھے بشارت ہو۔ وہ کہتے ہیں میں نے یہ آواز سنی تو فوراً سجدہ میں گر گیا اور میں جان گیا کہ کشائش آ گئی ہے۔ وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے جب فجر کی نماز ادا فرمائی تو لوگوں کو اطلاع دی اور اللہ کا ہم پر رجوع برحمت ہونے کا بتایا۔ لوگ ہمیں خوشخبری دینے کے لئے دوڑے۔ کچھ خوشخبری دینے والے میرے دو ساتھیوں کی طرف گئے۔ ایک آدمی گھوڑا دوڑاتے ہوئے میری طرف آیا لیکن قبیلہ اسلم کا ایک اور شخص میری طرف دوڑتا ہوا آیا اور پہاڑ پر چڑھ گیا اور آواز گھوڑے سے زیادہ تیز رفتار تھی۔ جب وہ میرے پاس آیا جس کی خوشخبری کی آواز میں نے سُنی تھی تو اس کے بشارت دینے کی وجہ سے میں نے اپنے کپڑے اتار کر اسے پہنا دیئے اور خدا کی قسم اس دن میرے پاس وہی کپڑے تھے اور میں نے دو کپڑے کسی سے عاریۃً لئے اور پہنے اور پھر رسول اللہ ﷺ (کی خدمت میں حاضر ہونے) کے ارادہ سے چل پڑا۔ لوگ گروہ در گروہ مجھے ملتے اور توبہ کی قبولیت پر مبارک باد دیتے، کہتے کہ اللہ کی طرف سے توبہ کی

اللَّهِ وَإِلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسِكْ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قَالَ فَقُلْتُ فَإِنِّي أُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِي بِخَيْبَرَ قَالَ وَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ إِنَّمَا أَنْجَانِي بِالصِّدْقِ وَإِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ لَا أُحَدِّثَ إِلَّا صِدْقًا مَا بَقِيتُ قَالَ فَوَاللَّهِ مَا عَلِمْتُ أَنَّ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ أَبْلَاهُ اللَّهُ فِي صِدْقِ الْحَدِيثِ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى يَوْمِي هَذَا أَحْسَنَ مِمَّا أَبْلَانِي اللَّهُ بِهِ وَاللَّهِ مَا تَعَمَّدْتُ كَذِبَةً مُنْذُ قُلْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى يَوْمِي هَذَا وَإِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَحْفَظَنِي اللَّهُ فِيمَا بَقِيَ قَالَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَقَدْ تَابَ اللَّهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَحِيمٌ وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتَّى إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنْفُسُهُمْ حَتَّى بَلَغَ يَا أَيُّهَا

قبولیت تمہیں مبارک ہو یہاںتک کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف فرما ہیں اور آپؐ کے گرد اور لوگ بھی ہیں۔ حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ اُٹھے اور دوڑتے ہوئے آئے، مجھ سے مصافحہ کیا اور مجھے مبارک باد دی۔ اللہ کی قسم مہاجرین میں سے کوئی شخص ان کے علاوہ نہ اُٹھا۔ حضرت کعبؓ حضرت طلحہؓ کے اس نیک سلوک کو کبھی نہ بھولتے تھے۔ راوی کہتے ہیں وہ (حضرت کعبؓ کہتے ہیں) جب میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں سلام عرض کیا (کعبؓ کہتے ہیں) تو خوشی سے آپؐ کا چہرہ چمک رہا تھا۔ آپؐ فرما رہے تھے کہ خوش ہو جاؤ اس بہترین دن پر جو تم پر چڑھا، جب سے تمہاری ماں نے جنا ہے۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا یہ آپؐ کی طرف سے ہے یا اللہ کی طرف سے؟ آپؐ نے فرمایا نہیں بلکہ اللہ کی طرف سے۔ حضورؐ جب خوش ہوتے تو آپؐ کا چہرہ روشن ہوتا گویا آپؐ کا چہرہ چاند کا ٹکڑا ہے۔ وہ کہتے ہیں ہمیں اس کا پتہ چل جاتا تھا۔ وہ کہتے ہیں جب میں آپؐ کے سامنے بیٹھ گیا تو عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یقیناً میری توبہ کا یہ حصہ ہے کہ میں اپنے مال سے دستبردار ہو جاؤں، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی خدمت میں بطور صدقہ پیش کرتے ہوئے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے مال کا کچھ حصہ اپنے پاس رکھو یہ

الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ قَالَ كَعْبٌ وَاللَّهِ مَا أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيَّ مِنْ نِعْمَةٍ قَطُّ بَعْدَ إِذْ هَدَانِي اللَّهُ لِلْإِسْلَامِ أَعْظَمَ فِي نَفْسِي مِنْ صِدْقِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا أَكُونَ كَذَبْتُهُ فَأَهْلِكَ كَمَا هَلَكَ الَّذِينَ كَذَبُوا إِنَّ اللَّهَ قَالَ لِلَّذِينَ كَذَبُوا حِينَ أَنْزَلَ الْوَحْيَ شَرَّ مَا قَالَ لِأَحَدٍ وَقَالَ اللَّهُ سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا عَنْهُمْ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ إِنَّهُمْ رِجْسٌ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ قَالَ كَعْبٌ كُنَّا خُلِّفْنَا أَيُّهَا الثَّلَاثَةُ عَنْ أَمْرِ أُولَئِكَ الَّذِينَ قَبِلَ مِنْهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ حَلَفُوا لَهُ فَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَأَرْجَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْرَنَا حَتَّى قَضَى فِيهِ فَبِذَلِكَ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا وَلَيْسَ الَّذِي ذَكَرَ اللَّهُ مِمَّا خُلِّفْنَا تَخَلُّفَنَا عَنِ الْغَزْوِ وَإِنَّمَا هُوَ تَخْلِيفُهُ

تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا کہ پھر میں اپنا وہ حصہ جو خیبر میں ہے رکھ لیتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ نے مجھے میری سچائی کی وجہ سے نجات دی ہے۔ اب میری توبہ کا حصہ ہے کہ جب تک مَیں زندہ ہوں سچ ہی بولوں گا۔ وہ کہتے ہیں خدا کی قسم جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ کہا تھا اس وقت سے لے کر اب تک میرے علم میں کوئی مسلمان نہیں جسے اللہ نے سچی بات کہنے کی وجہ سے ایسا آزمایا ہو جیسے مجھے آزمایا ہے۔ جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بات کا ذکر کیا تھا اس وقت سے آج تک میں نے ارادۃً کبھی جھوٹ نہیں بولا اور جو زندگی باقی ہے میں امید کرتا ہوں کہ اللہ مجھے (جھوٹ سے) محفوظ رکھے گا۔ کعبؓ کہتے ہیں اور اللہ عزوجل نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ... یقیناً اللہ نبیؐ پر اور مہاجرینؓ اور انصارؓ پر توبہ قبول کرتے ہوئے جھکا جنہوں نے تنگی کے وقت اس کی پیروی کی تھی بعد اس کے کہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک فریق کے دل ٹیڑھے ہو جاتے پھر بھی اس نے ان کی توبہ قبول کی یقیناً وہ ان کیلئے بہت ہی مہربان (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے اور ان تینوں پر بھی (اللہ توبہ قبول کرتے ہوئے جھکا) جو پیچھے چھوڑ دیئے گئے تھے

إِيَّانَا وَإِرْجَاؤُهُ أَمْرَنَا عَمَّنْ حَلَفَ لَهُ وَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ فَقَبِلَ مِنْهُ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِإِسْنَادِ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ سَوَاءً{54} وحَدَّثَنِي عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْلِمٍ ابْنُ أَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمِّهِ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ حِينَ عَمِيَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حَدِيثَهُ حِينَ تَخَلَّفَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَزَادَ فِيهِ عَلَى يُونُسَ فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَّمَا يُرِيدُ غَزْوَةً إِلَّا وَرَّى بِغَيْرِهَا حَتَّى كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي حَدِيثِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ أَبَا خَيْثَمَةَ وَلُحُوقَهُ بِالنَّبِيِّ

یہاںتک کہ جب زمین ان پر باوجود فراخی کے تنگ ہوگئی اور ان کی جانیں تنگی محسوس کرنے لگیں اور انہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے پناہ کی کوئی جگہ نہیں مگر اسی کی طرف پھر وہ ان پر قبولیت کی طرف مائل ہوتے ہوئے جھک گیا تاکہ وہ توبہ کرسکیں یہاںتک کہ جب زمین ان پر باوجود فراخی کے تنگ ہوگئی اور ان کی جانیں تنگی محسوس کرنے لگیں[1] یہاںتک کہ وہ (حضرت کعبؓ) اس آیت تک پہنچے۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور صادقوں کے ساتھ ہوجاؤ۔[2] حضرت کعبؓ کہتے ہیں کہ خدا کی قسم! جب سے اللہ نے مجھے اسلام کی طرف ہدایت کی۔ اس کے بعد سے اللہ نے مجھ پر میرے خیال میں رسول اللہ ﷺ کے سامنے سچ بولنے کی نعمت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں کی کہ میں آپؐ سے جھوٹ نہ بولوں کہیں ہلاک نہ ہو جاؤں جس طرح وہ لوگ ہلاک ہوگئے جنہوں نے جھوٹ بولا۔ اللہ نے جب وحی نازل کی تو جھوٹ بولنے والوں کے متعلق اس سے زیادہ اُن کو بُرا قرار دیا جیسا کسی اور کو قرار دیا۔ اللہ نے فرمایا وہ یقیناً تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے جب تم ان کی طرف لوٹو گے تاکہ تم ان سے اعراض کرو۔ پس (بے شک) ان سے اعراض کرو وہ ناپاک ہیں اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اس کی

1:۔ التوبة: 117تا118۔
2:۔ التوبة: 119

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ {55} وحَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ وَهُوَ ابْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَمِّهِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ حِينَ أُصِيبَ بَصَرُهُ وَكَانَ أَعْلَمَ قَوْمِهِ وَأَوْعَاهُمْ لِأَحَادِيثِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ وَهُوَ أَحَدُ الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ تِيبَ عَلَيْهِمْ يُحَدِّثُ أَنَّهُ لَمْ يَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا قَطُّ غَيْرَ غَزْوَتَيْنِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ وَغَزَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَاسٍ كَثِيرٍ يَزِيدُونَ عَلَى عَشْرَةِ آلَافٍ وَلَا يَجْمَعُهُمْ دِيوَانُ حَافِظٍ

[7019,7018,7017,7016]

جزا کے طور پر جو وہ کسب کرتے تھے۔ وہ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے تا کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ۔ پس اگر تم ان سے راضی ہو جاؤ تو اللہ بدکردار لوگوں سے ہرگز راضی نہیں ہوتا۔[1] حضرت کعبؓ کہتے ہیں کہ ہم تین اُن لوگوں کے بارہ میں پیچھے رکھے گئے تھے جن کا (عذر) رسول اللہ ﷺ نے قبول فرما لیا تھا۔ جب انہوں نے آپؐ کے سامنے حلف اٹھایا تھا۔ پس آپؐ نے ان سے بیعت لی اور اُن کے لئے مغفرت کی دعا کی اور رسول اللہ ﷺ نے ہمارے معاملہ کو اس وقت تک مؤخر فرما دیا جب تک کہ اس (اللہ عزوجل) نے اس بارہ میں کوئی فیصلہ نہ فرمایا۔ اس ضمن میں اللہ عزوجل نے فرمایا اور ان تینوں پر بھی (اللہ توبہ قبول کرتے ہوئے جھکا) جو پیچھے چھوڑ دیئے گئے تھے۔[2] دراصل اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے غزوہ سے ہمارے پیچھے رہنے کا ذکر نہیں کیا بلکہ ہمارے معاملہ کا التواء اور اسے پیچھے ڈالنے کا ذکر ان لوگوں کے مقابلہ میں ہے جنہوں نے آپؐ کے سامنے قسمیں کھائیں اور آپؐ کی خدمت میں عذر پیش کئے اور حضورؐ نے ان سے عذر قبول فرما لئے۔

ایک روایت میں (اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ كَان قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِيَ کی بجائے) عَنْ عَمِّهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ وَ كَانَ قَائِدَ

1:۔ التوبة :95 تا 96۔

2:۔ التوبة: 118

كَعُبٍ حِيُنَ أُصِيُبَ بَصَرَهُ کے الفاظ ہیں اوراس روایت میں یہ اضافہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کم ہی کسی غزوہ کا ارادہ فرمایا مگراس کو پوشیدہ رکھتے حتیٰ کہ یہ غزوہ ہوا۔اس روایت میں حضرت ابوخیثمہؓ کے نبی ﷺ سے ملنے کا ذکر نہیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ عبیداللہ بن کعب جو کعب کی بینائی جانے کے بعد سے ان کی رہنمائی کرتے تھے اور اپنے لوگوں میں سب سے بڑے عالم اور رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ کی سب سے زیادہ باتیں یادرکھنے والے تھے۔ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کعب بن مالکؓ کو جو ان تین میں سے ایک ہیں جن کی توبہ قبول کی گئی کہ وہ کبھی بھی کسی غزوہ میں رسول اللہ ﷺ سے پیچھے نہیں رہے۔ سوائے دو غزوات کے۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے مگراس میں یہ بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک جم غفیر کے ساتھ غزوہ کے لئے نکلے جو دس ہزار سے زیادہ تھے لیکن ان (ناموں کے) یکجا کرنے کے لئے کوئی رجسٹر نہیں تھا۔

[10]11: بَاب: فِي حَدِيثِ الْإِفْكِ وَقَبُولِ تَوْبَةِ الْقَاذِفِ

باب: واقعۂ افک اور الزام لگانے والے کی توبہ کی قبولیت

4960 {56} حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ الْأَيْلِيُّ ح وحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَالسِّيَاقُ حَدِيثُ مَعْمَرٍ مِنْ رِوَايَةِ عَبْدٍ وَابْنِ رَافِعٍ قَالَ يُونُسُ وَمَعْمَرٌ جَمِيعًا عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ حَدِيثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ لَهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا فَبَرَّأَهَا اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكُلُّهُمْ حَدَّثَنِي طَائِفَةً مِنْ

4960: زہری نے بیان کیا کہ سعید بن مسیّب اور عروہ بن زبیر اور علقمہ بن وقاص اور عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ کی روایت بیان کی جب بہتان لگانے والوں نے ان (حضرت عائشہؓ) کے بارہ میں کہا جو کہا تو اللہ نے اس سے جو کچھ انہوں نے کہا اُن (حضرت عائشہؓ) کی بریت کردی۔ ان سب (راویوں) نے آپؓ کی روایت کا کچھ کچھ حصہ مجھے بتایا اور ان میں سے بعض اس روایت کو دوسروں کی نسبت زیادہ یاد رکھنے والے اور زیادہ پختگی سے بیان کرنے والے ہیں اور میں نے ان میں سے ہر ایک سے اس روایت کو جو انہوں نے مجھ سے بیان کی محفوظ رکھا اور بعض کی (بیان کردہ) روایت کا ایک حصہ دوسرے کی تصدیق کرتا ہے۔ انہوں نے ذکر کیا کہ نبی ﷺ کی

4960: تخریج : بخاری كتاب الهبة وفضلها باب هبة المرأة لغير زوجها وعتقها 2593 كتاب الشهادات باب ما جاء في البينة على المدعى 2637 باب تعديل النساء بعضهنّ بعضًا 2661 باب القرعة في المشكلات 2688 كتاب الجهاد والسير باب فضل الرجل امرأته في الغزو 2879 كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ لقد كان في يوسف ... 3388 كتاب المغازى باب شهود الملائكة بدراً 4025 باب حديث الافك 4141 ، 4142 ، 4143 كتاب التفسير باب قوله قال بل سولت لكم انفسكم امرا 4690 باب لولا اذ سمعتموه ظنّ المؤمنون ...4750 باب ان الذين يحبون ان تشيع الفاحشة ...4757 كتاب الايمان والنذور باب قول الرجل لعمر الله 6662 باب قول الله تعالىٰ ان الذين يشترون بعهد الله وايمانهم 6679 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب قول الله تعالىٰ وامرهم شورىٰ بينهم 7369، 7370 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ يريدون ان يبدلوا ... 7500 باب قول النبيّ ﷺ الماهر بالقرآن مع الكرام البررة 7545 **ترمذى** كتاب التفسير باب ومن سورة النور 3180 ، 3181 **ابو داؤد** كتاب السنة باب في القرآن 4735 كتاب الادب باب في قبلة الرجل ولده 5219 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب القسمة بين النساء 1970 كتاب الاحكام باب القضاء بالقرعة 2347

حَدِيثِهَا وَبَعْضُهُمْ كَانَ أَوْعَى لِحَدِيثِهَا مِنْ بَعْضٍ وَأَثْبَتَ اقْتِصَاصًا وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ الْحَدِيثَ الَّذِي حَدَّثَنِي وَبَعْضُ حَدِيثِهِمْ يُصَدِّقُ بَعْضًا ذَكَرُوا أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ قَالَتْ عَائِشَةُ فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ فِيهَا سَهْمِي فَخَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَلِكَ بَعْدَ مَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ فَأَنَا أُحْمَلُ فِي هَوْدَجِي وَأُنْزَلُ فِيهِ مَسِيرَنَا حَتَّى إِذَا فَرَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوِهِ وَقَفَلَ وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ آذَنَ لَيْلَةً بِالرَّحِيلِ فَقُمْتُ حِينَ آذَنُوا بِالرَّحِيلِ فَمَشَيْتُ حَتَّى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ فَلَمَّا قَضَيْتُ مِنْ شَأْنِي أَقْبَلْتُ إِلَى الرَّحْلِ فَلَمَسْتُ صَدْرِي فَإِذَا عِقْدِي مِنْ جَزْعِ ظَفَارِ قَدْ انْقَطَعَ فَرَجَعْتُ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِي فَحَبَسَنِي ابْتِغَاؤُهُ وَأَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِينَ كَانُوا يَرْحَلُونَ لِي فَحَمَلُوا هَوْدَجِي فَرَحَلُوهُ عَلَى بَعِيرِيَ الَّذِي كُنْتُ

زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ جب رسول اللہ ﷺ کسی سفر پر جانے کا ارادہ فرماتے تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ ڈالتے ۔ پھر ان میں سے جس کا قرعہ نکلتا اسے اپنے ہمراہ لے جاتے۔ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ ایک غزوہ کے موقعہ پر آپؐ نے قرعہ ڈالا تو میرا نام نکلا تو میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ گئی اور یہ پردہ کے احکام نازل ہونے کے بعد کی بات ہے۔ ہمارے سفر کے دوران میں مجھے میرے ہودج میں اٹھایا جاتا اور (اس ھودج) میں ہی اُتارا جاتا یہانتک کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنے غزوہ سے فارغ ہوئے اور واپس لوٹے اور ہم مدینہ کے قریب پہنچ گئے تو ایک رات آپؐ نے کوچ کا اعلان فرمایا۔ جب لوگوں نے کوچ کا اعلان کیا تو میں بھی کھڑی ہوئی اور چلنے لگی یہانتک کہ لشکر سے باہر نکل گئی۔ پھر جب میں اپنی ضرورت سے فارغ ہوگئی تو اپنے ہودج کی طرف آئی اور میں نے اپنا سینہ چھوا تو معلوم ہوا کہ میرا ظفار (شہر) کا بنا ہوا نگینوں کا ہار مجھ سے گر گیا ہے۔ میں واپس گئی اور اپنا ہار تلاش کرنے لگی۔ اس تلاش میں مجھے کچھ دیر ہوگئی۔ اس اثناء میں وہ لوگ جو میرا ہودج اٹھانے پر متعین تھے آئے اور انہوں نے میرا ہودج اٹھایا اور اسے میرے اونٹ پر جس پر میں سوار ہوتی تھی رکھ دیا اور وہ سمجھتے تھے کہ مَیں اس میں ہوں۔

أَرْكَبُ وَهُمْ يَحْسِبُونَ أَنِّي فِيهِ قَالَتْ وَكَانَتِ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يُهَبَّلْنَ وَلَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ إِنَّمَا يَأْكُلْنَ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ ثِقَلَ الْهَوْدَجِ حِينَ رَحَلُوهُ وَرَفَعُوهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيثَةَ السِّنِّ فَبَعَثُوا الْجَمَلَ وَسَارُوا وَوَجَدْتُ عِقْدِي بَعْدَ مَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ وَلَيْسَ بِهَا دَاعٍ وَلَا مُجِيبٌ فَتَيَمَّمْتُ مَنْزِلِي الَّذِي كُنْتُ فِيهِ وَظَنَنْتُ أَنَّ الْقَوْمَ سَيَفْقِدُونِي فَيَرْجِعُونَ إِلَيَّ فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِي مَنْزِلِي غَلَبَتْنِي عَيْنِي فَنِمْتُ وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ قَدْ عَرَّسَ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ فَادَّلَجَ فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي فَرَأَى سَوَادَ إِنْسَانٍ نَائِمٍ فَأَتَانِي فَعَرَفَنِي حِينَ رَآنِي وَقَدْ كَانَ يَرَانِي قَبْلَ أَنْ يُضْرَبَ الْحِجَابُ عَلَيَّ فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِينَ عَرَفَنِي فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي وَ وَاللَّهِ مَا يُكَلِّمُنِي كَلِمَةً وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حَتَّى أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَوَطِئَ عَلَى يَدِهَا فَرَكِبْتُهَا فَانْطَلَقَ يَقُودُ بِيَ الرَّاحِلَةَ

آپؐ نے فرمایا چونکہ اس زمانے میں عورتیں ہلکی پھلکی ہوتی تھیں اور بھاری بھرکم نہیں ہوتی تھیں اور ان پر گوشت نہیں چڑھا ہوتا تھا۔ وہ صرف تھوڑا سا کھانا کھاتی تھیں اس لئے انہیں ہودج کے وزن پر تعجب نہیں ہوا۔ جب انہوں نے اس کو سفر کی تیاری کے لئے اُٹھایا۔ میں اس وقت چھوٹی عمر کی لڑکی تھی۔ پس انہوں نے اونٹ کو کھڑا کیا اور روانہ ہو گئے اور لشکر کے روانہ ہونے کے بعد مجھے اپنا ہار مل گیا۔ میں لوگوں کے پڑاؤ کی جگہ پر آئی تو وہاں نہ تو کوئی پکارنے والا تھا نہ کوئی جواب دینے والا۔ چنانچہ میں نے اپنی اسی جگہ کا قصد کیا جہاں پر میں پہلے تھی اور میں نے خیال کیا کہ وہ لوگ ضرور مجھے نہ پا کر میرے پاس واپس آئیں گے۔ میں اپنی جگہ پر بیٹھی ہوئی تھی کہ مجھے نیند آ گئی اور میں سو گئی۔ صفوان بن معطل السلمی الذکوانی رات کا پچھلا حصہ گذار کر بعد صبح کے قریب میری جگہ پر پہنچے۔ انہوں نے جب ایک سوئے ہوئے انسان کا وجود دیکھا۔ وہ میرے پاس آئے انہوں نے جب مجھے دیکھا تو پہچان لیا کیونکہ وہ پردہ کے احکام کے نازل ہونے سے قبل مجھے دیکھ چکے تھے۔ جب انہوں نے مجھے پہچانا تو اُن کے اِنَّـا لِلَّـهِ وَاِنَّـا اِلَيْـهِ رَاجِـعُـوْنَ کہنے سے میں بیدار ہو گئی اور اپنا چہرہ اپنی اوڑھنی سے ڈھانپ لیا اور خدا کی قسم انہوں نے مجھ سے کوئی بات نہیں کی اور نہ میں نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ

حَتَّى أَتَيْنَا الْجَيْشَ بَعْدَ مَا نَزَلُوا مُوغِرِينَ فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ فِي شَأْنِي وَكَانَ الَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُولَ فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَاشْتَكَيْتُ حِينَ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ شَهْرًا وَالنَّاسُ يُفِيضُونَ فِي قَوْلِ أَهْلِ الْإِفْكِ وَلَا أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ وَهُوَ يَرِيبُنِي فِي وَجَعِي أَنِّي لَا أَعْرِفُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللُّطْفَ الَّذِي كُنْتُ أَرَى مِنْهُ حِينَ أَشْتَكِي إِنَّمَا يَدْخُلُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُسَلِّمُ ثُمَّ يَقُولُ كَيْفَ تِيكُمْ فَذَاكَ يَرِيبُنِي وَلَا أَشْعُرُ بِالشَّرِّ حَتَّى خَرَجْتُ بَعْدَ مَا نَقَهْتُ وَخَرَجَتْ مَعِي أُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ وَهُوَ مُتَبَرَّزُنَا وَلَا نَخْرُجُ إِلَّا لَيْلًا إِلَى لَيْلٍ وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ نَتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِيبًا مِنْ بُيُوتِنَا وَأَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الْأُوَلِ فِي التَّنَزُّهِ وَكُنَّا نَتَأَذَّى بِالْكُنُفِ أَنْ نَتَّخِذَهَا عِنْدَ بُيُوتِنَا فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ وَهِيَ بِنْتُ أَبِي رُهْمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

رَاجِعُونَ کے سوا ان کے منہ سے کوئی اور لفظ سنا۔ انہوں نے اپنا اونٹ بٹھایا اور اس کے اگلے پاؤں پر پاؤں رکھ دیا میں اس پر سوار ہوگئی اور وہ اونٹنی کو اس کی مہار تھامے آگے آگے چلنے لگے حتی کہ ہم لشکر میں آ پہنچے بعد اس کے کہ انہوں نے دو پہر کے آغاز میں شدید گرمی کی وجہ سے پڑاؤ کیا تھا۔ پھر میرے اس معاملہ میں جس نے بھی ہلاک ہونا تھا وہ ہلاک ہوگیا۔ اور وہ جو اس کا بڑا ذمہ دار تھا وہ عبداللہ بن ابی بن سلول تھا پھر ہم مدینہ آ گئے اور جب ہم مدینہ آئے تو میں ایک ماہ بیمار رہی۔ اور لوگ بہتان لگانے والوں کے بارہ میں باتیں کرتے رہے لیکن مجھے اس بارہ میں کچھ علم نہ تھا ہاں مجھے یہ چیز میری بیماری میں بے چین کرتی تھی کہ میں رسول اللہ ﷺ کی طرف سے وہ مہربانی نہ دیکھتی تھی جو میں آپؐ کی طرف سے دیکھا کرتی تھی جب میں بیمار ہوتی تھی۔ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لاتے تو سلام کرتے اور فرماتے تمہارا کیا حال ہے؟ پس یہ بات تھی جو مجھے بے چین کرتی تھی لیکن مجھے اس شر کا علم نہیں تھا یہانتک کہ میں بہت کمزوری کے بعد مناصع کی طرف گئی تو میرے ساتھ ام مسطح بھی نکلی یہ (مناصع) ہماری قضائے حاجت کی جگہ تھی جہاں ہم صرف رات کو ہی جاتے تھے اور یہ اس سے پہلے کی بات ہے جب ہم نے اپنے گھروں کے قریب بیوت الخلاء بنائے۔

وَأُمُّهَا ابْنَةُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ خَالَةُ أَبِي بَكْرٍ
الصِّدِّيقِ وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ
بْنِ الْمُطَّلِبِ فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَبِنْتُ أَبِي رُهْمٍ
قِبَلَ بَيْتِي حِينَ فَرَغْنَا مِنْ شَأْنِنَا فَعَثَرَتْ أُمُّ
مِسْطَحٍ فِي مِرْطِهَا فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ
فَقُلْتُ لَهَا بِئْسَ مَا قُلْتِ أَتَسُبِّينَ رَجُلًا قَدْ
شَهِدَ بَدْرًا قَالَتْ أَيْ هَنْتَاهْ أَوْ لَمْ تَسْمَعِي مَا
قَالَ قُلْتُ وَمَاذَا قَالَ قَالَتْ فَأَخْبَرَتْنِي بِقَوْلِ
أَهْلِ الْإِفْكِ فَازْدَدْتُ مَرَضًا إِلَى مَرَضِي
فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ
كَيْفَ تِيكُمْ قُلْتُ أَتَأْذَنُ لِي أَنْ آتِيَ أَبَوَيَّ
قَالَتْ وَأَنَا حِينَئِذٍ أُرِيدُ أَنْ أَتَيَقَّنَ الْخَبَرَ مِنْ
قِبَلِهِمَا فَأَذِنَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَجِئْتُ أَبَوَيَّ فَقُلْتُ لِأُمِّي يَا أُمَّتَاهْ مَا
يَتَحَدَّثُ النَّاسُ فَقَالَتْ يَا بُنَيَّةُ هَوِّنِي عَلَيْكِ
فَوَاللَّهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيئَةٌ عِنْدَ
رَجُلٍ يُحِبُّهَا وَلَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا كَثَّرْنَ عَلَيْهَا
قَالَتْ قُلْتُ سُبْحَانَ اللَّهِ وَقَدْ تَحَدَّثَ

قضائے حاجت کے لئے ہمارا طریق بھی پہلے عربوں
کا سا تھا اور ہمیں اپنے گھروں کے قریب بیوت الخلاء
بنانے سے تکلیف ہوتی تھی۔ پس میں اور ام مسطح جو
ابورھم بن مطلب بن عبد مناف کی بیٹی تھیں اور ان کی
والدہ جو فخر بن عامر کی بیٹی اور حضرت ابو بکرؓ کی خالہ
تھیں اور ان کا بیٹا مسطح بن اثاثہ بن عباد بن المطلب
تھا۔ میں اور ابورھم کی بیٹی اپنے گھر سے چلیں۔ جب
ہم فارغ ہوئے تو میں اور ابورھم کی بیٹی اپنے گھر کی
طرف چل پڑے۔ ام مسطح اپنی چادر میں اُلجھ کر گر گئی۔
اس پر انہوں نے کہا ہلاک ہو مسطح۔ اس پر میں نے ان
سے کہا کہ بہت بُری بات ہے جو آپ نے کہی ہے۔
کیا آپ ایسے شخص کو برا بھلا کہتی ہیں جو بدر میں
موجود تھا۔ انہوں نے کہا اے بھولی! تم نے سنا نہیں
کہ اس نے کیا کہا ہے؟ میں نے کہا اس نے کیا کہا
ہے؟ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں تب انہوں نے
تہمت لگانے والوں کی باتیں مجھے بتائیں۔ اس پر
میری بیماری میں اور اضافہ ہو گیا۔ پھر جب میں اپنے
گھر واپس آئی اور رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف
لائے اور سلام کہا اور فرمایا تمہارا کیا حال ہے؟ تو میں
نے عرض کیا کیا آپؐ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں
اپنے والدین کے ہاں جاؤں۔ حضرت عائشہؓ بیان
فرماتی ہیں کہ میرا ارادہ تھا کہ اس خبر کے بارہ میں مَیں
ان سے تحقیق کروں گی۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے

النَّاسُ بِهَذَا قَالَتْ فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتَّى أَصْبَحْتُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ ثُمَّ أَصْبَحْتُ أَبْكِي وَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِينَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْتَشِيرُهُمَا فِي فِرَاقِ أَهْلِهِ قَالَتْ فَأَمَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَأَشَارَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِي يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ أَهْلِهِ وَبِالَّذِي يَعْلَمُ فِي نَفْسِهِ لَهُمْ مِنَ الْوُدِّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هُمْ أَهْلُكَ وَلَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا وَأَمَّا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ لَمْ يُضَيِّقِ اللَّهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيرٌ وَإِنْ تَسْأَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ قَالَتْ فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ فَقَالَ أَيْ بَرِيرَةُ هَلْ رَأَيْتِ مِنْ شَيْءٍ يَرِيبُكِ مِنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَهُ بَرِيرَةُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنْ رَأَيْتُ عَلَيْهَا أَمْرًا قَطُّ أَغْمِصُهُ عَلَيْهَا أَكْثَرَ مِنْ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ

اجازت دے دی اور میں اپنے والدین کے ہاں آ گئی۔ میں نے اپنی ماں سے کہا اے میری ماں لوگ یہ کیا باتیں کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا اے پیاری بیٹی حوصلہ رکھو۔ اللہ کی قسم بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ ایک شخص کی خوبصورت بیوی ہو جس سے وہ محبت کرتا ہو اور اس کی سوتیں بھی ہوں مگر انہوں نے اس کے خلاف بہت باتیں نہ بنائی ہوں۔ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں میں نے کہا سبحان اللہ! کیا لوگ میرے بارہ میں ایسی باتیں کر رہے ہیں! آپؓ بیان فرماتی ہیں وہ ساری رات مَیں روتی رہی یہانتک کہ صبح ہوئی تو میرے آنسو تھمتے نہیں تھے۔ میں ذرہ بھر بھی نہ سو سکی اور میں نے روتے روتے صبح کی۔ جب (اس بارہ میں) وحی میں دیر ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ بن ابی طالب اور اسامہ بن زیدؓ کو بُلایا —— تا کہ ان سے اپنی بیوی کی علیحدگی کے بارہ میں مشورہ کریں —— حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں جہاں تک اسامہ بن زیدؓ کا تعلق ہے تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو اسی کے مطابق مشورہ دیا جو حضورؐ کی حرم کے متعلق وہ جانتے تھے یعنی براءت اور اس محبت کے بارہ میں جو آپؐ کے دل میں اپنے اہل کے لئے تھی۔ وہ (حضرت اسامہؓ) کہنے لگے یا رسولؐ اللہ! وہ آپؐ کی اہلیہ محترمہ ہیں اور ہم تو (اُن میں) نیکی کے سوا کچھ نہیں جانتے اور جہاں تک

تَنَامُ عَنْ عَجِينِ أَهْلِهَا فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ قَالَتْ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أُبَيٍّ ابْنِ سَلُولَ قَالَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ مَنْ يَعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ قَدْ بَلَغَ أَذَاهُ فِي أَهْلِ بَيْتِي فَوَاللَّهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا خَيْرًا وَلَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا مَعِي فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ أَنَا أَعْذِرُكَ مِنْهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْنَا عُنُقَهُ وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا أَمْرَكَ قَالَتْ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ وَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا وَلَكِنِ اجْتَهَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللَّهِ لَا تَقْتُلُهُ وَلَا تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فَقَالَ

حضرت علیؓ بن ابی طالبؓ کا تعلق ہے تو انہوں نے کہا کہ اللہ نے آپؐ پر کوئی تنگی نہیں فرمائی اور اُن (حضرت عائشہؓ) کے علاوہ بھی بہت عورتیں ہیں۔ اگر آپؐ خادمہ سے دریافت فرمائیں وہ آپؐ کو سچ بتائے گی۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں تب رسول اللہ ﷺ نے بریرہؓ کو بلایا اور فرمایا اے بریرہؓ! کیا تم نے عائشہؓ میں کوئی ایسی بات دیکھی ہے جس سے تمہیں ان کے بارہ میں کوئی شک ہو۔ بریرہؓ نے حضورؐ سے عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میں نے ان کے خلاف اس سے زیادہ کوئی عیب والی بات نہیں دیکھی کہ وہ کم سن لڑکی ہیں اور آٹا گوندھا ہوا چھوڑ کر سو جاتی ہیں بکری آتی ہے اور وہ کھا جاتی ہے۔ آپؓ (حضرت عائشہؓ) بیان فرماتی ہیں پھر رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور عبداللہ بن ابی بن سلول کے بارہ میں معذرت چاہی۔ آپؓ فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جبکہ آپؐ منبر پر تھے اے مسلمانوں کے گروہ! تم میں سے کون مجھے معذور سمجھے گا اس شخص کے بارہ میں جس کی ایذاء رسانی میرے اہلِ بیت تک پہنچ چکی ہے۔ خدا کی قسم مجھے تو اپنے اہل کے بارہ میں خیر کے سوا کچھ علم نہیں اور جس شخص کا انہوں نے ذکر کیا ہے اس کے متعلق بھی خیر کے سوا کچھ نہیں جانتا اور وہ میرے گھر میں ہمیشہ میرے ساتھ ہی

لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللَّهِ لَنَقْتُلَنَّهُ فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِينَ فَثَارَ الْحَيَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتَّى هَمُّوا أَنْ يَقْتَتِلُوا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتَّى سَكَتُوا وَسَكَتَ قَالَتْ وَبَكَيْتُ يَوْمِي ذَلِكَ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ ثُمَّ بَكَيْتُ لَيْلَتِي الْمُقْبِلَةَ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ وَأَبَوَايَ يَظُنَّانِ أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي فَبَيْنَمَا هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِي وَأَنَا أَبْكِي اسْتَأْذَنَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْكِي قَالَتْ فَبَيْنَا نَحْنُ عَلَى ذَلِكَ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ قَالَتْ وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِي مُنْذُ قِيلَ لِي مَا قِيلَ وَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا لَا يُوحَى إِلَيْهِ فِي شَأْنِي بِشَيْءٍ قَالَتْ

داخل ہوتا تھا۔اس پر حضرت سعد بن معاذؓ انصاری کھڑے ہوئے اورعرض کیا یارسولؐ اللہ! میں آپؐ کو معذور ٹھہراؤں گا۔اگر وہ اَوس میں سے ہے تو ہم اس کی گردن مار دیتے ہیں اور اگر یہ ہمارے بھائیوں خزرج میں سے ہے تو آپؐ جوحکم فرمائیں ہم اس کی تعمیل کریں گے۔وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں اس پر حضرت سعد بن عبادہؓ کھڑے ہوئے اور وہ خزرج کے سردار تھے۔ وہ ایک صالح آدمی تھے مگر اس وقت انہیں جاہلیت کی حمیّت نے آلیا اور انہوں نے حضرت سعد بن معاذؓ سے کہا تم غلط کہتے ہو، خدا کی قسم! نہ تو تم اسے قتل کرو گے اور نہ ہی اس کو قتل کرنے کی طاقت رکھتے ہو۔اس پر حضرت اُسَید بن حضیرؓ کھڑے ہوئے جو حضرت سعد بن معاذؓ کے چچا زاد تھے اور سعد بن عبادہؓ سے کہنے لگے خدا کی قسم تم نے غلط کہا ہے ہم ضرور اسے قتل کریں گے۔ یقیناً تم منافق ہو منافقوں کی طرف سے جھگڑا کرتے ہو۔ اس پر اوس وخزرج دونو قبیلے جوش میں آ گئے یہانتک کہ انہوں نے لڑائی کا ارادہ کرلیا جبکہ رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے تھے اور رسول اللہ ﷺ مسلسل انہیں دھیما ہونے کے لئے کہتے رہے یہانتک کہ وہ خاموش ہو گئے اور آپؐ بھی خاموش ہو گئے۔ وہ (حضرت عائشہؓ) بیان فرماتی ہیں کہ میں اس روز بھی روتی رہی اور میرے آنسو تھمتے نہ تھے اور نہ ہی مجھے

فَتَشَهَّدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
حِينَ جَلَسَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ يَا عَائِشَةُ فَإِنَّهُ
قَدْ بَلَغَنِي عَنْكِ كَذَا وَكَذَا فَإِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً
فَسَيُبَرِّئُكِ اللَّهُ وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ
فَاسْتَغْفِرِي اللَّهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا
اعْتَرَفَ بِذَنْبٍ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ
قَالَتْ فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِي حَتَّى مَا
أُحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً فَقُلْتُ لِأَبِي أَجِبْ عَنِّي
رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا قَالَ
فَقَالَ وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللَّهِ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لِأُمِّي أَجِيبِي
عَنِّي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَقَالَتْ وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللَّهِ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ وَأَنَا جَارِيَةٌ
حَدِيثَةُ السِّنِّ لَا أَقْرَأُ كَثِيرًا مِنَ الْقُرْآنِ إِنِّي
وَاللَّهِ لَقَدْ عَرَفْتُ أَنَّكُمْ قَدْ سَمِعْتُمْ بِهَذَا

نیند آتی تھی۔ پھر میں اگلی رات بھی روتی رہی۔ میرے آنسو نہ تھمتے تھے اور نہ ہی میں سو سکی۔ میرے والدین کا خیال تھا کہ میرا یہ رونا میرے جگر کو پھاڑ دے گا۔ اس دوران جب وہ (میرے والدین) میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی کہ ایک انصاری عورت نے میرے پاس آنے کی اجازت مانگی۔ میں نے اسے اجازت دی وہ بھی بیٹھ کر رونے لگی۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں کہ ہم اسی حالت میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے، سلام کیا اور بیٹھ گئے۔ آپؓ بیان فرماتی ہیں کہ جب سے میرے متعلق کہا گیا جو کہا گیا آپؐ میرے پاس نہیں بیٹھے تھے اور آپؐ اس حالت میں ایک مہینہ اسی طریق پر رہے۔ میرے اس معاملہ کے بارہ میں کوئی وحی آپؐ کو نہ ہوئی۔ آپؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب تشریف فرما ہوئے آپؐ نے تشہد پڑھا اور فرمایا اما بعد اے عائشہؓ! مجھے تمہارے متعلق یہ یہ خبر پہنچی ہے۔ اگر تم بَری ہو تو اللہ ضرور تمہاری بریت ظاہر فرما دے گا لیکن اگر تم سے کوئی لغزش ہوئی ہے تو خدا سے بخشش طلب کرو اور اس کی طرف جھکو کیونکہ یقیناً بندہ جب اپنی غلطی کا اعتراف کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے۔ آپؓ بیان فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنی بات مکمل کر چکے تو میرے آنسو

حَتَّى اسْتَقَرَّ فِي نُفُوسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ فَإِنْ قُلْتُ لَكُمْ إِنِّي بَرِيئَةٌ وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ لَا تُصَدِّقُونِي بِذَلِكَ وَلَئِنْ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ لَتُصَدِّقُونَنِي وَإِنِّي وَاللَّهِ مَا أَجِدُ لِي وَلَكُمْ مَثَلًا إِلَّا كَمَا قَالَ أَبُو يُوسُفَ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ قَالَتْ ثُمَّ تَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلَى فِرَاشِي قَالَتْ وَأَنَا وَاللَّهِ حِينَئِذٍ أَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ وَأَنَّ اللَّهَ مُبَرِّئِي بِبَرَاءَتِي وَلَكِنْ وَاللَّهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنْ يُنْزَلَ فِي شَأْنِي وَحْيٌ يُتْلَى وَلَشَأْنِي كَانَ أَحْقَرَ فِي نَفْسِي مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيَّ بِأَمْرٍ يُتْلَى وَلَكِنِّي كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَرَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِي اللَّهُ بِهَا قَالَتْ فَوَاللَّهِ مَا رَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسَهُ وَلَا خَرَجَ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ أَحَدٌ حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

خشک ہو گئے حتی کہ مجھے اس کا ایک قطرہ بھی محسوس نہ ہوا۔تب میں نے اپنے والد سے کہا جو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے آپ میری طرف سے اس کا جواب دیں۔انہوں نے کہا خدا کی قسم میں تو نہیں جانتا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کیا عرض کروں۔ تب میں نے اپنی والدہ سے کہا کہ آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کو جواب دیں۔انہوں نے بھی کہا کہ خدا کی قسم مجھے بھی کچھ پتہ نہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ سے کیا عرض کروں۔پھر میں نے کہا اور میں ایک کم سن لڑکی تھی اور زیادہ قرآن پڑھی ہوئی نہیں تھی۔خدا کی قسم مجھے علم ہے کہ آپ لوگوں نے یہ بات سُنی ہے حتی کہ یہ بات آپ لوگوں کے دل میں جم گئی ہے اور آپ لوگ اسے سچا سمجھ بیٹھے ہیں۔پس اگر میں آپ لوگوں سے کہوں کہ میں بَری ہوں اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً میں بَری ہوں تو آپ لوگ میری اس بات کی تصدیق نہیں کریں گے۔اگر میں آپ کے سامنے اعتراف کرلوں جبکہ اللہ جانتا ہے کہ یقیناً میں بَری ہوں تو آپ ضرور میری بات مان لیں گے۔میں اپنی اور آپ لوگوں کی حالت یہی پاتی ہوں جیسا کہ حضرت یوسفؑ کے باپ نے کہا تھا کہ صبر ہی اچھا ہے اور اللہ ہی ہے جس سے اس (بات) پر مدد مانگی جائے جو تم بیان کرتے ہو۔آپؓ بیان فرماتی ہیں پھر میں نے کروٹ لی اور اپنے بستر پر لیٹ گئی اور اس

أَبُو يُوسُفَ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ قَالَتْ ثُمَّ تَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلَى فِرَاشِي قَالَتْ وَأَنَا وَاللَّهِ حِينَئِذٍ أَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ وَأَنَّ اللَّهَ مُبَرِّئِي بِبَرَاءَتِي وَلَكِنْ وَاللَّهِ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنْ يُنْزَلَ فِي شَأْنِي وَحْيٌ يُتْلَى وَلَشَأْنِي كَانَ أَحْقَرَ فِي نَفْسِي مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيَّ بِأَمْرٍ يُتْلَى وَلَكِنِّي كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَرَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِي اللَّهُ بِهَا قَالَتْ فَوَاللَّهِ مَا رَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسَهُ وَلَا خَرَجَ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ أَحَدٌ حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ عِنْدَ الْوَحْيِ حَتَّى إِنَّهُ لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ فِي الْيَوْمِ الشَّاتِ مِنْ ثِقَلِ الْقَوْلِ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَيْهِ قَالَتْ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَكَانَ أَوَّلَ كَلِمَةٍ

وقت بخدا مجھے یقین تھا کہ میں بَری ہوں اور یہ کہ اللہ ضرور میری بریت فرمائے گا لیکن بخدا مجھے بالکل یہ گمان نہیں تھا کہ میرے بارہ میں کوئی وحی قرآن نازل ہوگی۔ اور میرے خیال میں میرا مقام اس سے کہیں کم تر تھا کہ اللہ عزوجل میرے بارہ میں وہ کلام فرمائے جس کی تلاوت کی جائے گی، لیکن مجھے یہ امید تھی کہ رسول اللہ ﷺ نیند میں کوئی ایسی رؤیا دیکھیں جس کے ذریعہ اللہ میری بریّت فرمادے۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں خدا کی قسم ابھی رسول اللہ ﷺ نے اپنی جگہ سے نہیں اٹھے تھے نہ ہی گھر والوں میں سے کوئی باہر گیا تھا کہ اللہ عزوجل نے اپنے نبی ﷺ پر (وحی) نازل فرمائی اور آپؐ پر شدّت کی وہ کیفیت طاری ہوئی جو آپؐ پر وحی (کے نزول) کے وقت طاری ہوتی تھی حتی کہ سردیوں میں بھی آپؐ پر نازل ہونے والی وحی کے بوجھ سے آپؐ کے (چہرے سے) موتیوں کی طرح پسینہ ٹپکنے لگتا تھا۔ آپؓ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں جب رسول اللہ ﷺ سے وہ کیفیت جاتی رہی تو آپؐ تبسّم فرمارہے تھے تو پہلی بات جو آپؐ نے فرمائی وہ یہ تھی کہ اے عائشہؓ! تمہیں خوشخبری ہو اللہ نے تمہاری بریّت فرمادی ہے۔ مجھے میری ماں نے کہا اُٹھو حضورؐ کا شکریہ ادا کرو۔ میں نے کہا اللہ کی قسم میں حضورؐ کا شکریہ ادا نہ کروں گی، نہ ہی اللہ کے سوا میں کسی کی حمد کروں گی کیونکہ وہی ہے جس نے

تَكَلَّمَ بِهَا أَنْ قَالَ أَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ أَمَّا اللَّهُ فَقَدْ بَرَّأَكِ فَقَالَتْ لِي أُمِّي قُومِي إِلَيْهِ فَقُلْتُ وَاللَّهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ وَلَا أَحْمَدُ إِلَّا اللَّهَ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ بَرَاءَتِي قَالَتْ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ عَشْرَ آيَاتٍ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ هَؤُلَاءِ الْآيَاتِ بَرَاءَتِي قَالَتْ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ وَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحٍ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ وَفَقْرِهِ وَاللَّهِ لَا أُنْفِقُ عَلَيْهِ شَيْئًا أَبَدًا بَعْدَ الَّذِي قَالَ لِعَائِشَةَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَى إِلَى قَوْلِهِ أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ قَالَ حَبَّانُ بْنُ مُوسَى قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ هَذِهِ أَرْجَى آيَةٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ وَاللَّهِ إِنِّي لَأُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لِي فَرَجَعَ إِلَى مِسْطَحٍ النَّفَقَةَ الَّتِي كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ وَقَالَ لَا أَنْزِعُهَا مِنْهُ أَبَدًا قَالَتْ عَائِشَةُ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَمْرِي مَا عَلِمْتِ

میری بریّت نازل فرمائی ہے۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں اس وقت اللہ عزوجل نے یہ آیات نازل فرمائیں اِنَّ الَّذِيْنَ جَآ ءُوْا بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ : یقیناً وہ لوگ جو جھوٹ گھڑ لائے تم ہی میں سے ایک گروہ ہے...[1]

اللہ عزوجل نے یہ تمام آیات میری برأت کے لئے نازل فرمائیں۔ وہ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں کہ اس پر حضرت ابوبکرؓ نے جو اپنی اس سے قرابت داری اور اس کی غربت کے باعث مسطح پر خرچ کرتے تھے کہا خدا کی قسم اب بعد اس کے جو اس نے عائشہؓ کے بارہ میں کہا ہے میں اس پر کبھی کچھ خرچ نہ کروں گا۔ اس پر اللہ عزوجل نے نازل فرمایا۔ وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُّؤْتُوا أُولِى الْقُرْبَى ترجمہ... اور تم میں سے صاحبِ فضیلت اور صاحب توفیق اپنے قریبیوں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو کچھ نہ دینے کی قسم نہ کھائیں پس چاہیے کہ وہ معاف کردیں اور درگزر کریں۔ کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہیں بخش دے۔[2]

[راوی حبّان بن موسیٰ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن مبارک نے کہا کہ اللہ کی کتاب میں سب سے زیادہ امید افزا یہ آیت ہے۔]

اس پر حضرت ابوبکرؓ نے کہا خدا کی قسم یقیناً میں چاہتا

1: سورة النور: 11 تا 20۔ 2: سورة النور: 23

أَوْ مَا رَأَيْتِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي وَاللَّهِ مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَيْرًا قَالَتْ عَائِشَةُ وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَصَمَهَا اللَّهُ بِالْوَرَعِ وَطَفِقَتْ أُخْتُهَا حَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ تُحَارِبُ لَهَا فَهَلَكَتْ فِيمَنْ هَلَكَ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَهَذَا مَا انْتَهَى إِلَيْنَا مِنْ أَمْرِ هَؤُلَاءِ الرَّهْطِ و قَالَ فِي حَدِيثِ يُونُسَ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ {57} وحَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ ح و حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِمِثْلِ حَدِيثِ يُونُسَ وَمَعْمَرٍ بِإِسْنَادِهِمَا وَفِي حَدِيثِ فُلَيْحٍ اجْتَهَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ كَمَا قَالَ مَعْمَرٌ وَفِي حَدِيثِ صَالِحٍ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ كَقَوْلِ يُونُسَ وَزَادَ فِي حَدِيثِ صَالِحٍ قَالَ عُرْوَةُ كَانَتْ عَائِشَةُ تَكْرَهُ أَنْ يُسَبَّ عِنْدَهَا حَسَّانُ وَتَقُولُ فَإِنَّهُ قَالَ

فَإِنَّ أَبِي وَوَالِدَهُ وَعِرْضِي
لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ

ہوں کہ اللہ مجھے بخش دے۔ چنانچہ انہوں نے مسطح پر وہ (خرچ کرنا) دوبارہ شروع کر دیا جو وہ پہلے اس پر خرچ کیا کرتے تھے اور کہا کہ میں یہ (مدد) اس سے کبھی نہیں روکوں گا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے متعلق اپنی زوجہ حضرت زینب بنت جحشؓ سے بھی پوچھا تھا کہ تمہیں کیا علم ہے یا تمہاری کیا رائے ہے؟ تو انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! میں تو اپنے کانوں اور آنکھوں کو محفوظ رکھتی ہوں۔ اللہ کی قسم میں نے تو ان میں نیکی ہی دیکھی ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں اور نبی ﷺ کی ازواج میں سے صرف وہی تھیں جو میرا مقابلہ کیا کرتی تھیں مگر اللہ نے بوجہ ان کی پرہیزگاری کے انہیں بچا لیا۔ مگر ان کی بہن حمنہ بنت جحش ان کی طرف داری میں جھگڑتی تھی اور ہلاک ہوگئی اُن لوگوں کے ساتھ جو ہلاک ہوئے۔ زہری کہتے ہیں یہاں تک روایت ہمیں راویوں کے اس گروہ کے ذریعہ ملی ہے۔

ایک روایت میں (اِجْتَهَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ کی بجائے) اِحْتَمَلَتِ الْحَمِيَّةُ کے الفاظ ہیں۔

ایک روایت میں مزید ہے کہ عروہ بیان کرتے ہیں حضرت عائشہؓ ناپسند کرتی تھیں کہ حضرت حسانؓ کو ان کے سامنے بُرا بھلا کہا جائے اور فرماتیں کہ (حسانؓ) نے (اپنے شعر میں) کہا کہ

یقیناً میرا باپ اور اس کا باپ اور میری عزت تمہارے مقابل محمدؐ کی عزت کے لئے بطور ڈھال کے ہے

وَزَادَ أَيْضًا قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ وَاللَّهِ إِنَّ الرَّجُلَ الَّذِي قِيلَ لَهُ مَا قِيلَ لَيَقُولُ سُبْحَانَ اللَّهِ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا كَشَفْتُ عَنْ كَنَفِ أُنْثَى قَطُّ قَالَتْ ثُمَّ قُتِلَ بَعْدَ ذَلِكَ شَهِيدًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَفِي حَدِيثِ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ مُوعِرِينَ فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ و قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ مُوغِرِينَ قَالَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّزَّاقِ مَا قَوْلُهُ مُوغِرِينَ قَالَ الْوَغْرَةُ شِدَّةُ الْحَرِّ{58}

باپ اور میری عزت تمہارے مقابل محمدؐ کی عزت کے لئے بطور ڈھال کے ہے اس روایت میں مزید ہے عروہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ خدا کی قسم جس مرد کے ساتھ یہ تہمت لگائی گئی ہے وہ (صفوانؓ) کہتا تھا کہ سبحان اللہ! اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں نے کبھی کسی عورت کا پردہ نہیں کھولا۔ آپؓ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں پھر اس کے بعد وہ اللہ کی راہ میں شہید کیا گیا۔
اور ایک روایت میں (مُوغِرِینَ کی بجائے) مُوعِرِینَ کے الفاظ ہیں۔
(راوی) عبد بن حمید کہتے ہیں میں نے عبدالرزاق سے پوچھا کہ مُوغِرِینَ کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے کہا ''اَلْوَغْرَۃُ'' سے مراد گرمی کی شدت ہے۔

حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا ذُكِرَ مِنْ شَأْنِي الَّذِي ذُكِرَ وَمَا عَلِمْتُ بِهِ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا فَتَشَهَّدَ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ أَشِيرُوا عَلَيَّ فِي أُنَاسٍ أَبَنُوا أَهْلِي وَايْمُ اللَّهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي مِنْ سُوءٍ قَطُّ وَأَبَنُوهُمْ بِمَنْ وَاللَّهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوءٍ قَطُّ وَلَا دَخَلَ بَيْتِي قَطُّ إِلَّا وَأَنَا حَاضِرٌ وَلَا غِبْتُ فِي سَفَرٍ إِلَّا غَابَ مَعِي وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِقِصَّتِهِ وَفِيهِ وَلَقَدْ دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

ایک روایت میں ہے حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ جب میرے بارہ میں ایسا ذکر کیا گیا اور مجھے اس بارہ میں کچھ علم نہ تھا تو رسول اللہ ﷺ خطاب کرنے کے لئے کھڑے ہوئے اور تشہد کے بعد اللہ کی وہ حمد و ثناء بیان کی جس کا وہ اہل ہے پھر اس کے بعد فرمایا کہ ان لوگوں کے بارہ میں مشورہ دو جنہوں نے میرے اہل کے بارہ میں تہمت لگائی ہے۔ خدا کی قسم میں نے اپنے اہل میں کبھی کوئی برائی نہیں دیکھی اور جس شخص کے ساتھ انہوں نے تہمت لگائی ہے خدا کی قسم میں نے اس میں بھی کبھی کوئی برائی نہیں دیکھی

وَسَلَّمَ بَيْتِي فَسَأَلَ جَارِيَتِي فَقَالَتْ وَاللَّهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا عَيْبًا إِلَّا أَنَّهَا كَانَتْ تَرْقُدُ حَتَّى تَدْخُلَ الشَّاةُ فَتَأْكُلَ عَجِينَهَا أَوْ قَالَتْ خَمِيرَهَا شَكَّ هِشَامٌ فَانْتَهَرَهَا بَعْضُ أَصْحَابِهِ فَقَالَ اصْدُقِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَسْقَطُوا لَهَا بِهِ فَقَالَتْ سُبْحَانَ اللَّهِ وَاللَّهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا إِلَّا مَا يَعْلَمُ الصَّائِغُ عَلَى تِبْرِ الذَّهَبِ الْأَحْمَرِ وَقَدْ بَلَغَ الْأَمْرُ ذَلِكَ الرَّجُلَ الَّذِي قِيلَ لَهُ فَقَالَ سُبْحَانَ اللَّهِ وَاللَّهِ مَا كَشَفْتُ عَنْ كَنَفِ أُنْثَى قَطُّ قَالَتْ عَائِشَةُ وَقُتِلَ شَهِيدًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَفِيهِ أَيْضًا مِنَ الزِّيَادَةِ وَكَانَ الَّذِينَ تَكَلَّمُوا بِهِ مِسْطَحٌ وَحَمْنَةُ وَحَسَّانُ وَأَمَّا الْمُنَافِقُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ فَهُوَ الَّذِي كَانَ يَسْتَوْشِيهِ وَيَجْمَعُهُ وَهُوَ الَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ وَحَمْنَةُ [7022,7021,7020]

جب بھی وہ میرے گھر میں آیا تو میرے موجودگی میں آیا۔ جب بھی میں سفر پر گیا تو وہ میرے ساتھ گیا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ بھی ہے کہ پھر رسول اللہ ﷺ میرے گھر میں تشریف لائے اور میری خادمہ سے استفسار فرمایا تو اس نے کہا خدا کی قسم سوائے اس کے میں ان میں کوئی عیب نہیں دیکھتی کہ وہ سو جاتی ہیں حتی کہ بکری آ کر آٹا کھا جاتی ہے ـــ انہوں نے عَجِین کی بجائے خَمِیر کا لفظ استعمال کیا ـــ اس بارہ میں ہشام کو شک ہے۔ حضورؑ کے بعض صحابہؓ میں سے کسی نے اس پر اسے ڈانٹا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ کو صحیح صحیح بتاؤ اور انہوں نے اسے معاملہ کھول کر بتایا۔ تب اس نے کہا خدا کی قسم میں انہیں ایسا جانتی ہوں جیسے سنار خالص سونے کی سرخ ڈلی کو جانتا ہے اور جب اس شخص تک یہ خبر پہنچی جس کے ساتھ یہ تہمت لگائی گئی تھی تو اس نے کہا سبحان اللہ! اللہ کی قسم میں نے کبھی کسی عورت کا پردہ نہیں کھولا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں پھر انہیں راہِ خدا میں شہید کیا گیا۔ اس روایت میں یہ مزید ہے کہ وہ لوگ جنہوں نے تہمت لگائی تھی ان میں مِسطح، حَمنہ اور حسّان تھے اور جہاں تک اُس منافق عبداللہ بن ابی (بن سلول) کا تعلق ہے وہ ان (افواہوں) کو اکٹھا کرتا اور آگے پھیلاتا اور وہی اس کے بڑے حصہ کا ذمہ دار تھا اور ایک حمنہ۔

[11]12:بَاب: بَرَاءَةُ حَرَمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الرِّيبَةِ

باب: نبی ﷺ کی زوجہ محترمہ کی شک سے برأت

4961{54} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا كَانَ يُتَّهَمُ بِأُمِّ وَلَدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اذْهَبْ فَاضْرِبْ عُنُقَهُ فَأَتَاهُ عَلِيٌّ فَإِذَا هُوَ فِي رَكِيٍّ يَتَبَرَّدُ فِيهَا فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ اخْرُجْ فَنَاوَلَهُ يَدَهُ فَأَخْرَجَهُ فَإِذَا هُوَ مَجْبُوبٌ لَيْسَ لَهُ ذَكَرٌ فَكَفَّ عَلِيٌّ عَنْهُ ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ لَمَجْبُوبٌ مَا لَهُ ذَكَرٌ [7023]

4961: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص کو رسول اللہ ﷺ کی ام ولد سے متہم کیا جاتا تھا اس پر رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ جاؤ اور اس کی گردن اڑا دو۔ حضرت علیؓ اس کے پاس گئے تو وہ ٹھنڈک کے حصول کے لئے ایک کنویں میں غسل کر رہا تھا۔ اس پر حضرت علیؓ نے اس سے کہا باہر آؤ۔ چنانچہ اس نے انہیں اپنا ہاتھ پکڑایا اور اسے باہر نکالا تو وہ ''مجبوب'' تھا۔ اس کا عضو تناسل نہیں تھا۔ چنانچہ حضرت علیؓ اس سے رک گئے۔ پھر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! وہ تو ''مجبوب'' ہے اور اس کا عضو تناسل نہیں ہے۔

☆ یہ روایت بخاری اور صحاح کی باقی کتب میں نہیں اور مشتبہ معلوم ہوتی ہے۔ واللہ اعلم

بسم الله الرحمن الرحيم

كِتَاب: "صِفَاتُ الْمُنَافِقِيْنَ وَاَحْكَامُهُمْ"

کتاب: منافقوں کی صفات اوران کے (بارہ میں) احکامات

باب: كِتَابُ صِفَاتُ الْمُنَافِقِينَ وَاَحْكَامُهُم

باب: منافقوں کی صفات اوران کے (بارہ میں) احکامات

4962{1} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَقَ أَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ يَقُولُ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ أَصَابَ النَّاسَ فِيهِ شِدَّةٌ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ لِأَصْحَابِهِ لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا مِنْ حَوْلِهِ قَالَ زُهَيْرٌ وَهِيَ قِرَاءَةُ مَنْ خَفَضَ حَوْلَهُ وَقَالَ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ قَالَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ بِذَلِكَ فَأَرْسَلَ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أُبَيٍّ فَسَأَلَهُ فَاجْتَهَدَ يَمِينَهُ مَا فَعَلَ فَقَالَ كَذَبَ

4962: حضرت زید بن ارقمؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں نکلے جس میں لوگوں کو سخت تکلیف پہنچی۔ اس پر عبداللہ بن اُبی نے اپنے ساتھیوں سے کہا جسے قرآن کریم نے ان لفظوں سے بیان کیا۔ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ...[1] جو لوگ اللہ کے رسول کے پاس رہتے ہیں اُن پر خرچ نہ کرو یہانتک کہ وہ بھاگ جائیں —— (راوی) زہیر کہتے ہیں یہ قراءت اس شخص کی ہے جو "حَوْلَهُ" کو مجرور پڑھتے ہیں —— اوراس (عبداللہ بن ابی) نے کہا تھا لَئِنْ رَّجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ...[2] (ترجمہ) اگر ہم مدینہ کی طرف لوٹیں گے تو ضرور وہ جو سب سے زیادہ معزز ہے اسے جو سب سے زیادہ ذلیل ہے اس میں سے نکال باہر کرے گا۔

4962 : تخريج : بخاری كتاب التفسير باب اذا جاء ک المنافقون 4900 باب اتخذوا ايمانهم جنة 4901 باب قوله ذلک بانهم أمنوا ثم كفروا 4902 باب واذا رأيتهم تعجبک اجسامهم 4903 باب قوله واذا قيل لهم تعالوا... 4904 ترمذی كتاب التفسير باب ومن سورة المنافقين 3312، 3313، 3314، 3315

1: المنافقون: 8

2: المنافقون: 9

زَيْدٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَوَقَعَ فِي نَفْسِي مِمَّا قَالُوهُ شِدَّةٌ حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ تَصْدِيقِي إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالَ ثُمَّ دَعَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْتَغْفِرَ لَهُمْ قَالَ فَلَوَّوْا رُءُوسَهُمْ وَقَوْلُه كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ وَقَالَ كَانُوا رِجَالًا أَجْمَلَ شَيْءٍ [7024]

راوی کہتے ہیں میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ بات بتائی تو آپؐ نے عبداللہ بن اُبی کو بلایا اور اس سے پوچھا اس نے پختہ قسم کھائی کہ اس نے ایسا نہیں کیا اور کہا کہ زیدؓ نے رسول اللہ ﷺ سے جھوٹ بولا ہے۔ وہ (حضرت زیدؓ) کہتے ہیں لوگوں کی ان باتوں سے میرے دل کو بہت رنج پہنچا یہانتک کہ اللہ تعالیٰ نے میری تصدیق میں یہ آیت نازل فرمائی۔ اِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُون جب منافق تیرے پاس آتے ہیں وہ کہتے ہیں پھر ان (منافقین) کو نبی ﷺ نے بلایا تا کہ ان کے لئے استغفار کریں۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے اپنے سر پھیر لئے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ [2] وہ ایسے ہیں جیسے ایک دوسرے کے سہارے چنی ہوئی خشک لکڑیاں ۔ راوی کہتے ہیں وہ لوگ (ظاہرًا) خوش شکل تھے۔

4963 {2} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ ابْنُ عَبْدَةَ أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ أَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أُبَيٍّ فَأَخْرَجَهُ

4963: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ عبداللہ بن ابی (بن سلول) کی قبر پر آئے اور اسے اس کی قبر سے نکالا اور اسے اپنے گھٹنوں پر رکھا اور اپنا لعاب اس کو لگایا اور اسے اپنی قمیص پہنائی۔ واللہ اعلم۔

ایک روایت میں ہے کہ نبی ﷺ عبداللہ بن ابی

4963 :تخریج : **بخاری** کتاب الجنائز باب الکفن فی القمیص الذی یکف...1270 باب هل یخرج المیت من القبر 1350 کتاب اللباس باب لبس القمیص 5795 **نسائی** کتاب الجنائز القمیص فی الکفن 1901 اخراج المیت فی الحد....2019، 2020

1 المنافقون : 2
2 المنافقون : 5

مِنْ قَبْرِهِ فَوَضَعَهُ عَلَى رُكْبَتَيْهِ وَنَفَثَ عَلَيْهِ مِنْ رِيقِهِ وَأَلْبَسَهُ قَمِيصَهُ فَاللَّهُ أَعْلَمُ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أُبَيٍّ بَعْدَ مَا أُدْخِلَ حُفْرَتَهُ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ سُفْيَانَ [7026,7025]

(کی قبر) کے پاس اس وقت آئے جب اسے قبر میں داخل کیا جاچکا تھا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

4964 {3} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُولَ جَاءَ ابْنُهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ قَمِيصَهُ يُكَفِّنُ فِيهِ أَبَاهُ فَأَعْطَاهُ ثُمَّ سَأَلَهُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَامَ عُمَرُ فَأَخَذَ بِثَوْبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَتُصَلِّي عَلَيْهِ وَقَدْ نَهَاكَ اللَّهُ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4964: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں جب عبداللہ بن ابی بن سلول کی وفات ہوئی تو اس کا بیٹا عبداللہ بن عبداللہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ سے آپؐ کا قمیص اپنے باپ کو اس میں کفنانے کے لئے مانگا۔ آپؐ نے انہیں وہ (قمیص) دے دیا۔ پھر انہوں نے اس کی نماز جنازہ پڑھانے کے لئے درخواست کی۔ رسول اللہ ﷺ اس کی نماز جنازہ پڑھانے کے لئے اٹھے تو حضرت عمرؓ کھڑے ہو گئے اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو کپڑے سے پکڑ لیا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا آپؐ اس کی نماز جنازہ پڑھائیں گے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو اس کی نماز جنازہ پڑھانے سے منع فرمایا

4964 : اطراف : **مسلم** کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل عمر 4399
تخريج : بخارى كتاب الجنائز باب الكفن في القميص الذى يكف ...1269 كتاب التفسير باب قوله استغفرلهم او لا تستغفرلهم... 4670 ، 4671 باب قوله ولا تصل على احد منهم... 4672 كتاب اللباس باب لبس القميص 5796 **ترمذى** كتاب التفسير ومن سورة التوبة 3097 ،3098 **نسائى** كتاب الجنائز القميص فى الكفن 1900 **ابن ماجه** كتاب الجنائز باب فى الصلاة على اهل القبلة 1523

إِنَّمَا خَيَّرَنِي اللَّهُ فَقَالَ اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً وَسَأَزِيدُهُ عَلَى سَبْعِينَ قَالَ إِنَّهُ مُنَافِقٌ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ {4} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَزَادَ قَالَ فَتَرَكَ الصَّلَاةَ عَلَيْهِمْ [7028,7027]

ہے۔اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ...[1] آپؐ نے فرمایا اور میں اس کے لئے ستر سے زیادہ مرتبہ مغفرت طلب کروں گا۔ انہوں (حضرت عمرؓ) نے عرض کیا یقیناً وہ منافق ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ اَبَدًا [2] اور تو اُن میں سے کسی مرنے والے پر کبھی (جنازہ کی) نماز نہ پڑھ اور کبھی اس کی قبر پر (دعا کے لئے) کھڑا نہ ہو۔ ایک روایت میں مزید ہے کہ آپؐ نے اُن (منافقین) کی نماز جنازہ پڑھانی چھوڑ دی۔

4965 {5} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ اجْتَمَعَ عِنْدَ الْبَيْتِ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِيٌّ أَوْ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِيٌّ قَلِيلٌ فِقْهُ قُلُوبِهِمْ كَثِيرٌ شَحْمُ بُطُونِهِمْ

4965: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں بیت اللہ کے پاس تین آدمی اکٹھے ہوئے دو قریشی تھے اور ایک ثقفی یا دو ثقفی تھے اور ایک قریشی ان کے دلوں کی سمجھ کم اور ان کے پیٹوں کی چربی زیادہ تھی ان میں سے ایک نے کہا تمہارا کیا خیال

4965 : تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب قوله وما کنتم تستترون ان یشھدو... 4816 باب وذٰلکم وظنکم الذی ظننتم... 4817 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ وما کنتم تستترون ان یشھدعلیکم ...7521 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورۃ حم السجدۃ 3248 ، 3249

1: (ترجمہ) تو اُن کے لئے مغفرت طلب کر یا ان کے لئے مغفرت نہ طلب کر"۔ اگر تو ان کے لئے ستر مرتبہ بھی مغفرت مانگے۔ التوبۃ: **80**

2: التوبۃ : **84**

فَقَالَ أَحَدُهُمْ أَتُرَوْنَ اللَّهَ يَسْمَعُ مَا نَقُولُ وَقَالَ الْآخَرُ يَسْمَعُ إِنْ جَهَرْنَا وَلَا يَسْمَعُ إِنْ أَخْفَيْنَا وَقَالَ الْآخَرُ إِنْ كَانَ يَسْمَعُ إِذَا جَهَرْنَا فَهُوَ يَسْمَعُ إِذَا أَخْفَيْنَا فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ الْآيَةَ و حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ح و قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي مَنْصُورٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بِنَحْوِهِ [7030,7029]

ہے کہ ہم جو کچھ کہتے ہیں اللہ سنتا ہے اور دوسرے نے کہا اگر ہم اونچی آواز سے بولیں تو وہ سنتا ہے اور اگر ہم آہستہ بولیں تو وہ نہیں سنتا اور (تیسرے) نے کہا اگر وہ ہمارے اونچا بولنے پر سنتا ہے تو آہستہ بولنے پر بھی سنتا ہے۔اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی وَمَا كُنتُمْ تَسْتَتِرُونَ اَنْ يَشْهَدَ عَلَيكُمْ ...[1] (ترجمه) اور تم اس سے چھپ نہیں سکتے کہ تمہارے خلاف تمہاری سماعت گواہی دے اور نہ تمہاری نظریں گواہی دیں اور نہ تمہاری جلدیں۔

4966 {6} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ وَهُوَ ابْنُ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ يَزِيدَ يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى أُحُدٍ فَرَجَعَ نَاسٌ مِمَّنْ كَانَ مَعَهُ فَكَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ فِرْقَتَيْنِ قَالَ بَعْضُهُمْ نَقْتُلُهُمْ

4966:حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ احد کی طرف نکلے تو جو آپؐ کے ساتھ تھے ان میں سے کچھ لوگ واپس آ گئے ان کے بارہ میں نبی ﷺ کے صحابہؓ میں دو گروہ تھے ان میں سے بعض نے کہا کہ ہم انہیں قتل کریں گے اور بعض نے کہا کہ نہیں اس پر یہ آیت اُتری فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَينِ[2] پس تمہیں کیا ہوا ہے

4966 : تخریج : **بخاری** کتاب فضائل المدینة باب المدینة تنفی الخبث 1884 کتاب المغازی باب غزوة احد 4050 کتاب التفسیر باب فمالکم فی المنافقین فئتین... 4589 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورة النساء 3028

1: حٰم السجدة: 23

2: النساء: 89

وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا فَنَزَلَتْ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ح و حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ[7032,7031]

کہ منافقوں کے بارہ میں دو گروہوں میں بٹے ہوئے ہو۔

4967 {7} حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيمِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُنَافِقِينَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا إِذَا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْغَزْوِ تَخَلَّفُوا عَنْهُ وَفَرِحُوا بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَذَرُوا إِلَيْهِ وَحَلَفُوا وَأَحَبُّوا أَنْ يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا فَنَزَلَتْ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ بِمَا أَتَوْا وَيُحِبُّونَ أَنْ يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِنَ الْعَذَابِ[7033]

4967: حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں منافقین میں سے کچھ لوگ ایسے تھے کہ جب نبی ﷺ کسی غزوہ کے لئے تشریف لے جاتے تو وہ آپؐ سے پیچھے رہ جاتے اور رسول اللہ ﷺ کے پیچھے بیٹھے رہنے پر خوش ہوتے جب نبی ﷺ تشریف لاتے تو آپ کے پاس آکر عذر کرتے اور قسمیں کھاتے اور وہ پسند کرتے تھے کہ جو کام انہوں نے کیا نہیں اس پر ان کی تعریف کی جائے اس پر یہ آیت نازل ہوئی وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ بِمَا اَتَوْا۔☆ تو ان لوگوں کے متعلق جو اپنی کارستانیوں پر خوش ہو رہے ہیں اور پسند کرتے ہیں کہ ان کی ان کاموں میں بھی تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کئے (ہاں) ہرگز ان کے متعلق گمان نہ کر کہ وہ عذاب سے بچ سکیں گے۔

4967 : اطراف : مسلم کتاب صفات المنافقین و احکامھم 4968

تخریج : **بخاری** کتاب التفسیر باب لا تحسبن الذین یفرحون بما.... 4567، 4568 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورة آل عمران 3014

☆آل عمران: **189**

4968 {8} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ أَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ مَرْوَانَ قَالَ اذْهَبْ يَا رَافِعُ لِبَوَّابِهِ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْ لَئِنْ كَانَ كُلُّ امْرِئٍ مِنَّا فَرِحَ بِمَا أَتَى وَأَحَبَّ أَنْ يُحْمَدَ بِمَا لَمْ يَفْعَلْ مُعَذَّبًا لَنُعَذَّبَنَّ أَجْمَعُونَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَا لَكُمْ وَلِهَذِهِ الْآيَةِ إِنَّمَا أُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فِي أَهْلِ الْكِتَابِ ثُمَّ تَلَا ابْنُ عَبَّاسٍ وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُونَهُ هَذِهِ الْآيَةَ وَتَلَا ابْنُ عَبَّاسٍ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ بِمَا أَتَوْا وَيُحِبُّونَ أَنْ يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ سَأَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ فَكَتَمُوهُ إِيَّاهُ وَأَخْبَرُوهُ بِغَيْرِهِ فَخَرَجُوا قَدْ أَرَوْهُ أَنْ قَدْ أَخْبَرُوهُ بِمَا سَأَلَهُمْ عَنْهُ وَاسْتَحْمَدُوا بِذَلِكَ إِلَيْهِ وَفَرِحُوا بِمَا أَتَوْا مِنْ كِتْمَانِهِمْ إِيَّاهُ مَا سَأَلَهُمْ عَنْهُ[7034]

4968: حُمید بن عبدالرحمٰن بن عوف نے بیان کیا کہ مروان نے اپنے دربان سے کہا اے رافع! حضرت ابن عباسؓ کے پاس جاؤ اور کہو اگر ہم میں سے ہر شخص اپنے کئے پر خوش ہوتا ہے اور پسند کرتا ہے کہ جو اس نے نہیں کیا اس پر بھی اس کی تعریف ہو اُسے عذاب دیا جائے گا۔ پھر تو ہم سب کو عذاب دیا جائے گا۔ حضرت ابن عباسؓ نے جواب دیا تمہارا اس آیت سے کیا تعلق ہے؟ یہ آیت تو صرف اہل کتاب کے بارہ میں نازل ہوئی ہے۔ پھر حضرت ابن عباسؓ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ...[1] (ترجمہ) اور جب اللہ نے ان لوگوں کا میثاق لیا جنہیں کتاب دی گئی کہ تم لوگوں کی بھلائی کے لئے اس کو کھول کھول کر بیان کرو گے اور اسے چھپاؤ گے نہیں۔ پھر انہوں نے اس (میثاق) کو اپنے پسِ پُشت پھینک دیا اور اس کے بدلے معمولی قیمت وصول کر لی۔ پس بہت ہی بُرا ہے جو وہ خرید رہے ہیں اور حضرت ابن عباسؓ نے یہ آیت بھی تلاوت فرمائی وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ...[2] (ترجمہ) تو ان لوگوں کے متعلق جو اپنی کارستانیوں پر خوش ہو رہے ہیں اور پسند کرتے ہیں کہ ان کی ان کاموں

4968: اطراف: مسلم کتاب صفات المنافقین و احکامهم 4967

تخریج: بخاری کتاب التفسیر باب لا تحسبن الذین یفرحون بما.... 4567، 4568 ترمذی کتاب التفسیر باب ومن سورة آل عمران 3014

1:۔ آلِ عمران: 188 2:۔ آل عمران: 189

میں بھی تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کئے۔ (ہاں) ہرگز ان کے متعلق گمان نہ کر کہ وہ عذاب سے بچ سکیں گے اور حضرت ابن عباسؓ نے کہا: نبی ﷺ نے اُن (اہلِ کتاب) سے ایک بات پوچھی مگر انہوں نے آپؐ سے وہ چھپائی اور کوئی اور ہی بات بتا دی۔ پھر وہ اس طرح باہر نکلے آپؐ پر ظاہر کرتے ہوئے کہ انہوں نے وہ بات آپؐ کو بتا دی ہے جو آپؐ نے اُن سے پوچھی تھی اور اس پر وہ آپؐ سے چاہتے تھے کہ اُن کی تعریف ہو اور اپنی اس کرتوت پر خوش ہوئے کہ انہوں نے آپؐ سے وہ بات چھپائی جو آپؐ نے اُن سے پوچھی تھی۔

4969 {9} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ قُلْتُ لِعَمَّارٍ أَرَأَيْتُمْ صَنِيعَكُمْ هَذَا الَّذِي صَنَعْتُمْ فِي أَمْرِ عَلِيٍّ أَرَأْيًا رَأَيْتُمُوهُ أَوْ شَيْئًا عَهِدَهُ إِلَيْكُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا عَهِدَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَمْ يَعْهَدْهُ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً وَلَكِنْ حُذَيْفَةُ أَخْبَرَنِي عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَصْحَابِي اثْنَا

4969: قیس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت عمارؓ سے کہا آپؓ کا وہ فعل جو حضرت علیؓ کے معاملہ میں کیا ہے، کیا یہ آپؓ کی اپنی رائے ہے یا کوئی ایسی چیز ہے جس کا رسول اللہ ﷺ نے آپؐ سے کوئی عہد لیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سے رسول اللہ ﷺ نے کوئی ایسا عہد نہیں لیا تھا جو دوسرے لوگوں سے نہ لیا ہو لیکن حضرت حذیفہؓ نے نبی ﷺ کی طرف سے ہمیں بتایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ میرے ''صحابہ'' میں بارہ منافق ہیں۔ اُن میں سے آٹھ لَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ (ترجمہ) جنت میں داخل نہیں ہوں گے یہانتک کہ اونٹ سوئی

4969 : اطراف : مسلم کتاب صفات المنافقین و احکامھم 4970، 4971

عَشَرَ مُنَافِقاً فِيهِمْ ثَمَانِيَةٌ لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ ثَمَانِيَةٌ مِنْهُمْ تَكْفِيكَهُمُ الدُّبَيْلَةُ وَأَرْبَعَةٌ لَمْ أَحْفَظْ مَا قَالَ شُعْبَةُ فِيهِمْ [7035]

کے ناکہ میں سے داخل ہو۔[1] اُن میں سے آٹھ کے (شر) کے خلاف تو تمہیں (اُن کے) پیٹ کا پھوڑا ہی کافی ہوگا اور (ایک راوی کہتے ہیں) چار کے بارہ میں یاد نہیں کہ راوی شعبہ نے اُن کے بارہ میں کیا بتایا۔

4970 {10} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ قُلْنَا لِعَمَّارٍ أَرَأَيْتَ قِتَالَكُمْ أَرَأْيًا رَأَيْتُمُوهُ فَإِنَّ الرَّأْيَ يُخْطِئُ وَيُصِيبُ أَوْ عَهْدًا عَهِدَهُ إِلَيْكُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا عَهِدَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَمْ يَعْهَدْهُ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً وَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ فِي أُمَّتِي قَالَ شُعْبَةُ وَأَحْسِبُهُ قَالَ حَدَّثَنِي حُذَيْفَةُ وَقَالَ غُنْدَرٌ أُرَاهُ قَالَ فِي أُمَّتِي اثْنَا عَشَرَ مُنَافِقًا لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدُونَ رِيحَهَا حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ ثَمَانِيَةٌ مِنْهُمْ تَكْفِيكَهُمُ الدُّبَيْلَةُ سِرَاجٌ مِنَ النَّارِ يَظْهَرُ فِي أَكْتَافِهِمْ حَتَّى يَنْجُمَ مِنْ صُدُورِهِمْ [7036]

4970: قیس بن عُباد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم نے حضرت عمارؓ سے کہا بتایئے آپؓ کا جنگ کرنا کیا یہ آپؓ کی اپنی رائے ہے ــــ کیونکہ رائے کبھی غلط ہوتی ہے اور کبھی صحیح ــــ یا کوئی ایسا عہد ہے جو رسول اللہ ﷺ نے آپؓ سے لیا تھا؟ اس پر انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے ہم سے کوئی عہد ایسا نہیں لیا جو باقی تمام لوگوں سے نہ لیا ہو اور کہنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا میری اُمت میں بارہ منافق ہیں جو جنت میں داخل نہیں ہوں گے اور نہ اس کی خوشبو سونگھیں گے حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں سے داخل ہو جائے۔[2] ان میں سے آٹھ کے (شر) کے خلاف تمہیں دُبَيْلَة ہی کافی ہے اور یہ آگ کا شعلہ ہے جو اُن کے کندھوں میں سے ظاہر ہوگا اور سینوں میں سے نمودار ہوگا۔

4970 : اطراف : مسلم كتاب صفات المنافقين و احكامهم 4969 ، 4971

1، 2: الاعراف :41

4971 {11} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ جُمَيْعٍ حَدَّثَنَا أَبُو الطُّفَيْلِ قَالَ كَانَ بَيْنَ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْعَقَبَةِ وَبَيْنَ حُذَيْفَةَ بَعْضُ مَا يَكُونُ بَيْنَ النَّاسِ فَقَالَ أَنْشُدُكَ بِاللَّهِ كَمْ كَانَ أَصْحَابُ الْعَقَبَةِ قَالَ فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ أَخْبِرْهُ إِذْ سَأَلَكَ قَالَ كُنَّا نُخْبَرُ أَنَّهُمْ أَرْبَعَةَ عَشَرَ فَإِنْ كُنْتَ مِنْهُمْ فَقَدْ كَانَ الْقَوْمُ خَمْسَةَ عَشَرَ وَأَشْهَدُ بِاللَّهِ أَنَّ اثْنَيْ عَشَرَ مِنْهُمْ حَرْبٌ لِلَّهِ وَلِرَسُولِهِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ وَعَذَرَ ثَلَاثَةً قَالُوا مَا سَمِعْنَا مُنَادِيَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا عَلِمْنَا بِمَا أَرَادَ الْقَوْمُ وَقَدْ كَانَ فِي حَرَّةٍ فَمَشَى فَقَالَ إِنَّ الْمَاءَ قَلِيلٌ فَلَا يَسْبِقْنِي إِلَيْهِ أَحَدٌ فَوَجَدَ قَوْمًا قَدْ سَبَقُوهُ فَلَعَنَهُمْ يَوْمَئِذٍ[7037]

4971: حضرت ابوطفیلؓ بیان کرتے ہیں کہ اہل عقبہ میں سے ایک شخص اور حضرت حذیفہؓ کے درمیان کوئی معاملہ تھا جیسا کہ لوگوں کے درمیان ہو جایا کرتا ہے۔ اس نے کہا میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں (بتائیں) کہ عقبہ والے☆ کتنے تھے؟ راوی کہتے ہیں لوگوں نے ان سے کہا جب اس نے آپؓ سے پوچھا ہے تو آپؓ اسے بتائیں۔ تو وہ کہنے لگے ہمیں بتایا جاتا تھا کہ وہ چودہ تھے اور اگر تم بھی ان میں سے ہو تو پھر وہ پندرہ ہوئے اور میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ان میں سے بارہ تو اس دنیوی زندگی میں اور جس دن گواہ اُٹھیں گے اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کے لئے مجسم جنگ ہیں اور ان تین کو معذور قرار دیا جنہوں نے کہا تھا ہم نے رسول اللہ ﷺ کے منادی کی آواز نہیں سُنی اور نہ ہی ہمیں علم تھا کہ ان لوگوں کا کیا ارادہ ہے۔ (یہ اس وقت کی بات ہے) جب وہ حرّہ میں تھے وہ چلے اور کہا پانی تھوڑا ہے۔ کوئی مجھ سے پہلے نہ جائے۔ انہوں نے کچھ لوگوں کو پایا، وہ اُن سے پہلے چلے گئے تھے۔ ان کو بُرا بھلا کہا۔

4971 : اطراف : مسلم کتاب صفات المنافقین و احکامهم 4969، 4970

☆ عقبہ والے:۔ یہاں عقبہ والے سے مراد بیعت عقبہ والے اصحاب نہیں ہیں بلکہ تبوک کے راستہ پر عقبہ ایک مقام کا نام ہے۔ جہاں منافق رسول اللہ ﷺ سے بدعہدی پر اکٹھے ہوئے تھے۔ (شرح امام نووی)

4972 {12} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَصْعَدُ الثَّنِيَّةَ ثَنِيَّةَ الْمُرَارِ فَإِنَّهُ يُحَطُّ عَنْهُ مَا حُطَّ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ قَالَ فَكَانَ أَوَّلَ مَنْ صَعِدَهَا خَيْلُنَا خَيْلُ بَنِي الْخَزْرَجِ ثُمَّ تَتَامَّ النَّاسُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُلُّكُمْ مَغْفُورٌ لَهُ إِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْأَحْمَرِ فَأَتَيْنَاهُ فَقُلْنَا لَهُ تَعَالَ يَسْتَغْفِرْ لَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَاللَّهِ لَأَنْ أَجِدَ ضَالَّتِي أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لِي صَاحِبُكُمْ قَالَ وَكَانَ رَجُلٌ يَنْشُدُ ضَالَّةً لَهُ {13} وحَدَّثَنَاه يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا قُرَّةُ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَصْعَدُ ثَنِيَّةَ الْمُرَارِ أَوِ الْمَرَارِ بِمِثْلِ حَدِيثِ مُعَاذٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَإِذَا هُوَ أَعْرَابِيٌّ جَاءَ يَنْشُدُ ضَالَّةً لَهُ [7040,7039,7038]

4972: حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو گھاٹی پر چڑھے گا —— مُرار کی گھاٹی پر —— اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے جس طرح بنی اسرائیل سے معاف ہوئے تھے۔ راوی کہتے ہیں اس پر سب سے پہلے ہمارے گھوڑے یعنی بنو خزرج کے گھوڑے چڑھے۔ پھر تمام لوگ آ گئے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے ہر ایک بخشا جائے گا۔ سوائے سُرخ اونٹ والے کے۔ ہم اس کے پاس آئے اور اس سے کہا آؤ کہ رسول اللہ ﷺ تیرے لئے مغفرت طلب کریں؟ اس نے کہا اللہ کی قسم میں اپنی گمشدہ اونٹنی پالوں تو یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ تمہارا ساتھی میرے لئے بخشش طلب کرے۔ راوی کہتے ہیں یہ شخص اپنی گمشدہ اونٹنی کا اعلان کر رہا تھا۔

ایک روایت میں (مَنْ يَصْعَدُ الثَّنِيَّةَ ثَنِيَّةَ الْمُرَارِ کی بجائے) مَنْ يَصْعَدُ ثَنِيَّةَ الْمُرَارِ اَوِ الْمَرَارِ کے الفاظ ہیں اور اس روایت میں یہ بھی ہے کہ دیکھو ایک بدّو تھا جو اپنی گمشدہ اونٹنی کا اعلان کر رہا تھا۔

4973 {14} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ وَهُوَ ابْنُ الْمُغِيرَةِ

4973: حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ ہم میں ایک شخص بنو نجار میں سے تھا۔ جس نے سورۃ البقرۃ

4972 : تخریج : ترمذی کتاب المناقب باب فیمن سب اصحاب النبی ﷺ 3863

4973 : تخریج : بخاری کتاب کتاب المناقب باب علامات النبوۃ فی الاسلام 3617

عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ مِنَّا رَجُلٌ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ قَدْ قَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ وَكَانَ يَكْتُبُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقَ هَارِبًا حَتَّى لَحِقَ بِأَهْلِ الْكِتَابِ قَالَ فَرَفَعُوهُ قَالُوا هَذَا قَدْ كَانَ يَكْتُبُ لِمُحَمَّدٍ فَأُعْجِبُوا بِهِ فَمَا لَبِثَ أَنْ قَصَمَ اللَّهُ عُنُقَهُ فِيهِمْ فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتِ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا ثُمَّ عَادُوا فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتِ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا ثُمَّ عَادُوا فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتِ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا فَتَرَكُوهُ مَنْبُوذًا [7040]

اور آل عمران پڑھی ہوئی تھی۔ وہ رسول اللہ ﷺ کا کاتب تھا۔ پھر وہ بھاگ گیا اور اہلِ کتاب سے جاملا۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے اس سے عزت و احترام کا سلوک کیا اور کہنے لگے یہ محمد (ﷺ) کا کاتب تھا۔ وہ اسے پاکر بہت خوش تھے۔ جبکہ وہ انہیں کے پاس تھا اللہ نے اس کی گردن توڑ دی۔ انہوں نے اس کے لئے گڑھا کھودا اور اسے دفن کر دیا لیکن زمین نے اسے نکال کر (زمین کی) سطح پر پھینک دیا۔ انہوں نے (دوبارہ) اس کے لئے گڑھا کھودا اور اُسے دفن کیا تو زمین نے اسے پھر باہر پھینک دیا۔ انہوں نے اس کے لئے پھر گڑھا کھودا اور اُسے دفن کیا۔ زمین نے اسے پھر نکال کر باہر پھینک دیا۔ پھر انہوں نے اسے یونہی پڑا رہنے دیا۔

4974 {15} حَدَّثَنِي أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا حَفْصٌ يَعْنِي ابْنَ غِيَاثٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَلَمَّا كَانَ قُرْبَ الْمَدِينَةِ هَاجَتْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ تَكَادُ أَنْ تَدْفِنَ الرَّاكِبَ فَزَعَمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثَتْ هَذِهِ الرِّيحُ لِمَوْتِ مُنَافِقٍ فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَإِذَا مُنَافِقٌ عَظِيمٌ مِنَ الْمُنَافِقِينَ قَدْ مَاتَ [7041]

4974: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک سفر سے تشریف لائے۔ جب آپؐ مدینہ کے قریب تھے تو شدید آندھی چلی۔ قریب تھا کہ وہ سوار کو دفن کر دے۔ راوی کا گمان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ آندھی کسی منافق کی موت کے لئے بھیجی گئی ہے۔ جب آپؐ مدینہ پہنچے تو منافقوں میں سے ایک بڑا سردار مر چکا تھا۔

4975 {16} حَدَّثَنِي عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى الْيَمَامِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ حَدَّثَنَا إِيَاسٌ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ عُدْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مَوْعُوكًا قَالَ فَوَضَعْتُ يَدِي عَلَيْهِ فَقُلْتُ وَاللَّهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ رَجُلًا أَشَدَّ حَرًّا فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَشَدَّ حَرًّا مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هَذَيْنِكَ الرَّجُلَيْنِ الرَّاكِبَيْنِ الْمُقَفِّيَيْنِ لِرَجُلَيْنِ حِينَئِذٍ مِنْ أَصْحَابِهِ [7042]

4975: ایاس کہتے ہیں میرے والد نے بتایا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک شخص کی عیادت کرنے گئے جسے بخار تھا۔ وہ کہتے ہیں میں نے اپنا ہاتھ اس پر رکھا اور کہا اللہ کی قسم! میں نے آج کے دن تک کسی شخص کو اتنا زیادہ گرم نہیں دیکھا تھا۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں اس شخص کے بارہ میں نہ بتاؤں جس کا جسم قیامت کے دن اس سے بھی زیادہ گرم ہوگا۔ یہ دو سوار شخص جو اپنی گردن موڑے جا رہے ہیں۔ آپؐ نے اپنے ساتھیوں میں سے دو مردوں کی طرف اشارہ کیا۔

4976 {17} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي الثَّقَفِيَّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ الشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ تَعِيرُ إِلَى هَذِهِ مَرَّةً وَإِلَى هَذِهِ مَرَّةً حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ تَكِرُّ فِي هَذِهِ مَرَّةً وَفِي هَذِهِ مَرَّةً [7044,7043]

4976: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا منافق کی مثال اس بکری کی طرح ہے جو دو ریوڑوں کے درمیان پریشان ہے کبھی اس کی طرف جاتی ہے کبھی اس کی طرف۔

ایک روایت میں (تَعِيرُ إِلَى هَذِهِ مَرَّةً وَ إِلَى هَذِهِ مَرَّةً کی بجائے) تَكِرُّ فِي هَذِهِ مَرَّةً وَفِي هَذِهِ مَرَّةً کے الفاظ ہیں۔

4976 : تخريج : نسائی كتاب الايمان و شرائعه مثل المنافق 5037

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ "صِفَةُ الْقِيَامَةِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ"

کتاب قیامت اور جنت اور دوزخ کا بیان

[1]14: بَاب صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ

قیامت اور جنت اور دوزخ کا بیان

4977{18} حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِي الْمُغِيرَةُ يَعْنِي الْحِزَامِيَّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّهُ لَيَأْتِي الرَّجُلُ الْعَظِيمُ السَّمِينُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يَزِنُ عِنْدَ اللَّهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ اقْرَءُوا فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا [7045]

4977: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن ایک بہت بڑا موٹا آدمی آئے گا وہ اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے برابر بھی وزن نہیں رکھتا ہوگا۔ (یہ آیت) پڑھو فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا (ترجمہ) اور قیامت کے دن ہم انہیں کوئی وزن نہیں دیں گے۔☆

4978{19} حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا فُضَيْلٌ يَعْنِي ابْنَ عِيَاضٍ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ جَاءَ حِبْرٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ أَوْ يَا أَبَا الْقَاسِمِ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ

4978: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں ایک یہودی عالم نبی ﷺ کے پاس آیا اور اُس نے کہا اے محمدؐ! یا (کہا) اے ابوالقاسم! یقیناً اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آسمانوں کو ایک انگلی پر اٹھائے ہوگا اور زمینوں کو ایک انگلی پر اور پہاڑوں اور درختوں کو ایک انگلی پر اور پانی اور مٹی کو ایک انگلی پر اور باقی تمام

4977: تخریج : **بخاری** کتاب التفسیر باب اولئک الذین کفروا بآیاتهم ربهم... 4729

4978 : اطراف : **مسلم** کتاب صفة القيامة والجنة والنار 4979

تخریج : **بخاری** کتاب التفسير باب قوله وما قدروا الله حق قدره 4811 كتاب التوحيد باب قول الله تعالیٰ لما خلقت بيدیّ 7414، 7415 باب قول الله تعالیٰ ان الله يمسك السمٰوات ... 7451 باب كلام الربّ عزّوجل يوم القيامة مع الانبياء وغيرهم 7513 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الزمر 3238، 3240، 3241، 3242

☆**الکھف: 106**

يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى إِصْبَعٍ وَالْأَرَضِينَ عَلَى إِصْبَعٍ وَالْجِبَالَ وَالشَّجَرَ عَلَى إِصْبَعٍ وَالْمَاءَ وَالثَّرَى عَلَى إِصْبَعٍ وَسَائِرَ الْخَلْقِ عَلَى إِصْبَعٍ ثُمَّ يَهُزُّهُنَّ فَيَقُولُ أَنَا الْمَلِكُ أَنَا الْمَلِكُ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَجُّبًا مِمَّا قَالَ الْحَبْرُ تَصْدِيقًا لَهُ ثُمَّ قَرَأَ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ {20} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ كِلَاهُمَا عَنْ جَرِيرٍ عَنْ مَنْصُورٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ جَاءَ حَبْرٌ مِنْ الْيَهُودِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ فُضَيْلٍ وَلَمْ يَذْكُرْ ثُمَّ يَهُزُّهُنَّ وَقَالَ فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ تَعَجُّبًا لِمَا قَالَ تَصْدِيقًا لَهُ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَتَلَا الْآيَةَ [7047,7046]

مخلوق کو ایک انگلی پر۔ پھر ان کو ہلائے گا اور فرمائے گا میں بادشاہ ہوں، میں بادشاہ ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے (یہودی) عالم کی بات پر تعجب کرتے ہوئے اور اس کی تصدیق میں ہنسے۔ پھر آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی وَمَا قَدَرُوْاللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ.... (ترجمہ) اور انہوں نے اللہ کی قدر نہیں کی جیسا کہ اس کی قدر کا حق تھا اور قیامت کے دن زمین تمام تر اسی کے قبضہ میں ہوگی اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے وہ پاک ہے اور بہت بلند ہے اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں۔☆

5006: قتادہ سے روایت ہے ہمیں حضرت انس بن مالکؓ نے بتایا کہ ایک شخص نے کہا یا رسولؐ اللہ! قیامت کے دن کافر کا حشر منہ کے بل کس طرح ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا کیا وہ ذات جس نے اسے اس دنیا میں دو پاؤں پر چلایا ہے اس بات پر قادر نہیں کہ وہ اسے قیامت کے دن منہ کے بل چلائے۔ قتادہ نے کہا کیوں نہیں، ہمارے رب کی عزت کی قسم!

[12]26: بَاب صَبْغِ أَنْعَمِ أَهْلِ الدُّنْيَا فِي النَّارِ وَصَبْغِ أَشَدِّهِمْ بُؤْسًا فِي الْجَنَّةِ

دنیا میں سب سے زیادہ نعمتوں والے شخص کا دوزخ میں غوطہ دیئے جانے اور سب سے زیادہ دکھ اٹھانے والے کا جنت میں غوطہ دیئے جانے کا بیان

5007{55} حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتَى بِأَنْعَمِ أَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُصْبَغُ فِي النَّارِ

5007: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن دوزخیوں میں سے دنیا والوں میں سب سے زیادہ نعمتوں والا شخص لایا جائے گا اور اسے آگ میں ایک غوطہ دیا جائے گا پھر کہا جائے گا اے ابن آدم! کیا تو نے کبھی

5006: تخریج: بخاری كتاب التفسير باب قوله الذين يحشرون على وجوههم ... 4760 كتاب الرقاق باب الحشر 6523

صَبْغَةً ثُمَّ يُقَالُ يَا ابْنَ آدَمَ هَلْ رَأَيْتَ خَيْرًا قَطُّ هَلْ مَرَّ بِكَ نَعِيمٌ قَطُّ فَيَقُولُ لَا وَاللَّهِ يَا رَبِّ وَيُؤْتَى بِأَشَدِّ النَّاسِ بُؤْسًا فِي الدُّنْيَا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيُصْبَغُ صَبْغَةً فِي الْجَنَّةِ فَيُقَالُ لَهُ يَا ابْنَ آدَمَ هَلْ رَأَيْتَ بُؤْسًا قَطُّ هَلْ مَرَّ بِكَ شِدَّةٌ قَطُّ فَيَقُولُ لَا وَاللَّهِ يَا رَبِّ مَا مَرَّ بِي بُؤْسٌ قَطُّ وَلَا رَأَيْتُ شِدَّةً قَطُّ [7088]

خیر دیکھی ہے؟ کیا کبھی نعمت تیرے پاس سے گزری ہے؟ وہ کہے گا نہیں اللہ کی قسم! اے میرے رب! پھر جنتیوں میں سے اسی شخص کو لایا جائے گا جو دنیا میں سب سے زیادہ دکھی تھا اور اسے جنت میں ایک غوطہ دیا جائے گا اور اسے کہا جائے گا اے ابن آدم! کیا کبھی تکلیف دیکھی ؟ کیا کبھی کوئی دکھ تیرے پاس سے گذرا؟ وہ کہے گا نہیں اللہ کی قسم! اے میرے رب۔ نہ کبھی مجھے تکلیف دہ حالات کا سامنا ہوا اور نہ کبھی کوئی مشکل پیش آئی اور نہ میں نے کبھی کسی قسم کی سختی دیکھی۔

[13]27: بَاب جَزَاءِ الْمُؤْمِنِ بِحَسَنَاتِهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَتَعْجِيلِ حَسَنَاتِ الْكَافِرِ فِي الدُّنْيَا

مومن کواس کی نیکیوں کا بدلہ دنیا وآخرت میں ملنے اور کافر کواس کی نیکیوں کا بدلہ دنیا میں جلدی ملنے کا بیان

5008{56} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مُؤْمِنًا حَسَنَةً يُعْطَى بِهَا فِي الدُّنْيَا وَيُجْزَى بِهَا فِي الْآخِرَةِ وَأَمَّا الْكَافِرُ فَيُطْعَمُ بِحَسَنَاتِ مَا عَمِلَ بِهَا لِلَّهِ فِي الدُّنْيَا حَتَّى إِذَا أَفْضَى إِلَى الْآخِرَةِ لَمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَةٌ يُجْزَى بِهَا [7089]

5008: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کسی مومن کی ایک نیکی پر بھی کمی نہیں کرتا۔ اس کا دنیا میں بھی بدلہ دیا جاتا ہے اور اسے اس کا آخرت میں بھی بدلہ دیا جائے گا اور جو کافر ہے اسے اس کی نیکیوں کا بدلہ جو اس نے اللہ کے لئے کیں دنیا میں دے دیا جاتا ہے یہانتک کہ جب وہ آخرت میں جائے گا تو اس کی کوئی نیکی نہیں ہوگی جس کی اسے جزاء دی جائے۔

5008: اطراف: مسلم کتاب صفة القيامة والجنة والنار باب جزاء المؤمن بحسناته فى الدنيا ... 5009

5009{57} حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ حَدَّثَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْكَافِرَ إِذَا عَمِلَ حَسَنَةً أُطْعِمَ بِهَا طُعْمَةً مِنَ الدُّنْيَا وَأَمَّا الْمُؤْمِنُ فَإِنَّ اللَّهَ يَدَّخِرُ لَهُ حَسَنَاتِهِ فِي الْآخِرَةِ وَيُعْقِبُهُ رِزْقًا فِي الدُّنْيَا عَلَى طَاعَتِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الرُّزِّيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِهِمَا [7091,7090]

5009: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کافر کوئی اچھا کام کرتا ہے تو اسے اس کا بدلہ دنیا میں ہی دیا جاتا ہے اور جو مومن ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کی نیکیوں کا آخرت کے لئے ذخیرہ کرتا ہے اور دنیا میں اس کو اپنی اطاعت کی بناء پر رزق دیتا ہے۔

[14]28: بَاب: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَالزَّرْعِ وَمَثَلُ الْكَافِرِ كَشَجَرِ الْأَرْزِ

باب: مومن کی مثال کھیتی کی طرح اور کافر کی مثال صنوبر کے درخت کی طرح ہے

5010{58} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الزَّرْعِ لَا تَزَالُ الرِّيحُ تُمِيلُهُ وَلَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ يُصِيبُهُ الْبَلَاءُ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ شَجَرَةِ الْأَرْزِ لَا تَهْتَزُّ حَتَّى تَسْتَحْصِدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا

5010: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن کی مثال کھیتی کی طرح ہے جسے ہوا ہمیشہ جھکاتی رہتی ہے اور مومن پر ہمیشہ آزمائش وارد ہوتی رہتی ہے اور منافق کی مثال صنوبر کے درخت کی سی ہے جو ہلتا نہیں یہانتک کہ وہ اسے کاٹ کر رکھ دیتی ہے۔

عبدالرزاق کی روایت میں (تُمِيلُهُ کی بجائے) تُفِيئُهُ کے الفاظ ہیں (یہ الفاظ قریباً ہم معنی ہیں۔)

5009: اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب جزاء المؤمن بحسناته في الدنيا ... 5008

5010: اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب مثل المؤمن كزرع ومثل الكافر ... 5011، 5012

تخريج: بخارى كتاب المرضىٰ باب ماجاء في كفارة المرض 5643، 5644 ترمذى كتاب الامثال باب ماجاء في مثل المؤمن القارى للقرآن .. 2866 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ تؤتى الملك من تشاء 7466

مَعْمَرٌ عنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَاد غَيْرَ أَنَّ في حَديث عَبْدِ الرَّزَّاقِ مَكَانَ قَوْله تُميلُهُ تُفيئُهُ[7093,7092]

5011{59} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّه بْنُ نُمَيْرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ بشْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ أَبِي زَائدَةَ عَنْ سَعْد بْن إِبْرَاهيمَ حَدَّثَني ابْنُ كَعْب بْنِ مَالك عَنْ أَبيه كَعْب قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمنِ كَمَثَلِ الْخَامَة منَ الزَّرْعِ تُفيئُهَا الرِّيحُ تَصْرَعُهَا مَرَّةً وَتَعْدلُهَا أُخْرَى حَتَّى تَهيجَ وَمَثَلُ الْكَافرِ كَمَثَلِ الْأَرْزَة الْمُجْذيَة عَلَى أَصْلهَا لَا يُفيئُهَا شَيْءٌ حَتَّى يَكُونَ انْجعَافُهَا مَرَّةً وَاحدَةً[7094]

5011: حضرت کعبؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن کی مثال کھڑی فصل کی طرح ہے جسے ہوا جھکاتی ہے اور کبھی اسے گراتی ہے کبھی اسے کھڑا کرتی ہے یہانتک کہ وہ پک کر تیار ہو جاتی ہے اور کافر کی مثال صنوبر کے درخت کی طرح ہے جو اپنی جڑ پر کھڑا رہتا ہے جسے کوئی چیز نہیں جھکاتی۔ پھر اس کا اکھڑنا بیک دفعہ ہوتا ہے۔

5012{60} حَدَّثَني زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْديٍّ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْد بْنِ إِبْرَاهيمَ عَنْ عَبْد الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْب بْنِ مَالك عَنْ أَبيه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمنِ كَمَثَلِ الْخَامَة منَ الزَّرْعِ تُفيئُهَا الرِّيَاحُ

5012: عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن کی مثال کھڑی فصل کی طرح ہے جسے ہوا جھکاتی ہے کبھی اسے گراتی ہے کبھی اُسے کھڑا کر دیتی ہے یہانتک کہ اس کا وقت آجاتا ہے اور منافق کی مثال صنوبر کے درخت کی طرح ہے جو اپنی جڑ پر کھڑا

5011: اطراف: **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب مثل المؤمن كزرع ومثل الكافر ... 5010، 5012
تخريج: **بخاری** كتاب المرضیٰ باب ماجاء فی كفارة المرض 5643، 5644 **ترمذی** كتاب الامثال باب ماجاء فی مثل المؤمن القاری للقرآن .. 2866 كتاب التوحيد باب قول الله تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء 7466

5012: اطراف: **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب مثل المؤمن كزرع ومثل الكافر ... 5010، 5011
تخريج: **بخاری** كتاب المرضیٰ باب ماجاء فی كفارة المرض 5643، 5644 **ترمذی** كتاب الامثال باب ماجاء فی مثل المؤمن القاری للقرآن .. 2866 كتاب التوحيد باب قول الله تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء 7466

تَصْرَعُهَا مَرَّةً وَتَعْدِلُهَا حَتَّى يَأْتِيَهُ أَجَلُهُ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ مَثَلُ الْأَرْزَةِ الْمُجْذِيَةِ الَّتِي لَا يُصِيبُهَا شَيْءٌ حَتَّى يَكُونَ انْجِعَافُهَا مَرَّةً وَاحِدَةً {61} وحَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَمَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَا حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ أَنَّ مَحْمُودًا قَالَ فِي رِوَايَتِهِ عَنْ بِشْرٍ وَمَثَلُ الْكَافِرِ كَمَثَلِ الْأَرْزَةِ وَأَمَّا ابْنُ حَاتِمٍ فَقَالَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَا قَالَ زُهَيْرٌ {62} و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ هَاشِمٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ ابْنُ هَاشِمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ وقَالَ ابْنُ بَشَّارٍ عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ وَقَالَا جَمِيعًا فِي حَدِيثِهِمَا عَنْ يَحْيَى وَمَثَلُ الْكَافِرِ مَثَلُ الْأَرْزَةِ[7097,7096,7095]

رہتا ہے۔اس پر کوئی آفت نہیں آتی یہاںتک کہ اس کا اکھڑنا یک دفعہ ہوتا ہے۔
ایک روایت میں مَثَلُ الْكَافِرِ كَمَثَلِ الْأَرْزَةِ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں مَثَلُ الْكَافِرِ مَثَلُ الْأَرْزَةِ کے الفاظ ہیں۔

[15]29:بَاب: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ النَّخْلَةِ

باب: مومن کی مثال کھجور کے درخت کی طرح ہے

5013{63}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَاللَّفْظُ

5013:حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً درختوں میں سے

5013 :اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب مثل المؤمن مثل النخلة 5014 ، 5015

لِيَحْيَى قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لَا يَسْقُطُ وَرَقُهَا وَإِنَّهَا مَثَلُ الْمُسْلِمِ فَحَدِّثُونِي مَا هِيَ فَوَقَعَ النَّاسُ فِي شَجَرِ الْبَوَادِي قَالَ عَبْدُ اللَّهِ وَوَقَعَ فِي نَفْسِي أَنَّهَا النَّخْلَةُ فَاسْتَحْيَيْتُ ثُمَّ قَالُوا حَدِّثْنَا مَا هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَقَالَ هِيَ النَّخْلَةُ قَالَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِعُمَرَ قَالَ لَأَنْ تَكُونَ قُلْتَ هِيَ النَّخْلَةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا [7098]

ایک درخت ہے جس کا پت جھڑ نہیں ہوتا اور وہ مسلمان کی مثال ہے۔ مجھے بتاؤ کہ وہ کونسا درخت ہے۔لوگوں کا خیال جنگل کے درختوں کی طرف گیا۔ حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں میرے دل میں خیال آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے لیکن میں شرما گیا۔ پھر صحابہؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہمیں بتایئے کہ وہ کونسا درخت ہے؟ راوی کہتے ہیں آپؐ نے فرمایا وہ کھجور کا درخت ہے۔ وہ (حضرت عبداللہؓ) کہتے ہیں میں نے اس بات کا ذکر حضرت عمرؓ سے کیا تو انہوں نے کہا اگر تم کہہ دیتے کہ وہ کھجور کا درخت ہے تو مجھے فلاں،فلاں چیز سے (بھی) زیادہ پسند ہوتا۔

5014{64} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْغُبَرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ الضُّبَعِيِّ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا لِأَصْحَابِهِ أَخْبِرُونِي عَنْ شَجَرَةٍ مَثَلُهَا مَثَلُ الْمُؤْمِنِ فَجَعَلَ الْقَوْمُ يَذْكُرُونَ شَجَرًا مِنْ شَجَرِ الْبَوَادِي قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَأُلْقِيَ فِي نَفْسِي

5014: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن اپنے صحابہؓ سے فرمایا مجھے بتاؤ وہ کون سا درخت ہے جس کی مثال مومن کی مثال ہے؟ لوگ جنگل کے درختوں میں سے درختوں کا ذکر کرنے لگے۔ حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں میرے دل میں خیال آیا کہ وہ کھجور ہے میں اسے بیان کرنے کا ارادہ کرنے لگا مگر وہاں بزرگ لوگ موجود تھے

تخریج : بخاری کتاب العلم باب قول المحدث حدثنا واخبرنا وانبأنا 61 باب طرح الامام المسألة علی اصحابه ... 62 باب الفهم من العلم 72 باب الحیاء فی العلم 131 کتاب البیوع باب بیع الجمار واکله 2209 کتاب التفسیر باب قوله کشجرة طیبة اصلها ثابت ... 4698 کتاب الادب باب مالا یستحیا من الحق ... 6122 باب اکرام الکبیر ویبدأ الاکبر ... 6144 **ترمذی** کتاب الامثال باب ماجاء فی مثل المؤمن القاری للقرآن... 2867

5014 : اطراف: مسلم کتاب صفة القیامة والجنة والنار باب مثل المؤمن مثل النخلة 5013 ، 5015

تخریج: بخاری کتاب العلم باب قول المحدث حدثنا واخبرنا وانبأنا 61 باب طرح الامام المسألة علی اصحابه ... 62 باب الفهم من العلم 72 باب الحیاء فی العلم 131 کتاب البیوع باب بیع الجمار واکله 2209 کتاب التفسیر باب قوله کشجرة طیبة اصلها ثابت ... 4698 کتاب الادب باب مالا یستحیا من الحق ... 6122 باب اکرام الکبیر ویبدأ الاکبر ... 6144 **ترمذی** کتاب الامثال باب ماجاء فی مثل المؤمن القاری للقرآن... 2867

أَوْ رُوعِيَ أَنَّهَا النَّخْلَةُ فَجَعَلْتُ أُرِيدُ أَنْ أَقُولَهَا فَإِذَا أَسْنَانُ الْقَوْمِ فَأَهَابُ أَنْ أَتَكَلَّمَ فَلَمَّا سَكَتُوا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ النَّخْلَةُ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا حَدِيثًا وَاحِدًا قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُتِيَ بِجُمَّارٍ فَذَكَرَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمَا و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سَيْفٌ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجُمَّارٍ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ [7101,7100,7099]

اس لئے میں بات کرنے سے ڈرا۔ پس جب وہ خاموش ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ کھجور ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ میں مدینہ تک (کے سفر میں) حضرت ابن عمرؓ کے ساتھ تھا۔ میں نے انہیں رسول اللہ ﷺ سے صرف ایک روایت کرتے ہوئے سنا۔ انہوں نے بیان کیا ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے تو آپؐ کے پاس کھجور کے پودے کا گودا لایا گیا۔

ایک روایت میں (فَأُتِيَ بِجُمَّارٍ کی بجائے) أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِجُمَّارٍ کے الفاظ ہیں۔

5015{55} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَخْبِرُونِي بِشَجَرَةٍ شِبْهِ أَوْ كَالرَّجُلِ الْمُسْلِمِ لَا يَتَحَاتُّ وَرَقُهَا قَالَ إِبْرَاهِيمُ لَعَلَّ مُسْلِمًا

5015: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے تو آپؐ نے فرمایا مجھے اس درخت کے بارہ میں بتاؤ جو مسلمان شخص کی طرح ہے اس کے پتے نہیں جھڑتے۔ (راوی) ابراہیم کہتے ہیں کہ — شاید مُسلِم نے کہا تھا وَتُؤْتِيْ اُكُلَهَا — اور اس طرح میں نے اپنے علاوہ دوسروں کے

5015: اطراف : **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب مثل المؤمن مثل النخلة 5013 ، 5014

تخريج : **بخارى** كتاب العلم باب قول المحدث حدثنا واخبرنا وانبأنا 61 باب طرح الامام المسألة على اصحابه ... 62 باب الفهم من العلم 72 باب الحياء فى العلم 131 كتاب البيوع باب بيع الجمار واكله 2209 كتاب التفسير باب قوله كشجرة طيبة اصلها ثابت ... 4698 كتاب الادب باب مالا يستحيا من الحق ... 6122 باب اكرام الكبير ويبدأ الاكبر ... 6144 **ترمذى** كتاب الامثال باب ماجاء فى مثل المؤمن القارى للقرآن... 2867

قَالَ وَتُؤْتِي أُكُلَهَا وَكَذَا وَجَدْتُ عِنْدَ غَيْرِي أَيْضًا وَلَا تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَوَقَعَ فِي نَفْسِي أَنَّهَا النَّخْلَةُ وَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لَا يَتَكَلَّمَانِ فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ أَوْ أَقُولَ شَيْئًا فَقَالَ عُمَرُ لَأَنْ تَكُونَ قُلْتَهَا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا [7102]

پاس وَ لَا تُؤْتِيْ اُكُلَهَا کے الفاظ موجود پائے۔ حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں میرے دل میں آیا کہ وہ کھجور ہے میں نے دیکھا کہ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ بات نہیں کر رہے تو میں نے بھی بات کرنے کو یا کچھ کہنے کو مناسب نہیں سمجھا۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں تمہارا یہ کہہ دینا مجھے فلاں فلاں چیز سے (بھی) زیادہ محبوب ہوتا۔

[16]30: بَاب: تَحْرِيشُ الشَّيْطَانِ وَبَعْثُهُ سَرَايَاهُ لِفِتْنَةِ النَّاسِ وَأَنَّ مَعَ كُلِّ إِنْسَانٍ قَرِينًا

باب: لوگوں میں فتنہ ڈالنے کے لئے شیطان کا انگیخت کرنا اور اس کا اپنے لشکر بھجوانا اور یہ کہ ہر انسان کے ساتھ ایک ساتھی ہوتا ہے

5016{65} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ أَنْ يَعْبُدَهُ الْمُصَلُّونَ فِي جَزِيرَةِ الْعَرَبِ وَلَكِنْ فِي التَّحْرِيشِ بَيْنَهُمْ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [7104,7103]

5016: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا۔ یقیناً شیطان اس بات سے مایوس ہو گیا ہے کہ جزیرۂ عرب میں مسلمان اس کی عبادت کریں لیکن وہ ان کے درمیان فساد ڈالنے سے (مایوس نہیں ہوا)۔

5016: تخریج : ترمذی کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی التباغض 1937

5017{66} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ عَرْشَ إِبْلِيسَ عَلَى الْبَحْرِ فَيَبْعَثُ سَرَايَاهُ فَيَفْتِنُونَ النَّاسَ فَأَعْظَمُهُمْ عِنْدَهُ أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً [7105]

5017: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا یقیناً ابلیس کا تخت سمندر پر ہے۔ وہ اپنے لشکر بھیجے گا اور وہ لوگوں میں فتنہ ڈالیں گے۔ ان میں سے اس کے نزدیک سب سے بڑا وہ ہے جو فتنہ ڈالنے میں ان میں سب سے بڑا ہے۔

5018{67} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِأَبِي كُرَيْبٍ قَالَا أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ إِبْلِيسَ يَضَعُ عَرْشَهُ عَلَى الْمَاءِ ثُمَّ يَبْعَثُ سَرَايَاهُ فَأَدْنَاهُمْ مِنْهُ مَنْزِلَةً أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً يَجِيءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُولُ فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا فَيَقُولُ مَا صَنَعْتَ شَيْئًا قَالَ ثُمَّ يَجِيءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُولُ مَا تَرَكْتُهُ حَتَّى فَرَّقْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ امْرَأَتِه قَالَ فَيُدْنِيه مِنْهُ وَيَقُولُ نِعْمَ أَنْتَ قَالَ الْأَعْمَشُ أُرَاهُ قَالَ فَيَلْتَزِمُهُ [7106]

5018: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابلیس اپنا عرش پانی پر رکھے گا۔ پھر وہ اپنے لشکر بھیجے گا ان میں سے اس کا سب سے زیادہ مقرب وہ ہوتا ہے جو اُن میں سے سب سے زیادہ فتنہ پرداز ہے۔ ان میں سے ایک آکر کہتا ہے میں نے فلاں فلاں کام کیا۔ وہ کہتا ہے تم نے کچھ نہیں کیا۔ راوی کہتے ہیں پھر دوسرا آتا ہے اور کہتا ہے میں نے چھوڑا نہیں یہانتک کہ میں نے فلاں شخص اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈالدی ہے۔ پھر وہ اسے اپنے قریب کرے گا اور کہے گا تم بہت ہی اچھے ہو۔ اعمش کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ وہ اس کو اپنے ساتھ چمٹا لیتا ہے۔

5019{68} حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ

5019: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ شیطان اپنے لشکر بھیجے

5017 : اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب تحريش الشيطان وبعثه ... 5018 ، 5019

5018: اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب تحريش الشيطان وبعثه ... 5017 ، 5019

5019 : اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب تحريش الشيطان وبعثه ... 5017 ، 5018

عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَبْعَثُ الشَّيْطَانُ سَرَايَاهُ فَيَفْتِنُونَ النَّاسَ فَأَعْظَمُهُمْ عِنْدَهُ مَنْزِلَةً أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً[7107]

گا اور وہ لوگوں میں فتنہ ڈالیں گے۔ان میں سے اس کے نزدیک سب سے زیادہ صاحبِ منزلت وہ ہوگا ہے جو سب سے بڑھ کر فتنہ پرداز ہوگا۔

5020{69} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ وُكِّلَ بِهِ قَرِينُهُ مِنَ الْجِنِّ قَالُوا وَإِيَّاكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَإِيَّايَ إِلَّا أَنَّ اللَّهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ فَلَا يَأْمُرُنِي إِلَّا بِخَيْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ يَعْنِيَانِ ابْنَ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ كِلَاهُمَا عَنْ مَنْصُورٍ بِإِسْنَادِ جَرِيرٍ مِثْلَ حَدِيثِهِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ سُفْيَانَ وَقَدْ وُكِّلَ بِهِ قَرِينُهُ مِنَ الْجِنِّ وَقَرِينُهُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ[7109,7108]

5020: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی ایسا نہیں مگر اس کے ساتھ اس کا ساتھی جنّو ں میں سے مقرر کیا گیا ہے۔انہوں (صحابہؓ) نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا آپؐ کے ساتھ بھی؟ آپؐ نے فرمایا میرے ساتھ بھی، لیکن اللہ نے اس کے خلاف میری مدد فرمائی ہے اور وہ مسلمان ہو گیا ہے اور وہ مجھے خیر ہی کی تلقین کرتا ہے۔

ایک روایت میں (قَدْ وُكِّلَ بِهِ قَرِينُهُ مِنَ الْجِنّ کی بجائے) قَدْ وُكِّلَ بِهِ قَرِينُهُ مِنَ الْجِنّ وَقَرِينُهُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ کے الفاظ ہیں۔

5021{70} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ حَدَّثَهُ أَنَّ عُرْوَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا

5021: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک رات رسول اللہ ﷺ ان کے پاس سے گئے۔وہ کہتی ہیں مجھے اس پر غیرت آئی۔آپؐ آئے تو آپؐ نے ملاحظہ فرمایا جو میں کر رہی تھی آپؐ نے فرمایا تمہیں کیا ہوا ہے عائشہ کیا غیرت آ گئی ہے؟ میں نے

لَيْلًا قَالَتْ فَغِرْتُ عَلَيْهِ فَجَاءَ فَرَأَى مَا أَصْنَعُ فَقَالَ مَا لَكِ يَا عَائِشَةُ أَغِرْتِ فَقُلْتُ وَمَا لِي لَا يَغَارُ مِثْلِي عَلَى مِثْلِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَدْ جَاءَكِ شَيْطَانُكِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَوْ مَعِيَ شَيْطَانٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَمَعَ كُلِّ إِنْسَانٍ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَمَعَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ نَعَمْ وَلَكِنْ رَبِّي أَعَانَنِي عَلَيْهِ حَتَّى أَسْلَمَ [7110]

کہا مجھے کیا ہوا ہے کہ مجھ جیسی (عورت) کو آپؐ جیسے (مرد) کے ہاں غیرت نہ آتی؟ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تیرے پاس تیرا شیطان آیا ہے۔ انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! کیا میرے ساتھ شیطان ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ میں نے کہا اور کیا ہر انسان کے ساتھ؟ آپؐ نے فرمایا ہاں میں نے کہا اور آپ کے ساتھ بھی یارسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا ہاں لیکن میرے رب نے اسکے مقابلہ میں میری مدد فرمائی ہے۔ یہانتک کہ وہ مسلمان ہو گیا۔

[17] 31: بَاب: لَنْ يَدْخُلَ أَحَدٌ الْجَنَّةَ بِعَمَلِهِ بَلْ بِرَحْمَةِ اللَّهِ تَعَالَى

باب: کوئی شخص بھی اپنے عمل کی وجہ سے نہیں بلکہ اللہ کی رحمت کی بدولت جنت میں داخل ہوگا

5022 {71} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَنْ يُنْجِيَ أَحَدًا مِنْكُمْ عَمَلُهُ قَالَ رَجُلٌ وَلَا إِيَّاكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَلَا إِيَّايَ إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللَّهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ وَلَكِنْ سَدِّدُوا و حَدَّثَنِيهِ يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّدَفِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ بِرَحْمَةٍ مِنْهُ وَفَضْلٍ وَلَمْ يَذْكُرْ وَلَكِنْ سَدِّدُوا [7111,7112]

5022: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کسی شخص کو ہرگز اس کا عمل نجات نہیں دے گا۔ ایک شخص نے کہا کیا آپؐ کو بھی نہیں یارسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا مجھے بھی نہیں سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے مجھے ڈھانپ لے لیکن تم سیدھا راستہ اختیار کرو۔ ایک روایت میں (اَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ کی بجائے) اَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ مِنْهُ وَفَضْلٍ کے الفاظ ہیں۔ مگر اس روایت میں وَلَكِنْ سَدِّدُوا کے الفاظ نہیں ہیں۔

5022 : اطراف: **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب لن يدخل احد الجنة يعمله ...5023 ، 5024 ، 5025 ، 5026 ، 5027 ، 5028 ، 5029

تخريج: بخاری كتاب الايمان باب احب الدين الى الله ادومه 43 كتاب التهجد باب من نام عند السحر 1132 كتاب الصوم باب صوم شعبان 1970 باب هل يخص شيئاً من الايّام؟ 1987 كتاب الرقاق باب القصد والمداومة على العمل 6461 ، 6462 ، 6463، 6464 ، 6465 ، 6466 ، 6467 **نسائی** كتاب القبلة المصلى يكون بينه 762 كتاب قيام الليل وتطوع النهار باب وقت القيام 1616 الاختلاف على عائشة ... 1642 باب صلاة القاعد فى النافلة 1652، 1654، 1655 كتاب الايمان وشرائعه احب الدين الى الله عزّ وجل 5035 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب مايؤمر به من القصد فى الصلاة 1368 ، 1370 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب المداومة على العمل 4237، 4238

5023{72}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ أَحَدٍ يُدْخِلُهُ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ فَقِيلَ وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِي رَبِّي بِرَحْمَةٍ[7113]

5023: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کسی کو بھی اس کا عمل جنت میں داخل نہیں کرے گا۔ کہا گیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کو بھی نہیں؟ آپؐ نے فرمایا مجھے بھی نہیں سوائے اس کے کہ میرا رب مجھے رحمت سے ڈھانپ لے۔

5024{73}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْكُمْ يُنْجِيهِ عَمَلُهُ قَالُوا وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللَّهُ مِنْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَرَحْمَةٍ وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ بِيَدِهِ هَكَذَا وَأَشَارَ عَلَى رَأْسِهِ وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللَّهُ مِنْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَرَحْمَةٍ[7114]

5024: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں نبی ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کا عمل اسے نجات دے۔ انہوں (صحابہؓ) نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اور آپؐ کو بھی نہیں؟۔ آپؐ نے فرمایا ہاں مجھے بھی نہیں سوائے اس کے کہ اللہ مجھے اپنی جناب سے مغفرت اور رحمت کے ساتھ ڈھانپ لے —— (راوی) ابن عون نے اپنا ہاتھ اس طرح کیا اور اپنے سر کے اوپر اشارہ کیا —— اور مجھے بھی نہیں سوائے اس کے کہ اللہ مجھے اپنی جناب سے مغفرت اور رحمت سے ڈھانپ لے۔

5023 : اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب لن يدخل احد الجنة يعمله ...5022 ، 5024 ، 5025 ، 5026 ، 5027 ، 5028، 5029

تخريج: بخاری كتاب الايمان باب احب الدين الى الله ادومه43 كتاب التهجد باب من نام عند السحر 1132 كتاب الصوم باب صوم شعبان 1970 باب هل يخص شيئاً من الايّام؟ 1987 كتاب الرقاق باب القصد والمداومة على العمل 6461 ، 6462 ، 6463، 6464 ، 6465 ، 6466 ، 6467 **نسائی** كتاب القبلة المصلى يكون بينه762 كتاب قيام الليل وتطوع النهار باب وقت القيام 1616 الاختلاف على عائشة ... 1642 باب صلاة القاعد فى النافلة 1652، 1654، 1655 كتاب الايمان وشرائعه احب الدين الى الله عزّ وجل 5035 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب مايؤمر به من القصد فى الصلاة 1368 ، 1370 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب المداومة على العمل 4237، 4238

5024: اطراف : مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب لن يدخل احد الجنة يعمله ...5022 ، 5023 ، 5025 ، 5026 ، 5027 ، 5028

تخريج: بخاری كتاب الايمان باب احب الدين الى الله ادومه43 كتاب التهجد باب من نام عند السحر 1132 كتاب الصوم باب صوم شعبان 1970 باب هل يخص شيئاً من الايّام؟ 1987 كتاب الرقاق باب القصد والمداومة على العمل 6461 ، 6462 ، 6463، 6464 ، 6465 ، 6466 ، 6467 **نسائی** كتاب القبلة المصلى يكون بينه762 كتاب قيام الليل وتطوع النهار باب وقت القيام 1616 الاختلاف على عائشة ... 1642 باب صلاة القاعد فى النافلة 1652، 1654، 1655 كتاب الايمان وشرائعه احب الدين الى الله عزّ وجل 5035 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب مايؤمر به من القصد فى الصلاة 1368 ، 1370 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب المداومة على العمل 4237، 4238

5025{74}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ أَحَدٌ يُنْجِيهِ عَمَلُهُ قَالُوا وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَدَارَكَنِيَ اللَّهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ[7115]

5025: حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی شخص بھی ایسا نہیں جس کو اس کا عمل نجات دلا دے۔ انہوں (صحابہؓ) نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کو بھی نہیں فرمایا اور مجھے بھی نہیں سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت سے آ ملے۔

5026{75} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَبَّادٍ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يُدْخِلَ أَحَدًا مِنْكُمْ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ قَالُوا وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللَّهُ مِنْهُ بِفَضْلٍ وَرَحْمَةٍ[7116]

5026: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی شخص کو اس کے اعمال جنت میں داخل نہیں کریں گے۔ انہوں (صحابہؓ) نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کو بھی نہیں؟ آپؐ نے فرمایا اور مجھے بھی نہیں سوائے اس کے کہ اللہ اپنی جناب سے فضل اور رحمت کے ساتھ مجھے ڈھانپ لے۔

5025: اطراف: مسلم کتاب صفة القيامة والجنة والنار باب لن يدخل احد الجنة بعمله ...5022 ، 5023 ، 5024 ، 5026 ، 5027 ، 5028، 5029

تخریج: بخاری كتاب الايمان باب احب الدين الى الله ادومه43 كتاب التهجد باب من نام عند السحر 1132 كتاب الصوم باب صوم شعبان 1970 باب هل يخص شيئاً من الايّام؟ 1987 كتاب الرقاق باب القصد والمداومة على العمل 6461 ، 6462 ، 6463، 6464 ، 6465 ، 6466 ، 6467 **نسائی** كتاب القبلة المصلى يكون بينه762 كتاب قيام الليل وتطوع النهار باب وقت القيام 1616 الاختلاف على عائشة ... 1642 باب صلاة القاعد فى النافلة 1652، 1654، 1655 كتاب الايمان وشرائعه احب الدين الى الله عزّ وجل 5035 **ابوداؤد** كتاب الصلاة باب مايؤمر به من القصد فى الصلاة 1368 ، 1370 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب المداومة على العمل 4237، 4238

5026 : اطراف : مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب لن يدخل احد الجنة بعمله ...5022 ، 5023 ، 5024 ، 5025 ، 5027 ، 5028، 5029

تخریج: بخاری كتاب الايمان باب احب الدين الى الله ادومه43 كتاب التهجد باب من نام عند السحر 1132 كتاب الصوم باب صوم شعبان 1970 باب هل يخص شيئًا من الايّام؟ 1987 كتاب الرقاق باب القصد والمداومة على العمل 6461 ، 6462 ، 6463، 6464 ، 6465 ، 6466 ، 6467 **نسائی** كتاب القبلة المصلى يكون بينه762 كتاب قيام الليل وتطوع النهار باب وقت القيام 1616 الاختلاف على عائشة ... 1642 باب صلاة القاعد فى النافلة 1652، 1654، 1655 كتاب الايمان وشرائعه احب الدين الى الله عزّ وجل 5035 **ابوداؤد** كتاب الصلاة باب مايؤمر به من القصد فى الصلاة 1368 ، 1370 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب المداومة على العمل 4237، 4238

5027{76}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَارِبُوا وَسَدِّدُوا وَاعْلَمُوا أَنَّهُ لَنْ يَنْجُوَ أَحَدٌ مِنْكُمْ بِعَمَلِهِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَنْتَ قَالَ وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللَّهُ بِرَحْمَةٍ مِنْهُ وَفَضْلٍ و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ بِالْإِسْنَادَيْنِ جَمِيعًا كَرِوَايَةِ ابْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ وَزَادَ وَأَبْشِرُوا [7120,7119,7118,7117]

5027: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک دوسرے کے قریب رہو اور سیدھا راستہ اختیار کرو اور جان لو کہ تم میں سے کوئی اپنے عمل سے نجات نہیں پائے گا۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپؐ بھی نہیں۔ آپؐ نے فرمایا اور میں بھی نہیں سوائے اس کے کہ اللہ کی رحمت اور اس کا فضل مجھے ڈھانپ لے۔

ایک روایت میں اَبْشِرُوا کے الفاظ زائد ہیں۔

5028{77}حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ

5028: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا تم میں سے کسی شخص کو اس کا عمل

5027: **اطراف** : **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب لن يدخل احد الجنة يعمله ...5022 ، 5023 ، 5024 ، 5025 ، 5026 ، 5028 ، 5029

تخريج: **بخاری** كتاب الايمان باب احب الدين الى الله ادومه43 كتاب التهجد باب من نام عند السحر 1132 كتاب الصوم باب صوم شعبان 1970 باب هل يخص شيئاً من الايّام؟ 1987 كتاب الرقاق باب القصد والمداومة على العمل 6461 ، 6462 ، 6463 ، 6464 ، 6465 ، 6466 ، 6467 **نسائی** كتاب القبلة المصلى يكون بينه762 كتاب قيام الليل وتطوع النهار باب وقت القيام 1616 الاختلاف على عائشة ... 1642 باب صلاة القاعد فى النافلة 1652، 1654، 1655 كتاب الايمان وشرائعه احب الدين الى الله عزّ وجل 5035 **ابو داؤد** كتاب الصلاة باب مايؤمر به من القصد فى الصلاة 1368 ، 1370 **ابن ماجه** كتاب الزهد باب المداومة على العمل 4237، 4238

5028: **اطراف** : **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب لن يدخل احد الجنة يعمله ...5022 ، 5023 ، 5024 ، 5025 ، 5026 ، 5027، 5029

عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يُدْخِلُ أَحَدًا مِنْكُمْ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ وَلَا يُجِيرُهُ مِنَ النَّارِ وَلَا أَنَا إِلَّا بِرَحْمَةٍ مِنَ اللَّهِ [7121]

جنت میں داخل نہیں کرتا اور نہ اسے آگ سے پناہ دے سکتا ہے اور مجھے بھی نہیں ہاں مگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت کے ساتھ۔

5029{78} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا كَانَتْ تَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَأَبْشِرُوا فَإِنَّهُ لَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ أَحَدًا عَمَلُهُ قَالُوا وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ

5029: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہؓ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سیدھا راستہ اختیار کرو، ایک دوسرے کے قریب ہو جاؤ اور بشارت دو کیونکہ کسی کو اس کا عمل جنت میں داخل نہیں کرتا۔ انہوں (صحابہؓ) نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ بھی نہیں۔ آپؐ نے فرمایا میں بھی نہیں۔ سوائے اس کے کہ اللہ اپنی جناب سے رحمت سے مجھے ڈھانپ لے۔ اور جان لو کہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پیارا عمل وہ ہے جو سب سے زیادہ باقاعدہ ہو اگرچہ وہ تھوڑا ہی ہو۔ ایک روایت میں اَبْشِرُوا کا لفظ نہیں ہے۔

تخریج: بخاری کتاب الایمان باب احب الدین الی اللہ ادومہ 43 کتاب التہجد باب من نام عند السحر 1132 کتاب الصوم باب صوم شعبان 1970 باب ھل یخص شیئاً من الایّام؟ 1987 کتاب الرقاق باب القصد والمداومة علی العمل 6461 ، 6462، 6463، 6464، 6465 ، 6466 ، 6467 **نسائی** کتاب القبلة المصلی یکون بینہ 762 کتاب قیام اللیل وتطوع النہار باب وقت القیام 1616 الاختلاف علی عائشة ... 1642 باب صلاة القاعد فی النافلة 1652، 1654، 1655 کتاب الایمان وشرائعہ احب الدین الی اللہ عزّ وجل 5035 **ابو داؤد** کتاب الصلاة باب مایؤمر بہ من القصد فی الصلاة 1368 ، 1370 **ابن ماجہ** کتاب الزہد باب المداومة علی العمل 4237، 4238

5029 : اطراف : مسلم کتاب صفة القیامة والجنة والنار باب لن یدخل احد الجنة یعملہ ...5022 ، 5023 ، 5024 ، 5025 ، 5026 ، 5027، 5029

تخریج: بخاری کتاب الایمان باب احب الدین الی اللہ ادومہ 43 کتاب التہجد باب من نام عند السحر 1132 کتاب الصوم باب صوم شعبان 1970 باب ھل یخص شیئًا من الایّام؟ 1987 کتاب الرقاق باب القصد والمداومة علی العمل 6461 ، 6462 ، 6463، 6464، 6465 ، 6466 ، 6467 **نسائی** کتاب القبلة المصلی یکون بینہ 762 کتاب قیام اللیل وتطوع النہار باب وقت القیام 1616 الاختلاف علی عائشة ... 1642 باب صلاة القاعد فی النافلة 1652، 1654، 1655 کتاب الایمان وشرائعہ احب الدین الی اللہ عزّ وجل 5035 **ابو داؤد** کتاب الصلاة باب مایؤمر بہ من القصد فی الصلاة 1368 ، 1370 **ابن ماجہ** کتاب الزہد باب المداومة علی العمل 4237، 4238

يَتَغَمَّدَنِيَ اللَّهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ وَاعْلَمُوا أَنَّ أَحَبَّ الْعَمَلِ إِلَى اللَّهِ أَدْوَمُهُ وَإِنْ قَلَّ و حَدَّثَنَاه حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُطَّلِبِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ وَأَبْشِرُوا [7123,7122]

[18]32: بَاب إِكْثَارِ الْأَعْمَالِ وَالِاجْتِهَادِ فِي الْعِبَادَةِ

کثرت سے اعمال کرنے اور عبادت میں جدو جہد کرنے کا بیان

5030{79} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى حَتَّى انْتَفَخَتْ قَدَمَاهُ فَقِيلَ لَهُ أَتَكَلَّفُ هَذَا وَقَدْ غَفَرَ اللَّهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ فَقَالَ أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا [7124]

5030: حضرت مغیرہؓ بن شعبہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے نماز ادا فرمائی یہانتک کہ آپؐ کے پاؤں سوج گئے۔ آپؐ سے عرض کیا گیا آپؐ اس قدر مشقت اٹھاتے ہیں؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو اگلے پچھلے گناہ سے مُنزّہ کیا ہوا ہے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

5031{80} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ سَمِعَ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ يَقُولُ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى وَرِمَتْ قَدَمَاهُ قَالُوا قَدْ غَفَرَ

5031: حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کہتے ہیں نبی ﷺ (نماز میں) کھڑے ہوئے یہانتک کہ آپؐ کے پاؤں سوج گئے۔ انہوں (صحابہؓ) نے عرض کیا اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو اگلے پچھلے گناہ سے منزّہ کیا ہوا ہے۔

5030 : اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب اكثار الاعمال والاجتهاد فى العبادة 5031 ، 5032
تخريج: بخارى كتاب التهجد باب قيام النبیّ ﷺ بالليل حتىّ ترم قدماه 1130 كتاب التفسير باب قوله ليغفر لک الله ما تقدم من ذنبک ... 4836 ، 4837 كتاب الرقاق باب الصبر عن محارم الله 6471 **ترمذى** كتاب الصلاة باب ماجاء فى الاجتهاد فى الصلاة 412 **نسائى** كتاب الليل وتطوع النهار الاختلاف على عائشة فى احياء الليل 1644 **ابن ماجه** كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها باب ماجاء فى طول القيام فى الصلوات 1419 ، 1420

5031: اطراف: مسلم كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب اكثار الاعمال والاجتهاد فى العبادة 5030 ، 5032
تخريج: بخارى كتاب التهجد باب قيام النبیّ ﷺ بالليل حتىّ ترم قدماه 1130 كتاب التفسير باب قوله ليغفر لک الله ما تقدم من ذنبک ... 4836 ، 4837 كتاب الرقاق باب الصبر عن محارم الله 6471 **ترمذى** كتاب الصلاة باب ماجاء فى الاجتهاد فى الصلاة 412 **نسائى** كتاب الليل وتطوع النهار الاختلاف على عائشة فى احياء الليل 1644 **ابن ماجه** كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها باب ماجاء فى طول القيام فى الصلوات 1419 ، 1420

اللَّهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا [7125]

آپؐ نے فرمایا کیا میں شکرگزار بندہ نہ بنوں؟

5032 {81} حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ وَهَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى قَامَ حَتَّى تَفَطَّرَ رِجْلَاهُ قَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَتَصْنَعُ هَذَا وَقَدْ غُفِرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا [7126]

5032: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں جب رسول اللہ ﷺ نماز پڑھتے تو (اتنا لمبا) قیام فرماتے کہ آپؐ کے پاؤں متورم ہو جاتے۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ (یہ) کرتے ہیں؟ جب کہ اللہ نے آپؐ کو اگلے پچھلے گناہوں سے منزّہ کیا ہوا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اے عائشہؓ! کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں؟

[19] 33: بَاب: الِاقْتِصَادُ فِي الْمَوْعِظَةِ

باب: وعظ ونصیحت میں میانہ روی

5033 {82} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ بَابِ عَبْدِ اللَّهِ نَنْتَظِرُهُ فَمَرَّ بِنَا يَزِيدُ بْنُ

5033: شقیق بیان کرتے ہیں ہم حضرت عبداللہؓ کے انتظار میں ان کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے۔ ہمارے پاس سے یزید بن معاویہ نخعی گزرے۔ ہم نے کہا ان (حضرت عبداللہؓ) کو ہماری موجودگی کی اطلاع دو۔ وہ ان کے پاس اندر گئے اور

5032: اطراف: **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب اكثار الاعمال والاجتهاد فى العبادة 5030، 5031

تخريج: **بخارى** كتاب التهجد باب قيام النبىّ ﷺ بالليل حتىّ ترم قدماه 1130 كتاب التفسير باب قوله ليغفر لک الله ما تقدم من ذنبک ... 4836، 4837 كتاب الرقاق باب الصبر عن محارم الله 6471 **ترمذى** كتاب الصلاة باب ماجاء فى الاجتهاد فى الصلاة 412 **نسائى** كتاب الليل وتطوع النهار الاختلاف على عائشة فى احياء الليل 1644 **ابن ماجه** كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها باب ماجاء فى طول القيام فى الصلوات 1419، 1420

5033: اطراف: **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب الاقتصاد فى الموعظة 5034

تخريج: **بخارى** كتاب العلم باب ماكان النبىّ ﷺ يتخولهم بالموعظة ... 68 باب من جعل لاهل العلم اياماً معلومة 70 كتاب الدعوات باب الموعظة ساعة بعد ساعة 6411 **ترمذى** كتاب الادب باب ماجاء فى الفصاحة والبيان 2855

مُعَاوِيَةَ النَّخَعِيُّ فَقُلْنَا أَعْلِمْهُ بِمَكَانِنَا فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ خَرَجَ عَلَيْنَا عَبْدُ اللَّهِ فَقَالَ إِنِّي أُخْبَرُ بِمَكَانِكُمْ فَمَا يَمْنَعُنِي أَنْ أَخْرُجَ إِلَيْكُمْ إِلَّا كَرَاهِيَةُ أَنْ أُمِلَّكُمْ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ ح و حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ مُسْهِرٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَا أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَزَادَ مِنْجَابٌ فِي رِوَايَتِهِ عَنِ ابْنِ مُسْهِرٍ قَالَ الْأَعْمَشُ وَحَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہؓ بلا توقف باہر ہمارے پاس آ گئے اور فرمایا کہ مجھے تمہاری موجودگی کی اطلاع کر دی گئی تھی مجھے تمہارے پاس باہر آنے سے اس بات نے روکا کہ میں نے پسند نہ کیا کہ تم اکتا جاؤ۔ یقیناً رسول اللہ ﷺ ہماری اکتاہٹ کے ڈر سے دنوں وعظ کے سلسلہ میں ہمارا خیال رکھا کرتے تھے۔

5034{83} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ شَقِيقٍ أَبِي وَائِلٍ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُذَكِّرُنَا كُلَّ يَوْمِ خَمِيسٍ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنَّا نُحِبُّ حَدِيثَكَ وَنَشْتَهِيهِ وَلَوَدِدْنَا أَنَّكَ حَدَّثْتَنَا

5034: شقیق بن ابی وائل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت عبداللہؓ ہمیں ہر جمعرات کے دن نصیحت فرمایا کرتے تھے۔ ایک شخص نے انہیں کہا اے ابوعبدالرحمٰن! ہمیں آپ کی باتیں اچھی لگتی ہیں اور ہمیں پسند آتی ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہر روز وعظ کیا کریں۔ اس پر حضرت عبداللہؓ نے فرمایا مجھے صرف تمہاری اکتاہٹ کا ڈر اس بات سے روکے

5034: اطراف: **مسلم** كتاب صفة القيامة والجنة والنار باب الاقتصاد فى الموعظ5033

تخریج : بخاری كتاب العلم باب ماكان النبیؐ يتخولهم بالموعظة ... 68 باب من جعل لاهل العلم اياماً معلومة 70 كتاب الدعوات باب الموعظة ساعة بعد ساعة 6411 **ترمذی** كتاب الادب باب ماجاء فى الفصاحة والبيان 2855

كُلَّ يَوْمٍ فَقَالَ مَا يَمْنَعُنِي أَنْ أُحَدِّثَكُمْ إِلَّا كَرَاهِيَةُ أَنْ أُمِلَّكُمْ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ كَرَاهِيَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا
[7129,7128,7127]

ہوئے ہے کہ تمہارے سامنے وعظ کروں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہماری اکتاہٹ کے ڈر سے دنوں وعظ کے سلسلہ میں ہمارا خیال رکھتے تھے۔

الحمدللہ چودھویں جلد مکمل ہوئی۔ پندرہویں جلد ”كتاب الجنة وصفة نعيمها واهلها“ سے شروع ہوگی۔ ان شاءاللہ

انڈیکس

آیات قرآنیہ

❁❁❁

اطراف الحدیث

❁❁❁

مضامین

ا،آ،ب،پ،ت

اللہ

رسول اللہ ﷺ کی دعائیں/ نیز دیکھئے دعا

استغفار

اسلام

اطاعت

انسان

بالام

بدکاری / بے حیائی

بنی آدم

بنی اسرائیل

پُلِ صراط

پیدائش/تخلیق

❁❁❁

اسماء

❁❁❁

مقامات

کتابیات

قرآن کریم

بخاری

ترمذی

نسائی

ابوداؤد

ابن ماجہ

معجم البلدان 46

لسان العرب 72

شرح امام نووی 192

❀❀❀